★★★پاک سرزمین کا نظام..... قوت اخوت عوام★★★

ABC CERTIFIED DAILY QUWAT LAHORE

روزنامہ قوت لاہور

چیف ایگزیکٹو حاجی ملک محمد وحید

چیف ایڈیٹر میاں محمد فیاض

جلد نمبر 16 | بدھ 15 محرم الحرام 1448ھ، یکم جولائی 2026ء، 17 اسد 2082ب (صفحات 8 قیمت 15 روپے) | شمارہ نمبر 192

Www.dailyquwat.com Email:dailyquwat786@gmail.com

امریکہ مفاہمتی یادداشت پر عمل کرے، ہم بھی ذمہ داریاں پوری کریں گے، ایران

ہمارا موقف ہے کہ فیصلہ سازی میں عقل و دانش اور انسانی وقار کو بنیاد بنایا جائے اور اقدامات کے وقت فیصلہ کن اور نڈر دفاع کا مظاہرہ کیا جائے

غیر معقول شیخی بگھارنے اور جبینا دد ھمکیوں کے مقابلے میں ہمارا مؤقف واضح ہے، مجموعی طور پر 12 ارب ڈالرز کی رقوم میں سے آدھی رقم واپس ایران منتقل کی جائے گی

تہران: (ویب ڈیسک) ایرانی صدر مسعود پزشکیان نے کہا ہے کہ مفاہمت دوطرفہ معاملہ ہے، امریکہ مفاہمتی یادداشت پر عمل کرے گا تو ہم بھی اپنی ذمہ داریوں کو پورا کریں گے۔ ایران کے صدر مسعود پزشکیان نے اپنے ایک بیان میں کہا کہ غیر معقول شیخی بگھارنے اور جبینا دد ھمکیوں کے مقابلے میں ہمارا موقف واضح ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہمارا موقف ہے کہ فیصلہ سازی میں عقل و دانش اور انسانی وقار کو بنیاد بنایا جا (بقیہ نمبر 3)

لاہور، کاہنہ میں سکول ایڈمنی کی چھت گرنے کے بعد ریسکیو اہلکار زخمیوں کو نکال رہے ہیں

صدر مملکت نے اوگرا ترمیمی آرڈیننس 2026ء پر دستخط کر دیئے

اسلام آباد (این این آئی) صدر مملکت آصف علی زرداری نے اوگرا ترمیمی آرڈیننس 2026ء پر دستخط کر دیئے۔ اعلامیے کے مطابق صدر نے اوگرا آرڈیننس 2002ء کی دفعات 2 اور 3 میں ترمیم سے متعلق آرڈیننس جاری کر دیا۔ اعلامیے میں کہا گیا

پاکستان اپنے حصے کے پانی پر کوئی سمجھوتہ نہیں کرے گا، مصدق ملک

بنگلہ دیش کے کسان زراعت اور ماہی گیری کے لیے پانی کے بہاؤ پر انحصار کرتے ہیں

کسی کو علاقائی اور عالمی امن یرغمال بنانے کی اجازت نہیں دی جا سکتی، وفاقی وزیر

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر صمد ملک نے کہا ہے کہ سندھ طاس معاہدہ دنیا کے مضبوط ترین معاہدوں میں سے ایک ہے، کسی کو علاقائی اور عالمی امن یرغمال بنانے کی اجازت نہیں دی جا سکتی، پاکستان نے تاہم کن سیلابوں کا سامنا کیا، یہ ماحولیاتی مسئلہ نہیں (بقیہ نمبر 4)

اسلام آباد، وزیراعظم شہباز شریف اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

سندھ طاس معاہدے پر 24 کروڑ زندگیوں کا انحصار، پانی ہر صورت تحفظ کیا جائے گا، پاکستان

1960 کا سندھ طاس معاہدہ بین الاقوامی تعلقات میں ایک منفرد مقام رکھتا ہے، پاکستان نے ہمیشہ پُرامن روابط، تعمیری مذاکرات اور معاہدے پر مخلصانہ عملدرآمد کے عزم کا مظاہرہ کیا

پانی روکنے کی کوشش کی گئی تو قومی قیادت مؤثر جواب دینے کیلئے پرعزم ہے، پاکستان ہر صورت سندھ طاس معاہدے کے تقدس کا تحفظ کرے گا

اسلام آباد (نیٹ نیوز) حکومتِ پاکستان نے سندھ طاس معاہدے پر بین الاقوامی ثالثی کا مطالبہ کیا ہے جس میں دوٹوک مؤقف اپنایا گیا ہے اس پر 24 کروڑ افراد کی زندگیوں کا انحصار ہے، پانی کے حق پر کوئی سمجھوتہ (بقیہ نمبر 5)

پاکستان میں جمہوریہ ترکی کے سفیر ڈاکٹر عرفان نذیر گلو، (TIKA) کی کنٹری ہیڈ صالحہ ٹونا مفاہمت کی یادداشت (MoU) پر دستخط کا تبادلہ کر رہے ہیں

پاکستان کیلئے پانی محض ایک قدرتی وسیلہ نہیں بلکہ بقاء کا معاملہ ہے، عطاء اللہ تارڑ

ہم ایک معاہدے پر نہیں بلکہ 24 کروڑ عوام کی زندگی کا سرگرم پہرا کر رہے ہیں، وزیر اطلاعات کا سینیٹ سے خطاب

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر اطلاعات و نشریات عطاء اللہ تارڑ نے کہا ہے کہ پاکستان کیلئے پانی محض ایک قدرتی وسیلہ نہیں بلکہ بقاء کا معاملہ ہے۔ سندھ (بقیہ نمبر 10)

سٹیٹ بینک بغیر قانونی اجازت کا ونٹس بلاک کرنے سے روک دیا

غیر ارادی اور احتیاطی پابندیوں سے بھی اکاؤنٹ ہولڈرز کو نقصان نہ پہنچایا جائے۔ سٹیٹ بینک کے حکم کے مطابق یقینی بنایا جائے

جسٹس ارباب محمد طاہر نے سٹیٹ بینک کو اندرونی میکانزم طے کرنے اور ہدایات جاری کرنے کی ہدایت کی تھی

کراچی (این این آئی) سٹیٹ بینک آف پاکستان نے بغیر قانونی حیثیت، مجاز اتھارٹی کی منظوری اور تصدیق کے اکاؤنٹس بلاک کرنے سے روک دیا ہے۔ عدالتی حکم پر سٹیٹ بینک نے ملک بھر کے بینکوں کو یہ ہدایت نامہ جاری کر دیا جس میں حکم دیا گیا ہے کہ غیر ارادی اور احتیاطی پابندیوں سے بھی اکاؤنٹ ہولڈرز کو نقصان نہ پہنچایا جائے۔ سٹیٹ بینک کے حکم کے مطابق یقینی بنایا جائے کسی بھی بینک اکاؤنٹ پر ڈیبٹ (بقیہ نمبر 6)

پارلیمانی نظام مستحکم اور ترقی یافتہ پاکستان کی ضمانت، مریم نواز شریف

گورننس کی بالادستی، قانون کی حکمرانی اور عوامی اعتماد کیلئے طرکوم کرنے کی ضرورت، پارلیمانی نظام کے عالمی دن پر جمہوری قوتوں کو سراہا کیا

پارلیمانی نظام کے عالمی دن کا مقصد عوامی حقوق کے تحفظ اور پارلیمانی روایات کی پاسداری کے عزم کو نئی بلند کرنا ہے، وزیراعلیٰ پنجاب کا پیغام

لاہور (ویب ڈیسک) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے پارلیمانی نظام کے عالمی دن کے موقع پر تمام جمہوری قوتوں کو سراہا کر بلا دیتے ہوئے آئین کی بالادتی، قانون کی (بقیہ نمبر 12)

مفاہمت دوطرفہ معاملہ ہے، ایرانی صدر مسعود پزشکیان

غیر معقول شیخی بگھارنے اور بے بنیاد دھمکیوں کے مقابلے میں ہمارا موقف واضح ہے، بیان

تہران (این این آئی) ایرانی صدر مسعود پزشکیان نے کہا ہے کہ مفاہمت دوطرفہ معاملہ ہے، امریکا مفاہمتی یادداشت پر عمل کرے گا تو ہم بھی اپنی ذمہ داریوں کو پورا کر (بقیہ نمبر 13)

اسلام آباد، جمعیت علماء اسلام کے سربراہ مولانا فضل الرحمان سے چیئرمین پاکستان پیپلز پارٹی بلاول بھٹو زرداری ملاقات کر رہے ہیں

افغانستان، دوطرفہ یک حادثات میں 2 افراد جاں بحق، 12 زخمی

کابل (این این آئی) افغانستان کے مختلف علاقوں میں دو الگ الگ ٹریفک حادثات میں 2 افراد جاں بحق ا (بقیہ نمبر 20)

معرکہ حق میں پاکستان کی عسکری اور سفارتی برتری نمایاں، برطانوی رپورٹ

کرتی ملی پاکستان کی عسکری برتری نمایاں رہی جس میں متعدد بھارتی طیارے شامل، رافیل جنہوں نے کام نہ کی معرکہ حق میں بھارت کے بھاری نقصانات کی تردید کی

پاکستان پلے بک ایک آزاد تحقیقی اور تجزیاتی ادارہ ہے جو جنوبی ایشیا کی جیو پولیٹکس، علاقائی سلامتی اور سٹریٹجک کیپیبلٹیز کا احاطہ کرتا ہے

راولپنڈی (این این آئی) عالمی ذرائع ابلاغ اور تحقیقی ادارے معرکہ حق میں پاکستان کی عسکری برتری اور بھارت کی بدترین شکست کا بار بار اعتراف کر چکے ہیں۔ برطانوی اشاعتی ادارے میں پاکستان پلے بک کی تحقیقاتی رپورٹ نے معرکہ حق میں پاکستان کی فیصلہ کن (بقیہ نمبر 7)

اسلام آباد: امیر جماعت اسلامی پاکستان حافظ نعیم الرحمٰن سے ایران کے سفیر رضا امیری مقدم ملاقات کر رہے ہیں

لیبیا میں اتحادی بحالی کی کوششوں کی حمایت کریں گے، امریکا

واشنگٹن (این این آئی) امریکا نے کہا ہے کہ وہ لیبیا میں اتحاد کی بحالی کی (بقیہ نمبر 8)

وفاقی وزیر اطلاعات نے پاک افغان سرحد پر 29 دہشت گردوں کی ہلاکت کی تصدیق کر دی

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر اطلاعات عطا تارڑ نے کہا ہے کہ ملک میں دہشت گردی کے حالیہ واقعات (بقیہ نمبر 9)

اسرائیل کے اتحادی منصوبے آزاد فلسطینی ریاست کی راہ میں بڑی رکاوٹ ہیں، پاکستان

مقبوضہ فلسطینی علاقوں میں حالات مسلسل تشویشناک رخ اختیار کر رہے ہیں جہاں بین الاقوامی قوانین اور انسانی حقوق کی خلاف ورزیاں بدستور جاری ہیں

مغربی کنارے میں اسرائیلی آبادکاری کی رفتار میں مسلسل اضافہ ہو رہا ہے، جبکہ اسرائیلی آبادکاروں کی جانب سے فلسطینیوں پر تشدد کے واقعات بھی ریکارڈ سطح تک پہنچ چکے ہیں

نیویارک (نیٹ نیوز) اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل میں پاکستان نے ایک بار پھر فلسطینی عوام کے حق میں واضح مؤقف اختیار کرتے ہوئے اسرائیل کے متنازع ای ون آبادکاری منصوبے کو مسترد کرتے ہوئے اسے مستقل کی فلسطینی ریاست کے بنیادی وجود کے لیے سنگین خطرہ قرار دیا ہے۔ جنگ بندی کے معاہدے پر مکمل عمل درآمد یقینی بنائیں اور حقیقی و پائیدار جنگ (بقیہ نمبر 17)

لاہور: صوبائی وزیر تعلیمی سکھ گورودوارہ پربندھک کمیٹی سردار رمیش سنگھ اروڑا و سیکرٹری متروکہ وقف املاک بورڈ ثامر مشتاق جہارلجہ سکھ یاتریوں کو واہگہ بیکرشن فس کے باہر الوداع کر رہے ہیں

وزیراعظم شہباز شریف آیت اللہ خامنہ ای کی نماز جنازہ میں شرکت کریں گے

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم شہباز شریف جولائی کے پہلے ہفتے میں ایران کا دورہ کریں گے۔ ذرائع کے (بقیہ نمبر 18)

روس کے یوکرین میں میزائل اور ڈرون حملے، 8 افراد ہلاک، متعدد زخمی

روس نے سومی، اوڈیسا، خیرسون اور خارکیف کے علاقوں کو بھی نشانہ بنایا، یوکرینی صدر

روسی صدر ولادیمیر پیوٹن کے مطابق یوکرین کو ان چار علاقوں سے افواج واپس بلانا ہوں گی کیف (این این آئی) یوکرین میں روس کے میزائل اور ڈرون حملوں میں کم از کم 8 افراد ہلاک اور متعدد زخمی ہوگئے۔ یوکر (بقیہ نمبر 19)

چین کا اسرائیل سمیت تمام فریقین سے غزہ جنگ بندی پر مکمل عمل درآمد کا مطالبہ

اسرائیل، بطور قابض طاقت، بین الاقوامی انسانی قانون کے تحت اپنی ذمہ داریاں پوری کرے، چینی مندوب کا خطاب

اقوام متحدہ (این این آئی) چین نے تمام فریقین خصوصاً اسرائیل پر زور دیا ہے کہ وہ غزہ میں جنگ بندی کے معاہدے پر مکمل عمل درآمد یقینی بنائیں اور حقیقی و پائیدار جنگ (بقیہ نمبر 17)

ویزا ویلا کے زلزلے میں 10 ہزار اموات کا خدشہ ہے، اقوام متحدہ

گزشتہ ہفتے کے دو زلزلوں سے ڈھائی ہزار عمارتیں متاثر اور منہدم ہوئیں، یو این عہدیدار ہلاکت خیز زلزلے کے ایک سو چھ گھنٹوں بعد 21 سالہ شخص زندہ نکال لیا گیا

نیویارک (این این آئی) اقوام متحدہ کے ایمرجنسی ریسکیو کوآرڈینیٹر نے ویزا ویلا میں زلزلے سے 10 ہزار اموات کا خدشہ ظاہر کیا ہے۔ غیر ملکی خبر ایجنسی کے مطابق کاراکس میں موجود اقوام متحدہ عہدیدار نے میڈیا سے گفتگو میں کہا کہ گزشتہ ہفتے کے دو زلزلوں سے ڈھائی ہزار عمارتیں متاثر (بقیہ نمبر 3)

مریم نواز کا پنجاب میں 5000 الیکٹرک بسیں چلانے اور طلبا کو ای بائیکس دینے کا اعلان

پنجاب نے الیکٹرک بسوں کی مینوفیکچرنگ انڈسٹری کے قیام کا سنگ میل بھی عبور کر لیا، اسمبلنگ پلانٹ پنجاب میں الیکٹرک بسوں کی اسمبلنگ شروع کر چکا

نوجوان طلبہ کے لئے آسان ترین اقساط پر ای بائیکس متعارف کرانے کا فیصلہ کیا ہے، طلبہ کو ایک سال میں ایک لاکھ ای بائیکس دی جائیں گی، پنجاب حکومت ہر ای بائیک پر 7 ہزار روپے کی سبسڈی دے گی

لاہور (این این آئی) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے پنجاب کے نوجوان طلبہ کیلئے آسان اقساط پر ای بائیکس دینے کا فیصلہ کیا ہے۔ طلبہ کو ایک سال میں ایک لاکھ ای بائیکس دی جائیں گی، پنجاب حکومت ہر ای بائیک پر 7 ہزار روپے کی سبسڈی دے گی۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کی زیر صدارت ٹرانسپورٹ و داس ٹرانسٹ ڈیپارٹمنٹ کا اجلاس ہوا۔ اجلاس میں بتایا گیا کہ پنجاب نے الیکٹرک بسوں کی مینوفیکچرنگ انڈسٹری کے قیام کا سنگ میل بھی عبور کر لیا، اسمبلنگ (بقیہ نمبر 2)

کانگریس میں اسرائیل مخالف بڑا قدم، اربوں ڈالر کی فوجی امداد روکنے کی تجویز پیش

اسرائیلی حکومت نے غزہ میں جنگی جرائم کا ارتکاب کیا، ڈیموکریٹ رکن کانگریس گریگ کاسر

واشنگٹن (این این آئی) امریکی کانگریس میں اسرائیل کو دی جانے والی سالانہ 3.3 ارب ڈالر کی فوجی امداد روکنے کی تجویز پیش کی گئی ہے۔ غیر ملکی خبررساں ادارے کے (بقیہ نمبر 3)

لاہور: خاتون رکن پنجاب اسمبلی اجلاس میں شرکت کیلئے آ رہی ہیں

حج 2027 کیلئے شہریوں کی آن لائن رجسٹریشن کے بعد واجبات کی آن لائن ادائیگی کا نظام بھی تیار کر لیا گیا ہے، وزارت مذہبی امور

اسلام آباد (این این آئی) وزارت مذہبی امور نے کہا ہے کہ وزیراعظم محمد شہباز شریف کے ہدایت پر حج آپریشن کو مکمل (بقیہ نمبر 24)

پیرو کے صدارتی انتخابات میں کیکو فوجیموری کامیاب، 28 جولائی کو حلف اٹھائیں گی

لیما (این این آئی) پیرو میں صدارتی انتخابات کے دوسرے مرحلے میں دائیں بازو کی جماعت پاپولر فورس کی (بقیہ نمبر 25)

عراق کا برکس کا رکن بننے کی خواہش کا اظہار

ماسکو (این این آئی) عراق نے کہا ہے کہ وہ مستقبل میں برکس کا رکن بننے کا خواہش مند ہے۔ روس میں عراق کے سفیر (بقیہ نمبر 26)

خیبر پختونخوا میں 15 دہشت گردوں کی نئی جاری فہرست

سپین شاہ، اعجاز اور دیگر مطلوب افراد کے لیے 50، 50 لاکھ روپے انعام مقرر کیا گیا ہے

محکمہ داخلہ کے مطابق قاری احسان اور شیر عالم کے بارے میں معلومات فراہم کرنے پر 60،60 لاکھ روپے انعام دیا جائیگا

پشاور (این این آئی) خیبر پختونخوا کے محکمہ داخلہ نے ضلع دیر میں مطلوب 15 دہشت گردوں کی نئی فہرست جاری کرتے ہوئے ان کی گرفتاری میں مدد گار معلومات فراہم کرنے والوں کے لیے نقد انعامات کا اعلان کیا ہے۔ اعلامیے کے مطابق مطلوب دہشت گرد خوشدید کے سر کی قیمت سب سے زیادہ ایک کروڑ 20 لاکھ روپے مقرر کی گئی ہے جبکہ شیر امین عرف کاکا کی گرفتاری میں معاونت کرنے والے کیلئے ایک کروڑ روپے انعام رکھا گیا ہے۔ محکمہ داخلہ کے مطابق قاری احسان اور شیر عالم کے بارے میں معلومات فراہم کرنے پر 60،60 لاکھ روپے انعام دیا جائیگا (بقیہ نمبر 30)

لاہور: اپیکٹیر پنجاب اسمبلی ملک احمد خان بجٹ اجلاس کے بعد ایوان سے باہر آ رہے ہیں

ڈی سی لاہور کا امتحانی مرکز کا دورہ، انتظامات کا جائزہ

انٹرمیڈیٹ امتحانات میں شفافیت پر کوئی سمجھوتہ نہیں ہوگا، محمد علی اعجاز

نقل میں سہولت کاری اور جعلی امیدواروں کے خلاف کارروائی کا حکم

لاہور (نیڈ این این) ڈپٹی کمشنر لاہور کیپٹن (ر) محمد علی اعجاز نے باغبانپورہ میں واقع گورنمنٹ ہائیر سیکنڈری اسکول کا دورہ کر کے انٹرمیڈیٹ امتحانات کے انتظامات، سیکورٹی پروٹوکول اور سہولتوں کا جائزہ لیا۔ انہوں نے کہا کہ امیدواروں کو پرسکون اور نقل سے (بقیہ نمبر 29)

وزیراعظم بن کر اختیار علاقوں کو منتقل کروں گا، اینڈی برنہم

پارلیمنٹ اور وائیٹ ہال میں بنیادی اصلاحات کی ضرورت ہے، خطاب نمبر 10 نارتھ، جنگ عظیم کے بعد کونسل کے گھر بنانے کے سب سے بڑے پروگرام کی نگرانی کرے گا

مانچسٹر (این این آئی) اینڈی برنہم نے اعلان کیا ہے کہ وزیراعظم بن کر اختیار علاقوں کو منتقل کروں گا۔ برطانیہ کا وزیراعظم بننے کی مہم شروع کرنے کے بعد لیبر رہنما اینڈی برنہم نے مانچسٹر میں پالیسی خطاب میں کہا کہ پارلیمنٹ اور وائیٹ ہال میں بنیادی اصلاحات (بقیہ نمبر 32)

چیف جسٹس لاہور ہائیکورٹ جسٹس عالیہ نیلم کو ایڈیشنل رجسٹرار آئی ٹی جمال احمد بریفنگ دے رہے ہیں

ویتنام میں سوشل میڈیا پر جعلی اور گمراہ کن معلومات پھیلانے والوں کے لیے بھاری جرمانوں کا اعلان

ہنوئی (این این آئی) ویتنام نے یکم جولائی سے سوشل میڈیا پر جعلی، گمراہ کن، سنسنی خیز اور بلیک آمیز معلومات پھیلانے (بقیہ نمبر 31)

چند روز میں ایک سے کسی بھی سطح پر مذاکرات طے نہیں، ایران

دورے کا مقصد مذاکرات نہیں بلکہ مفاہمتی یادداشت کی شقوں پر عمل درآمد کا جائزہ لینا اور اس پر پیشرفت ہے

امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ ایران کے ساتھ امن عمل کو آگے بڑھانے کے خواہاں ہیں

تہران (نیٹ نیوز) ایران نے کہا ہے کہ آئندہ چند روز میں امریکہ کے ساتھ کسی بھی سطح پر مذاکرات طے نہیں۔ ترجمان ایرانی وزارت خارجہ اسماعیل بقائی نے کہا کہ امریکہ سے مذاکرات کی کوئی تاریخ طے نہیں ہوئی ہے۔ ترجمان ایرانی وزارت خارجہ اسماعیل بقائی نے کہا کہ قطر جانے والے وفد دارالایرانی ٹیم دوحہ ضرور جائے گی، دورے کا مقصد مذاکرات نہیں بلکہ مفاہمتی یادداشت کی شقوں پر عمل درآمد کا جائزہ لینا اور اس پر پیشرفت ہے۔ اسماعیل بقائی نے مزید کہا کہ قطر جانے والے امریکی ثالثوں کے دورے کے ایرانی وفد کے دورے سے تعلق نہیں۔ قبل ازیں وائٹ ہاؤس نے اعلان کیا کہ امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ ایران کے ساتھ امن عمل کو آگے (بقیہ نمبر 27)

مہاراجہ رنجیت سنگھ برسی تقریبات اختتام پذیر، سکھ یاتری روانہ

بھارت سے آئے یاتری دس روزہ مذہبی دورہ مکمل کر کے واپس لوٹ گئے

پاکستان میں مذہبی آزادی، مہمان نوازی اور انتظامات مثالی قرار دیے گئے

لاہور (نیڈ این این) متروکہ وقف املاک بورڈ (ای ٹی پی بی) کے زیر اہتمام مہاراجہ رنجیت سنگھ کی 187 ویں برسی کی مذہبی تقریبات اختتام پذیر ہوگئیں جبکہ بھارت سے آئے سکھ یاتری دس روزہ دورہ مکمل کر کے اپنے وطن واپس روانہ ہوگئے۔ واہگہ بارڈر پر سیکرٹری متروکہ وقف املاک بورڈ ثامر مشتاق نے پرجوان پاکستان سکھ گوردوارہ پربندھک کمیٹی سردار رمیش سنگھ اروڑہ اور کمیٹی کے اراکین کے ہمراہ یاتریوں کو الوداع کیا۔ ڈپٹی سیکرٹری شرائنز فراز عباس (بقیہ نمبر 28)

روزنامہ قوت لاہور
سٹی نیوز

چینی پیپلز لبریشن آرمی کا ہوانگ یان ڈاؤ کے اطراف میں جنگی تیاری کے گشت

بیجنگ (شہوا) چینی پیپلز لبریشن آرمی (پی ایل اے) کی سدرن تھیٹر کمانڈ (ایس ٹی سی) کے بحری اور فضائی یونٹس نے چین کے ہوانگ یان ڈاؤ اور ارائیں کے گرد وفواح کے سمندری اور فضائی علاقے میں جنگی تیاری کے گشت کئے۔ ایس ٹی سی کے مطابق ہوانگ یان ڈاؤ چین کے علاقے کا ایک لازمی حصہ ہے اور اس نے جون سے اس کے اطراف میں اپنی جنگی تیاری کے گشت کو مزید مضبوط بنایا ہے۔ بیان میں کہا گیا کہ "اس نوعیت کے گشت مختلف اقسام کی خلاف ورزیوں اور اشتعال انگیز اقدامات کا موثر جواب ہیں۔" بیان میں مزید کہا گیا ہے کہ "ان کا مقصد چین کی علاقائی خودمختاری کا پختہ دفاع کرنا اور بحیرہ جنوبی چین میں امن اور استحکام کو برقرار رکھنا ہے۔"

بنگلہ دیشی نوجوان چین کے دارالحکومت بیجنگ میں عظیم دیوار کے موتیان یوحصے کا دورہ کر رہے ہیں۔ (شہوا)

چین میں سال کے پہلے 5 ماہ کے دوران بجلی کے تجارتی لین دین کا حجم 8.24 فیصد بڑھ گیا

بیجنگ (شہوا) چین کی قومی توانائی انتظامیہ نے بتایا ہے کہ 2026 کے پہلے 5 ماہ کے دوران ملک میں بجلی کے مجموعی تجارتی لین دین کا حجم 3 کھرب 6 ہوارب گھنٹے آور سے تجاوز کر گیا جو گزشتہ سال کی اسی مدت کے مقابلے میں 8.24 فیصد زائد ہے۔ اعداد و شمار سے ظاہر ہوتا ہے کہ اس عرصے کے دوران صوبوں کے اندر بجلی کی تجارت کا حجم گزشتہ سال کی نسبت 5.28 فیصد بڑھ جبکہ بین الصوبائی اور بین الاقلیمی بجلی کے تجارتی لین دین میں 2.12 فیصد اضافہ ریکارڈ کیا گیا۔ اعداد و شمار کے مطابق جنوری سے مئی کے دوران ماحول دوست بجلی کی تجارت کا حجم 4,136.4 ارب گھنٹے آور تک پہنچ گیا، جو گزشتہ سال کی نسبت 9.3 فیصد زائد ہے۔ صرف مئی کے مہینے میں ملک بھر میں بجلی کے تجارتی لین دین کا حجم 826.8 ارب گھنٹے آور رہا، جو گزشتہ سال کی نسبت 6.23 فیصد اضافے کو ظاہر کرتا ہے۔

چین کے دوبارہ قابل استعمال راکٹ ڈھوچوے-3 نے لانچ سے قبل انجن کا آزمائشی تجربہ مکمل کر لیا

بیجنگ (شہوا) چین کے دوبارہ قابل استعمال کیریر راکٹ ڈھوچوے-3 نے چین کے شمال مغربی علاقے میں لانچ کا آزمائشی تجربہ کامیابی سے مکمل کر لیا، جس سے آسمانی طلائے مشتر کے لیے مضبوط بنیاد فراہم ہوئی ہے۔ راکٹ تیار کرنے والی کمپنی لینڈ سپیس نے بتایا کہ زمین پر انجن کا تجربہ لانچ سے قبل ایک اہم مرحلہ ہوتا ہے، جس میں راکٹ کو زمین پر مضبوطی سے باندھ کر اس کے انجن چلائے جاتے ہیں تاکہ ان کی کارکردگی اور حفاظتی معیار کی جانچ کی جا سکے۔ بیجنگ میں قائم لانچ سائز کمپنی کے مطابق یہ تجربہ ڈونگ فینگ کسمک سپیس اڈو ینگ پائک زون میں انجام دیا گیا، جہاں راکٹ کے نظام، لانچ سائٹ کے نظام اور دونوں کے باہمی مطابقت کا جامع جائزہ لیا گیا۔ لینڈ سپیس نے بتایا کہ تجربے کے دوران تمام نظام معمول کے مطابق کام کرتے رہے، جبکہ حاصل ہونے والے اعداد و شمار اور درج کردہ قوتوں کے مطابق رہے جس سے نظام کی درستگی اور مختلف حصوں کے درمیان ہم آہنگی کی تصدیق ہوئی۔ کمپنی نے مزید بتایا کہ لانچ سے قبل زمینی تسلیح پر کی جانے والی تمام تصدیقی کارروائیاں مکمل ہو چکی ہیں۔ اگلے مرحلے میں آزمائشی ٹیم منصوبے کے مطابق راکٹ کی لانچ کی تیاریاں کرے گی تاکہ پرواز کے مشن کے لیے مکمل تیاری یقینی بنائی جا سکے۔ ڈھوچوے-3 چین میں تیار کیا گیا ایک دوبارہ قابل استعمال لانچ وہیکل ہے، جو مائع آکسیجن اور مٹی تیل سے چلتا ہے۔ اسے بڑے پیمانے پر سٹلائٹ نیٹ ورک مشتر کے لئے تیار کیا گیا ہے۔ راکٹ کے پہلے مرحلے میں ری ایکشن کنٹرول سسٹم، گرڈ فنر اور لینڈنگ لیگز نصب ہیں، جن کی بدولت یہ پرواز کے بعد عمودی انداز میں زمین پر اتر کر دوبارہ استعمال کے قابل بن جاتا ہے۔

چوری ڈکیتی کی درجنوں وارداتیں

لاہور (کرائم رپورٹر) شہر میں چوری اور ڈکیتی کی وارداتوں کے دوران شہریوں سے لاکھوں روپے مالیتی زیورات موبائل فون موٹر سائیکلوں اور گاڑیوں سمیت دیگر سامان لوٹ لیا گیا۔ اطلاعات کے مطابق ہائیکورٹ کالونی میں حفیظ سے 3 لاکھ 55 ہزار روپے اور موبائل فون☒ اسلام پورہ میں عامر سے 3 لاکھ 35 ہزار روپے اور موبائل فون☒ نصیر آباد میں شہاب الدین سے 3 لاکھ 25 ہزار روپے اور موبائل فون، بنیامین سے کرامت سے 3 لاکھ 10 ہزار روپے اور موبائل فون، نواب ٹاؤن میں اکرم سے 3 لاکھ روپے اور موبائل فون اور دیگر سامان چھین لیا گیا۔ شاہدرہ اور سنٹرکلہ سے گاڑیاں چنگ نشتر کالونی پاری اڈا اور فیصل ٹاؤن سے موٹر سائیکلیں چوری ہوگئیں۔

پنجاب یونیورسٹی کے طلبہ ہاسٹل کی بندش کی وجہ سے بے یارومددگار ہیں: ناظم احسن فرید

یونیورسٹی انتظامیہ نے اس سال سمر سمسٹر کے انعقاد پر پابندی لگادی ہے اور سمر سمسٹر نہ ہونے سے طلبہ کا ایک سال ضائع ہوگا

لاہور (شہزوز میاں سے) اسلامی جمعیت طلبہ پنجاب یونیورسٹی کے ناظم احسن فرید نے لاہور پریس کلب میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے کہا پنجاب یونیورسٹی پیچیدہ بڑھتے ہوئے مسائل سے انتظام و عالی طالعلمی کا شکار ہے۔ پنجاب یونیورسٹی کے طلبہ رہائش کی وجہ سے بے یارومددگار ہیں اور پرائیوٹ رہائش رکھنے پر مجبور ہیں۔ ناظم پنجاب یونیورسٹی مزید کہا کہ یونیورسٹی انتظامیہ طلبہ اور طلبہ تنظیموں کو کام کرنے سے روک رہی ہے کہا کہ پنجاب یونیورسٹی انتظامیہ سمر سمسٹر نہ ہونے سے طلبہ کا ایک سال ضائع ہو رہا ہے۔ پنجاب یونیورسٹی کے طلبہ ہاسٹل بندش کی وجہ سے بے یارومددگار ہیں اور پرائیوٹ رہائش رکھنے پر مجبور ہیں۔ ناظم پنجاب یونیورسٹی مزید کہا کہ یونیورسٹی انتظامیہ کو سمر سمسٹر کیا زیادہ تر طلبہ انٹرنیٹ کے لیے سمر کی چھٹیاں یہاں گزارتے ہیں اور انتظامیہ کی بندش کی وجہ سے طلبہ انٹرنیٹ نہیں کر پا رہے انہوں نے مزید کہا کہ پنجاب یونیورسٹی کے اپنے ہاسٹل میں مدعا رکھنا تھی لیکن انتظامیہ نے طلبہ کو دکن فیصلے کی وجہ سے طلبہ ماہستیل بھی داخلہ نہیں دیا جا رہا ہے طلبہ سمر کی چھٹیوں میں مختلف مقابلے کے امتحانات کی تیاری کرتے تھے احسن فرید نے مزید کہا کہ آج یونیورسٹی کے فیصلے کے بعد طلبہ پرائیوٹ ہاسٹل میں رہنے کے لیے مجبور ہو گئے ہیں۔ ناظم جامعہ نے کہا کہ اس سال یونیورسٹی کی کیا اس کی رہائشگاہ بھی تشویش ناک رہی ہے۔ اس سال پوائنٹس درجے کیو ایس رینکنگ میں جامعہ پنجاب کے ہم ہوئی یونیورسٹی کی رینکنگ کے ہم ہوئی یونیورسٹی کی بڑی وجہ انتظامیہ کے طلبہ دکن فیصلے ہیں۔ کوئی یونیورسٹی انتظامیہ سے تنزلی کی وجہ پوچھے والا نہیں۔ احسن فرید نے مزید کہا کہ پنجاب یونیورسٹی کے اندر طلبہ پر جھوٹی کیس لگائے دی ہے۔ پنجاب یونیورسٹی کو انتظامیہ جیسے کمانے کے ذریعہ بنا رہے ہیں۔ حالیہ ہونے والے نیشنل میں بھی بچوں سے لاکھوں کمائے گئے۔ ہم اعلیٰ احکام سے مطالبہ کرتے ہیں کہ گیٹ کے پتیوں کا آڈٹ ہونا چاہیے۔ چھٹیوں میں ہاسٹل میں پنجاب یونیورسٹی کے داخلوں میں جیسی فیصد کی آئی ہے۔ جب طلبہ اپنی آواز بلند کرتے ہیں تو انتظامیہ طلبہ کے داخلے خارج کر دیتی ہے۔ وزیر اعلیٰ پنجاب اور چیئرمین پی ایچ ای سے یونیورسٹی کا غیر جانبدار آڈٹ کا مطالبہ کرتے ہیں۔ احسن فرید نے یونیورسٹیوں انتظامیہ کو الٹی میم دیا کہ ایک ہفتے میں اگر یونیورسٹی انتظامیہ نے طلبہ کے مسائل حل نہ کیے تو ہم احتجاج پر لگائی پابندیوں سے پنجاب یونیورسٹی کو دیے ہے طلبہ ماہستیل بھی داخلہ دکن چکا ہے طلبہ سمر کی چھٹیوں میں مختلف مقابلے کے امتحانات کی تیاری کرتے تھے احسن فرید نے اعلیٰ احکام سے مطالبہ کرتے ہیں کہ یونیورسٹی انتظامیہ کو سمر سمسٹر لگانے کا حکم جاری کرے۔ یونیورسٹی انتظامیہ نے اس سال سمر سمسٹر پر پابندی لگادی ہے۔ احسن فرید نے کہا کہ اس سال پوائنٹس درجے کیو ایس رینکنگ میں جامعہ پنجاب کے ہم ہوئی یونیورسٹی کی کیا اس کی رینکنگ بھی تشویش ناک رہی ہے۔ اس سال پوائنٹس درجے کیو ایس رینکنگ میں جامعہ پنجاب کے ہم ہوئی یونیورسٹی کی بڑی وجہ انتظامیہ کے طلبہ دکن فیصلے ہیں۔ کوئی یونیورسٹی انتظامیہ سے تنزلی کی وجہ پوچھنے والا نہیں۔ احسن فرید نے مزید کہا کہ پنجاب یونیورسٹی کے اندر طلبہ پر جھوٹی کیس لگائے دی ہے۔ پنجاب یونیورسٹی کو انتظامیہ جیسے کمانے کے ذریعہ بنا رہے ہیں۔ حالیہ ہونے والے نیشنل میں بھی بچوں سے لاکھوں کمائے گئے۔ ہم اعلیٰ احکام سے مطالبہ کرتے ہیں کہ گیٹ کے پتیوں کا آڈٹ ہونا چاہیے۔ چھٹیوں میں ہاسٹل میں پنجاب یونیورسٹی کے داخلوں میں جیسی فیصد کی آئی ہے۔ جب طلبہ اپنی آواز بلند کرتے ہیں تو انتظامیہ طلبہ کے داخلے خارج کر دیتی ہے۔ وزیر اعلیٰ پنجاب اور چیئرمین پی ایچ ای سے یونیورسٹی کا غیر جانبدار آڈٹ کا مطالبہ کرتے ہیں۔ احسن فرید نے یونیورسٹیوں انتظامیہ کو الٹی میم دیا کہ ایک ہفتے میں اگر یونیورسٹی انتظامیہ نے طلبہ کے مسائل حل نہ کیے تو ہم احتجاج پر لگائی پابندیوں سے پنجاب یونیورسٹی کو دیے ہے طلبہ ماہستیل بھی داخلہ دکن چکا ہے طلبہ سمر کی چھٹیوں میں مختلف مقابلے کے امتحانات کی تیاری

ڈی جی ایل ڈی اے طاہر فاروق کی زیر صدارت کرشت روز پلاننگ اینڈ ڈیزائن کمیٹی کا اجلاس

اجلاس میں ای ٹی پوزیٹو پر اپلائی کیے گئے کیسز کا تفصیلی جائزہ لیا گیا، پیش کردہ کیسز کو قوانین کے مطابق منظور و مسترد کیا گیا

کیسز کی منظوری سے قبل غیر قانونی پیلنی فیس کا حصول یقینی بنایا جائے۔ ڈی جی ایل ڈی اے طاہر فاروق کی ہدایت

لاہور (خبرنگار) ڈی جی ایل ڈی اے طاہر فاروق کی زیر صدارت کرشت روز پلاننگ اینڈ ڈیزائن کمیٹی کا اجلاس باقی سال کا آخری اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں ای ٹی پوزیٹو پر اپلائی کیے گئے کیسز کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں ڈائریکٹر ٹاؤن پلاننگ نے اپنے اپنے زونز کے کیسز بارے بریفنگ دی۔ اجلاس میں پیش کردہ کیسز کو قوانین کے مطابق منظور و مسترد کیا گیا۔ اجلاس میں ڈی ایل ڈی اے کی ایڈمنسٹریشن کی منظوری سے قبل غیر قانونی پیلنی فیس کا حصول یقینی بنایا جائے۔ ڈی ایل ڈی اے کی ایڈمنسٹریشن کی منظوری سے قبل ان اجلاس میں چیف ٹاؤن پلانر، زون، چیف ٹاؤن پلانر نو نمائندہ ایم ٹی ایل، ایل ڈی اے، ایم ٹی ایل، ٹیپا، واسا اور ڈی سی آفس کے نمائندہ اور ایل ڈی اے ٹاؤن پلاننگ ونگ کے تمام زونز کے ڈائریکٹرز شرکت کی۔

واسا لاہور میں انٹرن شپ پروگرام مکمل کرنے والے انٹرنیز تقریب تقسیم اسناد کا انعقاد

نوجوانوں کی پیشہ ورانہ تربیت اور عملی مہارتوں کے فروغ کے لیے واسا لاہور کا اہم اقدام ڈائریکٹر مدثر جاوید نے انٹرنیز کی محنت لگن اور شاندار کارکردگی کو سراہا

لاہور (علی حسین شیرازی سے) واسا لاہور میں انٹرن شپ پروگرام مکمل کرنے والے انٹرنیز اسناد تقسیم کیے نوجوانوں کی پیشہ ورانہ تربیت اور عملی مہارتوں کے فروغ کے لیے واسا لاہور کا اہم اقدام ڈائریکٹر مدثر جاوید نے انٹرنیز کی محنت، لگن اور شاندار کارکردگی کو سراہا عملی تجربہ نوجوانوں کی صلاحیتوں کو نکھارنے میں کلیدی کردار ادا کرتا ہے، ڈائریکٹر مدثر جاوید انٹرنیز کا شکریہ ادا کرتا حاصل کردہ علم اور تجربے کو مستقبل میں موثر انداز میں بروئے کار لائیں گے، ڈائریکٹر مدثر جاوید تقریب کے اختتام پر انٹرنیز کے روشن مستقبل کے لیے نیک تمناؤں کا اظہار اور یادگاری گروپ فوٹو بنوائی گئی۔

چوبنگ کے علاقے میں 50 سالہ شخص میں بول میں گر کر جاں بحق ہو گیا

لاہور (کرائم رپورٹر) چوبنگ کے علاقے 50 سالہ شخص میں بول میں گر کر جاں بحق ہو گیا پولیس نے اس قانونی کارروائی کے بعد ورثہ میں کے لواحقین کے حوالے کر دی ایدھی ترجمان کے مطابق چوبنگ کے علاقے نو جیلی ٹاؤن کے علاقے 50 سالہ شخص میں بول میں گر کر جاں بحق ہو گیا جاں بحق شخص کی شناخت اللہ داد کے نام سے ہوئی، جو مین اپنی قبضے میں لے کر قانونی کارروائی کے بعد ورثہ میں کے لواحقین کے حوالے کر دی

چوری کی سبزی منڈی پولیس نے سی ٹی وی فوٹیج کی مدد سے موٹر سائیکل چور گروپ گرفتار کر لیا

لاہور (کرائم رپورٹر) چوری کی سبزی منڈی پولیس نے سی ٹی وی فوٹیج کی مدد سے موٹر سائیکل چور گروپ گرفتار کر لیا ترجمان کے مطابق ڈی ایس پی شیخوپورہ سٹی علی پرویز شرف کی سربراہی میں چوری کی سبزی منڈی کے اندر چوری کی موٹر سائیکل چوری کی وارداتوں میں ملوث شہریوں کی مدد سے موٹر سائیکل چوری کی وارداتوں میں ملوث شہریوں کی رضا حسن اور سلمان کو پکڑ کے سے برآمد کر کے سے چوری شدہ 2 موٹر سائیکلیں برآمد کر کے مقدمات درج کر کے ان کے قبضہ سے 2 لیپ ٹاپ بھی برآمد کیا جبکہ ملزمان کے ٹھکانوں اور مختلف علاقوں میں ریڈ کر کے موٹر سائیکلیں چرانے اور ان کے پارٹس نکال کر سستے داموں فروخت کرتے تھے۔

موبائل کھوؤ نے فراڈ ڈھوکہ دہی کے مقدمات میں مطلوب بنی الاطلائی 12 اشتہاری ملزمان گرفتار کیے

لاہور (کرائم رپورٹر) موبائل کھوؤ نے فراڈ ڈھوکہ دہی کے مقدمات میں مطلوب بنی الاطلائی 12 اشتہاری ملزمان گرفتار کر لیے ترجمان کے مطابق موبائل اکھوؤ نے قوم کی مدد میں خرید و فروخت کرنے والے اشتہاریوں کے خلاف کریک ڈاؤن کے دوران فائلی کرائم کے مقدمات میں مطلوب 12 ملزمان اشتہاریوں کو صوبائی دارالحکومت کے مختلف علاقے سے گرفتار کر کے متعلقہ تھانوں کے حوالے کر دیا ہے۔ ترجمان کا کہنا ہے کہ ملزمان مکھاف فیصل آباد، گوجرانوالہ، سیالکوٹ، بہاولنگر اور لاہور کے مختلف تھانوں میں مقدمات درج ہیں

کمشنر لاہور مریم خان کی زیر صدارت کھیوٹ تقسیم اور ریونیو امور پر اہم اجلاس

ایڈیشنل کمشنرز لاہور و اے ڈی سی آرز پر کمیٹی تشکیل۔ اہداف طے ہوکر حصول کو چیک کیا جائے گا

تمام اے ڈی سی آرز روزانہ کی بنیاد پر کھیوٹ تقسیم پر تمام ریونیو افسران سے کارکردگی جواب لیں۔ کمشنر لاہور

ریونیو ڈیجیٹائزیشن انقلابی پروگرام ہے۔ شہریوں کو بہت بڑا ریلیف مل رہا ہے۔ کمشنر لاہور

کمشنر لاہور ڈویژن مریم خان ریونیو امور، ڈیجیٹلائزیشن اور کھیوٹ تقسیم کے حوالے سے منعقدہ ڈویژنل اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

لاہور (خبرنگار) کمشنر لاہور ڈویژن مریم خان کی زیر صدارت کھیوٹ تقسیم اور ریونیو امور پر اہم اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں لاہور ڈویژن چاروں اضلاع کے ڈی کمشنرز نے شرکت کی۔ ڈی جی پی ایل آر اے پنجاب اکرام الحق نے ریونیو ڈیجیٹائزیشن پر تفصیلاً بریفنگ دی۔ کمشنر لاہور ڈویژن مریم خان کی زیر صدارت اجلاس میں کھیوٹ تقسیم اور ریونیو امور کے حوالے سے ایڈیشنل کمشنرز لاہور و اے ڈی سی آرز پر مشتمل کمیٹی تشکیل دی گئی۔ کمشنر لاہور مریم خان نے تمام اضلاع کو تقسیم کیسز کے اہداف دے دیے۔ انہوں نے کہا کہ تمام اے ڈی سی آرز روزانہ کی بنیاد پر کھیوٹ تقسیم پر تمام ریونیو افسران سے کارکردگی جواب لیں، ہر روز دو کے بعد ڈویژنل سطح پر کارکردگی کا جائزہ لیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ ریونیو ڈیجیٹائزیشن انقلابی پروگرام ہے، شہریوں کو بہت بڑا ریلیف مل رہا ہے۔ اجلاس میں ڈی سی لاہور کیپٹن ریٹائرڈ علی اعجاز، ڈی سی شیخوپورہ، ننکانہ، قصور سمیت تمام ایڈیشنل کمشنرز اور اے ڈی سی آرز نے شرکت کی۔

ڈی آئی جی آپریشنز کی زیر صدارت ماڈل ٹاؤن ڈویژن کی اندادِ جرائم میٹنگ

میٹنگ میں رواں ماہ کی اندادِ جرائم کارروائیوں کا جائزہ لیا گیا

ڈی آئی جی آپریشنز نے ایس ایچ اوز کو اپنے اپنے علاقوں میں چوری کی وارداتیں کنٹرول کرنے کی ہدایت کی

لاہور (خبرنگار، کرائم رپورٹر) ڈی آئی جی آپریشنز فیصل کامران کی زیر صدارت ماڈل ٹاؤن ڈویژن کے ساتھ اندادِ جرائم میٹنگ کا انعقاد ہوا۔ میٹنگ میں ایس پی ماڈل ٹاؤن، سرکل افسران، ایس ایچ اوز، چوکی انچارجز شامل ہوئے۔ میٹنگ میں رواں ماہ کی اندادِ جرائم کارروائیوں کا جائزہ لیا گیا۔ ڈی آئی جی آپریشنز نے ایس ایچ اوز کو اپنے اپنے علاقوں میں چوری کی وارداتیں کنٹرول کرنے کی ہدایت کی۔ فیصل کامران نے کہا ہے کہ تمام افسران ایل ٹی ای سیٹ کو مکمل فنکشن رکھنے کے پابند ہوں گے۔ ڈی آئی جی آپریشنز نے کہا ہے کہ جھوٹے مقدمات درج کرنے والے افسران کو محکمانہ کارروائی کا سامنا کرنا پڑے گا۔ فیصل کامران نے کہا ہے کہ پرکشش پرزہ رفارنس پالیسی سے کسی صورت رعایت نہیں ملے گی۔ فیصل کامران نے کہا کہ خواتین وبچوں سے نازیبا سلوک کسی صورت برداشت نہیں کیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ ہوائی فائرنگ، بدمعاشی کلچر ہرگز برداشت نہیں ہوگی۔ ڈی آئی جی آپریشنز نے کہا ہے کہ عرم الحرام کے دیگر پروگراموں کو بھی دینی اہمیت حاصل ہے۔ جو پہلے عشرہ کی ہے۔ فیصل کامران نے کہا کہ پولیس افسران جلاس وجلوسوں کی سیکورٹی خود چیک کریں گے۔

انسپکٹر جنرل پولیس پنجاب عبدالکریم سے پولیس ملازمین اور ان کے اہلخانہ نے سنٹرل پولیس آفس میں ملاقات کی

لاہور (کرائم رپورٹر) انسپکٹر جنرل پولیس پنجاب عبدالکریم سے پولیس ملازمین اور ان کے اہلخانہ نے سنٹرل پولیس آفس میں ملاقات کی۔ آئی جی پنجاب نے پولیس ملازمین اور ان کے اہلخانہ کے مسائل سنے اور فوری ریلیف کیلئے متعلقہ افسران کو احکامات جاری کیے۔ تفصیلات کے مطابق، جونیئر کلرک شہداد اکبر کی برائے فرسٹ کی درخواست پر آئی جی پنجاب نے اے آئی جی ایڈمن اینڈ سپیشل ونگ رفیک فراہمی کی ہدایت کی۔ ہیڈ کانسٹیبل محمد شاہد، محمد عامر اور اللہ دتہ کی پروموشن کی درخواست پر ایڈیشنل آئی جی پنجاب کو معاملہ زیر غور لانے کی ہدایت جاری کی گئی۔ شعبہ کانسٹیبل محمد ارسلان کے بیٹے کی ریکوری سے متعلق درخواست پر ڈی پی او شیخوپورہ کو ضروری کارروائی کی ہدایت کی گئی۔

جولائی میں گاڑیوں کے پرکشش نمبرز کی آن لائن نیلامی کیلئے رجسٹریشن کا آغاز

خواہشمند افراد 31 جولائی تک اپنا پسندیدہ نمبر حاصل کرنے کیلئے گھر بیٹھے ای آئشن ایپ اور ویب پورٹل پر رجسٹریشن کرا سکتے ہیں

لاہور (خبرنگار) پنجاب آٹی فی بورڈ کی محکمہ ایکسائز پنجاب کے اشتراک سے وضع کردہ ای آئشن ایپ اور ویب پورٹل پر ماہ جولائی کے دوران گاڑیوں کے پرکشش نمبروں کی نیلامی کیلئے رجسٹریشن کا آغاز کر دیا گیا ہے۔ خواہشمند افراد 31 جولائی تک اپنی پسند کے نمبر کے حصول کیلئے آن لائن رجسٹریشن کر سکتے ہیں۔ ای آئشن ایپ موٹر سائیکل، موٹر کار اور کمرشل گاڑیوں کے نمبروں کی نیلامی شامل ہے اور بولی جیتنے والوں کی تفصیلات بھی اسی آئشن ایپ پر دیکھی جا سکیں گی۔ اس حوالے سے پی ٹی آئی پی چیئرمین فیصل یوسف کا کہنا تھا کہ ای آئشن پلیٹ فارم شہریوں کو اپنی پسند کے گاڑیوں کے رجسٹریشن نمبروں کی نیلامی میں شفاف، آسان اور محفوظ انداز میں حصہ لینے کی سہولت فراہم کر رہا ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ ڈیجیٹل ٹیکنالوجی کی بدولت نیلامی کے عمل کو مزید موثر، شفاف اور عوام کیلئے قابل رسائی بنایا گیا ہے جس سے نہ صرف شہریوں کو سہولت میسر آ رہی ہے بلکہ سرکاری خدمات کی ڈیجیٹل فراہمی کو بھی مزید فروغ مل رہا ہے۔

لاہور فیروز پور روڈ پر بڑا سانحہ: ٹیوشن سینٹر کی چھت گرنے سے 14 معصوم بچے جاں بحق

لاہور (خالد صمدانی سے) فیروز پور روڈ کاہنہ کے علاقے میں ایک انتہائی دلخراش اور افسوسناک واقعہ پیش آیا ہے جہاں ایک اکیڈمی/ٹیوشن سینٹر کی چھت گرنے سے 14 معصوم بچے جاں بحق اور 5 شدید زخمی ہو گئے ہیں (DHQ Hospital) کے ڈاکٹر احسن کے مطابق، ہسپتال میں کل 19 بچوں کو لایا گیا تھا انتہائی کوششوں کے باوجود 14 معصوم بچے زخموں کی تاب نہ لاتے ہوئے دم توڑ گئے ہیں۔ زیر علاج 5 بچے تاحال شدید زخمی حالت میں ہسپتال میں زیر علاج ہیں جن کی حالت نازک بتائی جا رہی ہے۔ عمر کی حد: جاں بحق اور زخمی ہونے والے بچوں کی عمریں 12 سے 15 سال کے درمیان ہیں، جو دہاں پڑھنے گئے ہوئے تھے۔ پرسوسناک حادثہ فیروز پور روڈ کاہنہ کے قریب پیش آیا جہاں اکیڈمی کے کمرے کی چھت اچانک بیٹھ گئی۔ واقعے کی اطلاع ملتے ہی ریسکیو 1122 اور کاہنہ پولیس کی بھاری نفری نے فوری طور پر پہنچ کر ملبے تلے دبے بچوں کو نکالا۔ اور زخمیوں کو ڈی ایچ کیو ہسپتال میں منتقل کیا اس وقت فیروز پور روڈ کاہنہ کے پورے علاقے میں شدید کہرام مچا ہوا ہے اور فضا سوگوار ہے

ڈی جی ایل ڈی اے طاہر فاروق کا داتا دربار توسیعی منصوبے اور زیر تعمیر بھاٹی چوک انڈر پاس کا دورہ

ڈی جی ایل ڈی اے نے دونوں منصوبوں کے تعمیراتی کاموں کا تفصیلی جائزہ لیا۔ زیر تعمیر بھاٹی چوک انڈر پاس پر ترقیاتی کام بلا تعطل جاری ہیں۔ بریفنگ

لاہور (علی حسین شیرازی سے) ڈی جی ایل ڈی اے طاہر فاروق کا داتا دربار توسیعی منصوبے اور زیر تعمیر بھاٹی چوک انڈر پاس کا دورہ چیف انجینئر نیما افراد حسین اور پراجیکٹ ڈائریکٹر نے بریفنگ مزید تیز کرنے کی ہدایت۔ ڈی جی ایل ڈی اے نے دونوں منصوبوں کے تعمیراتی کاموں کا تفصیلی جائزہ لیا۔ زیر تعمیر بھاٹی چوک انڈر پاس پر ترقیاتی کام بلا تعطل جاری ہیں۔ کونظر رکھتے ہوئے تعمیراتی کاموں کے دوران باڑ اور انڈر پاس ڈال دیا گیا۔ بریفنگ بھاٹی چوک انڈر پاس کے ریپ ون پر پانی کھڑا ہونے کا مسئلہ جلد حل کیا جائے گا۔ ڈی جی ایل ڈی اے کا کہنا تھا کہ ریپ ون پر آئندہ دو روز میں اسفالٹ کی جائے گی۔ بریفنگ انڈر پاس کے بیرل پر تعمیر کا کام دن رات کام کر رہی ہیں۔ بریفنگ داتا دربار کے اطراف املاک کے نشاندہی کا کام بھی تیزی سے جاری ہے۔ بریفنگ ڈی جی ایل ڈی اے کا انڈر پاس کے تعمیراتی کام مزید تیز کرنے کی ہدایت۔ ڈی جی ایل ڈی اے کا کنٹریکٹر کو واٹر ہائڈ اور اسفالٹ جلد از جلد مکمل کرنے کی ہدایت۔ مون سون بارشوں کے شیڈول کو مدنظر رکھتے ہوئے تعمیراتی کاموں کے دوران حفاظتی اقدامات اپنائے جائیں۔ بریفنگ بھاٹی چوک انڈر پاس کے ریپ ون پر آئندہ دو روز میں اسفالٹ کی جائے گی۔ بریفنگ انڈر پاس کے ڈیزل کا کام بلا تعطل جاری ہیں۔ بریفنگ

بعدالت جناب محمد مسعود زمان صاحب گارڈین جج درج اول بھیرہ

درخواست استقرار حق عنوان محمد حسن بنام سیونیل کمیٹی بھیرہ وغیرہ

بنام عوام الناس ہرگاہ مقدمہ بالاعنوان میں متعدد بار طلب کیا لیکن آپ مقدمہ حاضر نہ ہوئے لہٰذا اب بذریعہ اخبار اشتہار آپ کو مطلع کیا جاتا ہے کہ آج 07-07-2025 کو اصالتاً یا وکالتاً 9 بجے قبل از دوپہر ہذا حاضر ہوں۔ بصورت دیگر یکطرفہ کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔ دستخط مجاز دھیر عدالت سے جاری ہوا۔

بعدالت جناب قیصر عباس صاحب نائب تحصیلدار/ریونیو آفیسر حلقہ تحصیل آفس بھلوال

درخواست تصدیق وراثت انتقال موضع دھوری

متوفی محمد اشرف دلمند محمد

وارثان شہناز بی بی بیوہ، اشفاق اشرف، شعیب اختر پسران اقراء اشرف دختر متوفی ہیں۔ ان کے علاوہ اگر کوئی حق وراثت رکھتا ہو۔ تو سات یوم کے اندر زیر تحصیل کے روبرو پیش ہو کر وضاحت کرے۔ بصورت دیگر انتقال وراثت تصدیق کر دیا جائے گا۔ بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا۔ دستخط مجاز دھیر عدالت سے جاری ہوا۔

بعدالت جناب نائب تحصیلدار/ریونیو آفیسر حلقہ تحصیل آفس بھلوال

درخواست تصدیق وراثت انتقال موضع بنی الاطلائی

وارثان رحمت علی والد رحمت علی بی بی والدہ، حبیب اکرم رائے تنوار و پسر متوفی پیلے نوت شدہ زندہ تنیم رائے بیوہ طلعہ اکرم رائے پسران، جویریہ اکرام دختر متوفی ہیں۔ ان کے علاوہ اگر کوئی حق وراثت رکھتا ہے۔ تو سات یوم کے اندر زیر تحصیل کے روبرو پیش ہو کر وضاحت کرے۔ بصورت دیگر انتقال وراثت تصدیق کر دیا جائے گا۔ بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا۔ دستخط مجاز دھیر عدالت سے جاری ہوا۔

اطلاع عام

ہر خاص و عام کو اطلاع دی جاتی ہے کہ لاہور ڈیولپمنٹ اتھارٹی کا شیڈ بالا کنٹس مندرجہ ذیل پلاٹوں کے لئے 30 جون 1989ء سے پبلک لیج کروائی گئی تو نام کی تصدیق کرنے سے قاصر ہے۔ مورخہ 30 اکتوبر 2015ء کو جاری کئے جانے والے SOP کے تحت ان پلاٹوں کے کمپیوٹرائزڈ ڈیکلیریٹ میں مزید کارروائی کی جائے۔

نمبر شمار	پلاٹ نمبر	بلاک	سیکٹر
1	410	رومی	علامہ اقبال ٹاؤن
2	29	شیرشاہ	نیو گارڈن ٹاؤن
3	38	اجتزک	نیو گارڈن ٹاؤن
4	380	خالد	نیو گارڈن ٹاؤن

اگر کسی شخص کا ادارے یا پبلک کو کسی قسم کا کوئی اعتراض ہو تو سات دن کے اندر اندر تحریری طور پر رجسٹرڈ کروائے بعد میں کوئی عذر/اعتراض قابل قبول نہ ہوگا۔

ڈی پی ڈائریکٹر ایریا پیشن ایڈمنسٹریشن

اگر کسی شخص کا ادارے یا پبلک کو کسی قسم کا کوئی اعتراض ہو تو سات دن کے اندر اندر تحریری طور پر رجسٹرڈ کروائے بعد میں کوئی عذر/اعتراض قابل قبول نہ ہوگا۔

ڈی پی ڈائریکٹر ایریا پیشن ایڈمنسٹریشن

IPL-6640
لاہور ڈیولپمنٹ اتھارٹی
467-D-II
محمدی چوک ٹاؤن لاہور

اشتہار برائے بھرتی ڈی پی ایچ او/ایچ او سیٹ پوسٹ مالک

پروفیسر ڈاکٹر مراد حسین
ڈپٹی چیف سائنسدان، انسٹیٹیوٹ آف سائل کیمسٹری اینڈ انوائرنمنٹل سائنسز کالا شاہ کاکو

نمازوں کے اوقات

صبح صادق	3:15
فجر	4:00
ظہر	1:30
عصر	5:30
مغ

ABC CERTIFIED
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت
چیف ایڈیٹر
میاں محمد فیاض
روزنامہ قوت لاہور
"روزنامہ قوت لاہور" (3) یکم جولائی 2026ء

سوشل سیکیورٹی ہسپتال میں سٹروک انجکشن کی دستیابی یقینی بنائی جائے

محمد منشاء اللہ بٹ

ضلع سیالکوٹ میں سوشل ویلفیئر کی تمام 13 ڈسپنسریوں کا بجٹ دوگنا کر دیا گیا ہے۔صوبائی وزیر محنت و افرادی قوت

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو عامر جاوید) ہر ڈسپنسری کا سالانہ بجٹ بڑھا کر ڈیڑھ کروڑ روپے کر دیا گیا ہے۔ کتے کے کاٹنے اور سانپ کے ڈسنے کی ویکسین بھی ہسپتال میں دستیاب رکھی جائے 75 فیصد ری ویمپنگ مکمل ہو چکی، کام کی رفتار تیز کی جائے۔محمد منشاء اللہ بٹ کا ہسپتال کا دورہ۔ صوبائی وزیر محنت و افرادی قوت پنجاب محمد منشاء اللہ بٹ نے کہا ہے کہ سوشل سیکیورٹی ہسپتال میں فالج کی صورت میں ایمرجنسی لگائے جانیوالے سٹروک انجکشن کی دستیابی یقینی بنائی جائے، انجکشن لگانے کیلئے میڈیکل سپیشلسٹ موجود ہو جبکہ سٹیفل میں ہسپتال نیورو سرجن کی اسامی بھی بنائی جا رہی ہے۔سوشل سیکیورٹی ہسپتال سیالکوٹ کا دورہ کرتے ہوئے کہی۔صوبائی وزیر محنت و افرادی قوت پنجاب محمد منشاء اللہ بٹ نے سیالکوٹ آمد پر سوشل سیکیورٹی ہسپتال کا دورہ کیا اور ہسپتال کی ری ویمپنگ کے جاری منصوبے کا تفصیلی جائزہ لیا۔صوبائی وزیر نے ایمرجنسی سمیت ہسپتال کے مختلف شعبہ جات کا معائنہ کیا اور مریضوں کو فراہم کی جانے والی طبی سہولیات کے بارے میں معلومات حاصل کیں۔صوبائی وزیر محنت و افرادی قوت محمد منشاء اللہ بٹ نے کہا کہ کتے کے کاٹنے اور سانپ کے ڈسنے کی ویکسین بھی ہسپتال میں دستیاب رکھی جائے تاکہ ہنگامی صورتحال میں فوری طبی امداد فراہم کی جاسکے۔محمد منشاء اللہ بٹ نے کہا کہ ضلع سیالکوٹ میں سوشل ویلفیئر کی تمام 13 ڈسپنسریوں کا بجٹ دوگنا کر دیا گیا ہے، ہر ڈسپنسری کا سالانہ بجٹ بڑھا کر ڈیڑھ کروڑ روپے کر دیا گیا ہے تاکہ عوام کو بہتر طبی سہولیات فراہم کی جاسکیں۔اس موقع پر صوبائی وزیر کو بریفنگ دی گئی کہ سوشل سیکیورٹی ہسپتال سیالکوٹ کی ری ویمپنگ کے بعد ایمرجنسی وارڈ فعال کر دیا گیا ہے جبکہ دیگر کام بھی تیزی سے مکمل کئے جا رہے ہیں۔محمد منشاء اللہ بٹ نے ہدایت کی کہ منصوبے پر کام کی رفتار مزید تیز کی جائے تاکہ محنت کشوں اور ان کے اہلخانہ کو جدید طبی سہولیات بروقت میسر آسکیں۔

منشیات فروش ہماری نوجوان نسل کے کھلے دشمن ہیں: ڈی پی او ساہیوال

یہ ہماری نوجوان نسل کو زندہ لاش بنا رہے ہیں منشیات فروشوں کے خلاف کریک ڈاؤن جاری رہے گا

ساہیوال) بیورو رپورٹ) منشیات فروش ہماری نوجوان نسل کے کھلے دشمن ہیں کیونکہ یہ ہماری نوجوان نسل کو زندہ لاش بنا رہے ہیں منشیات فروشوں کے خلاف کریک ڈاؤن جاری رہے گا ڈی پی او ساہیوال محمد عثمان ٹیپو تفصیلات کے مطابق پنجاب حکومت آئی جی پنجاب کے وژن کے مطابق آر پی او ساہیوال رانا ایاز سلیم کی زیر نگرانی ساہیوال پولیس کا منشیات فروشوں کے خلاف تابڑ توڑ کاروائیاں جاری تھانہ شاہکوٹ پولیس کی کاروائی منشیات فروش رمضان عرف جانو گرفتار 1100 گرام منچرس برامد ایف آئی ار درج مزید تحقیقات جاری پولیس تھانہ ہڑپہ کی دبنگ کاروائی منشیات فروش قیصر عباس گرفتار تین کلو سے زائد منشیات برامد مقدمہ درج مزید تحقیقات جاری ڈی پی او ساہیوال محمد عثمان ٹیپو نے ساہیوال پولیس کی شاندار کاروائیوں کو خوب سراہا اور پولیس پارٹیز کو شاباش اس موقع پر ڈی پی او ساہیوال محمد عثمان ٹیپو کا کہنا تھا کہ منشیات فروش قانون کے شکنجے سے بچ نہیں سکیں گے منشیات فروشوں کا ٹھکانہ جیل کی سلاخیں ہیں عوام اور میڈیا کے تعاون سے منشیات فروشوں کے خلاف کریک ڈاؤن جاری رہے گا ساہیوال کے شہریوں نے پولیس کی کاروائیوں پر خوشی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ پولیس اسی طرح منشیات فروشوں کے خلاف کریک ڈاؤن جاری رکھے گی

محفوظ پنجاب کے تحت عملی اقدامات کیے جا رہے ہیں

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) وزیر اعلیٰ پنجاب محترمہ مریم نواز شریف کے وژن محفوظ پنجاب کے تحت عملی اقدامات کیے جا رہے ہیں۔ضلع بھر میں سپیشل مہم کے تحت پولیس ٹیموں کا مجرمان اشتہاریوں کیخلاف کریک ڈاؤن جاری ہے۔ پولیس نے ماہ جون میں مختلف علاقوں سے 160 مجرمان اشتہاریوں اور 28 عدالتی مفروران کو گرفتار کیا۔گرفتار مجرمان اشتہاریوں میں 6 اشتہاری کیٹیگری اے کے سنگین وارداتوں میں مطلوب تھے۔ہیومن ریسورس اور جدید ٹیکنالوجی کا استعمال کرتے ہوئے مجرمان اشتہاریوں کو گرفتار کیا گیا۔گرفتار مجرمان اشتہاری پولیس کو راہزنی، چوری ،ضرر و دیگر مقدمات میں مطلوب تھے۔

شدید گرمی میں شہری احتیاطی تدابیر احتیاط کریں۔طاہر مجید کپور

سر اور گردن ڈھانپ کر رکھیں پانی و مشروبات کا زیادہ استعمال کریں۔چیف سول ڈیفنس

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو عامر جاوید) پنجاب بھر میں شدید گرمی کا آغاز ہو چکا ہے اور درجہ حرارت 40 سے 45 ڈگری تک جا رہا ہے ایسے میں شہری غیر ضروری سفر سے پرہیز کریں بوقت ضرورت باہر جاتے پانی پی کر اور سر اور گردن کو کپڑے سے ڈھانپ لیں۔دن میں پانی و مشروبات کا استعمال زیادہ کریں۔ان باتوں کا اظہار چیف سول ڈیفنس ریسکیو سیالکوٹ طاہر مجید کپور نے شہریوں کی حفاظت کے پیش نظر اہم میڈیا پیغام میں کیا۔انہوں نے کہا کہ شدید گرمی میں بسا اوقات مریض آہستہ آہستہ پانی کی کمی کا شکار ہو کر نمکیات کی کمی کے باعث بے ہوش ہو جاتا ہے اس حالت کو ہیٹ سٹروک یا لو لگنا بھی کہتے ہیں ایسے میں فوری طور پر مریض کو سایہ دار جگہ پر لٹا کر اس کے سر اور چہرے کیساتھ کنڈھوں وغیرہ میں کپڑا پانی سے گیلا کر کے پھیریں اور ہوا میں رکھیں اور فوری ریسکیو سروسز کے ساتھ رجوع کریں۔

حافظ آباد شہر میں گنیکو کا بجلی ترسیل کا نظام درہم برہم۔متعدد علاقوں میں بجلی کے ٹرانسفارمز جل گئے

حافظ آباد (نمائندہ خصوصی) حافظ آباد شہر میں گنیکو کا بجلی ترسیل کا نظام درہم برہم۔متعدد علاقوں میں بجلی کے ٹرانسفارمز جل گئے۔جبکہ شہر بھر میں بجلی کی غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ نے شدید گرمی وحبس میں شہریوں کا برا حال کر دیا۔گنیکو کے پاس فالتو ٹرانسفارمر نہ ہونے سے شہر کے متاثرہ علاقوں میں بجلی کی فراہمی میں مشکلات۔شہری گنیکو چیف اور افسران کے خلاف سراپا احتجاج بن گئے۔تفصیلات کے مطابق حافظ آباد میں گرمی کی شدید لہر کے ساتھ ہی ایک طرف جہاں گنیکو کی جانب سے دن اور رات کے دوران بجلی کی غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ عروج پر پہنچ گئی ہے تو دوسری جانب اکثر علاقوں میں بجلی کے ٹرانسفارمر جلے پڑے ہیں اور مقامی سب ڈویژنوں کے پاس فالتو ٹرانسفارمر نہ ہونے سے صارفین کو سولی پر لٹکا دیا ہے۔شہریوں نے گنیکو چیف کی نااہلی اور غفلت کے خلاف شدید احتجاج کرتے ہوئے کہا ہے کہ بجلی کے بلوں میں ہوشربا اضافہ کے باوجود انہیں اس شدید گرمی وحبس میں بجلی فراہم نہیں کی جا رہی ہے جبکہ پانچ چھ لاکھ کی آبادی کے شکایت آفس میں صرف دو ملازم ڈیوٹی پر ہوتے ہیں پھر جن علاقوں میں ٹرانسفارمر جل جاتا ہے وہاں کئی کئی روز تک ٹرانسفارمر نہیں لگایا جاتا جس کی وجہ سے شہریوں کو پتھر کے زمانہ میں دھکیلا جا رہا ہے۔

ڈاکٹری صرف ایک پیشہ نہیں بلکہ خدمتِ انسانیت کا عظیم مشن ہے: محمد خالد وسیم

ڈاکٹر مشکل ترین حالات میں بھی مریضوں کی جان بچانے کے لیے اپنی صلاحیتوں، علم اور تجربے کو بروئے کار لاتے ہیں

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو عامر جاوید) سدر سیالکوٹ لائنز کلب محمد خالد وسیم ایڈووکیٹ نے ڈاکٹروں کے عالمی دن کے موقع پر کہا ہے کہ ڈاکٹرز انسانیت کے حقیقی مسیحا ہیں جو دن رات اپنی پیشہ ورانہ ذمہ داریاں نبھاتے ہوئے انسانی جانوں کو بچانے اور معاشرے کو صحت مند رکھنے میں کلیدی کردار ادا کرتے ہیں ڈاکٹری صرف ایک پیشہ نہیں بلکہ خدمتِ انسانیت کا عظیم مشن ہے ڈاکٹر مشکل ترین حالات میں بھی مریضوں کی جان بچانے کے لیے اپنی صلاحیتوں، علم اور تجربے کو بروئے کار لاتے ہیں ان کی شبانہ روز محنت قربانیاں اور خدمات قابل ستائش ہیں محمد خالد وسیم ایڈووکیٹ نے کہا کہ خصوصاً ہنگامی حالات وباؤں اور قدرتی آفات کے دوران ڈاکٹروں نے جس بہادری ایثار اور فرض شناسی کا مظاہرہ کیا وہ پوری قوم کے لیے باعثِ فخر ہے ایسے معالجین معاشرے کے اصل ہیروز ہیں جو اپنی ذاتی آسائشوں کو پس پشت ڈال کر دوسروں کی زندگی بچانے میں مصروف رہتے ہیں ایک صحت مند معاشرہ تب ہی تشکیل پاتا ہے جب اس کے طبی ادارے مضبوط ہوں انہوں نے ڈاکٹروں کے عالمی دن کے موقع پر تمام ڈاکٹرز کو خراجِ تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ ان کی بے لوث خدمات ہمیشہ یاد رکھی جائیں گی اور قوم ان کی قربانیوں کو قدر کی نگاہ سے دیکھتی رہے گی۔

نجی چینل پر مقدس ہستیوں کی بے ادبی کئے جانے کی شدید الفاظ میں مذمت

حافظ آباد (بیورو رپورٹ) ضلع بھر کے دینی مذہبی سماجی اور کاروباری طبقوں نے ایک نجی چینل پر مقدس ہستیوں کی بے ادبی کئے جانے کی شدید الفاظ میں مذمت کی ہے اور مطالبہ کیا ہے کہ متعلقہ پروگرام کے ذمہ داران کے خلاف فوری مقدمات درج کر کے انکے خلاف سخت کاروائی عمل میں لائی جائے اور مستقبل میں بھی اس چینل کے پروگرامز پر کڑی نظر رکھی جائے۔انہوں نے مزید کہا کہ مذکورہ چینل بیرونی آقاؤں کے اشاروں میں ایک کھلونا بنا ہوا ہے اور اسلام کے نام پر حاصل کردہ مملکت میں روشنی خیالی کے نام پر نوجوان نسل کو گمراہ کر رہا ہے جس کے خلاف پیمرا اور حکومت کو سخت سے سخت ایکشن لینا چاہئے۔

ڈی پی او حافظ آباد کی زیر صدارت اعلیٰ سطحی اجلاس کا انعقاد

ضلع میں امن و امان کی صورتحال، جرائم کی روک تھام، زیرِ تفتیش مقدمات اور پولیس کی مجموعی کارکردگی کا تفصیلی جائزہ لیا گیا

حافظ آباد (نمائندہ خصوصی) ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر حافظ آباد فواد احمد کی زیر صدارت ضلع بھر کے ایس ڈی پی اوز اور ایس ایچ اوز کے ساتھ کرائم میٹنگ کا انعقاد کیا گیا، جس میں ضلع میں امن و امان کی صورتحال، جرائم کی روک تھام، زیرِ تفتیش مقدمات اور پولیس کی مجموعی کارکردگی کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ڈی پی او فواد احمد نے میٹنگ سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ شہریوں کے جان و مال کا تحفظ پولیس کی اولین ذمہ داری ہے۔ جرائم پیشہ عناصر، اشتہاری مجرمان، منشیات فروشوں اور غیر قانونی اسلحہ رکھنے والوں کے خلاف بلا امتیاز کارروائیاں مزید مؤثر بنائی جائیں۔انہوں نے ہدایت کی کہ اہم مقدمات کی تفتیش میرٹ اور مقررہ وقت کے اندر مکمل کی جائے تاکہ ملزمان کو قانون کے مطابق سزا دلوائی جا سکے۔میٹنگ میں تمام تھانوں کی کارکردگی، جرائم بر خلاف اشخاص و املاک، اشتہاری مجرمان کی گرفتاری، انٹیلی جنس بیسڈ آپریشنز، موٹر پٹرولنگ اور سرچ و کومبنگ آپریشنز کا جائزہ لیا گیا۔ڈی پی او نے گندم کی غیر قانونی سمگلنگ کی روک تھام اور غیر قانونی طور پر مقیم افغان باشندوں کے خلاف قانون کے مطابق کارروائی مزید مؤثر بنانے کی بھی ہدایت جاری کی۔

غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ شہریوں کے لئے دردسر بن گئی

گرمی کی شدت میں بے پناہ اضافہ ہو چکا ہے اس کے ساتھ ہی بجلی کی غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ نے عوام کا جینا حرام کر دیا

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ اور شدت کی گرمی سے شہری نڈھال ہیں اوپر سے وقفے وقفے سے غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ شہریوں کے لئے دردسر بن گئی ہیں ان خیالات کا اظہار ممبران مرکزی و صوبائی کونسل پاکستان مسلم لیگ ن ڈاکٹر خالد یاسین، راجہ ریاض احمد خان اور سینئر مسلم لیگی رہنما چوہدری شاہد وقار سلارہ نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ گزشتہ پندرہ روز سے جہاں گرمی کی شدت میں بے پناہ اضافہ ہو چکا ہے اس کے ساتھ ہی بجلی کی غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ نے عوام کا جینا حرام کر دیا ہے ہسپتالوں میں مریضوں میں دن بدن اضافہ ہو رہا ہے ایمرجنسی میں مریضوں طبی سہولیات فراہم کرنے کا فقدان دیکھنے میں آیا ہے ایمرجنسی میں زیادہ مریضوں کی تعداد گرمی کے باعث آنے والوں کی ہے جن میں سے اکثریت بزرگ امراض قلب، شوگر، بلڈ پریشر اور شیر خوار بچے شامل ہیں ذرائع کے مطابق شہر کو چند ماہ قبل دو سو کے وی واٹ کے ٹرانسفارمر مہیا کئے گئے ہیں جن کی تنصیب کا کام شروع ہو گیا ہے چند دنوں میں بجلی کی کمی و وولٹیج کی کم پر امید ہے کہ قابو پا لیا جائے

ڈاکٹرز نے جنگوں، قدرتی آفات و ہنگامی حالات میں مریضوں کی مسیحائی کی ہے۔ڈاکٹر شہباز احمد ملک

انسانی زندگیاں بچانے کیلئے ناساعد حالات میں بھی خدمات سرانجام دیتے ہیں۔ MD جناح ڈائیگناسٹک سنٹر

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو عامر جاوید) مایہ ناز بین الاقوامی طبی ماہر ڈاکٹر شہباز احمد ملک مینیجنگ ڈائریکٹر جناح ڈائیگناسٹک سنٹر سیالکوٹ نے ڈاکٹروں کے عالمی دن کے موقع پر سادہ مگر پروقار تقریب میں خطاب کرتے ہوئے کہا ہے کہ ڈاکٹرز انسانیت کے حقیقی مسیحا ہیں جو دن رات اپنی پیشہ ورانہ ذمہ داریاں نبھاتے ہوئے انسانی جانوں کو بچانے اور معاشرے کو صحت مند رکھنے میں کلیدی کردار ادا کرتے ہیں ڈاکٹری صرف ایک پیشہ نہیں بلکہ خدمتِ انسانیت کا عظیم مشن ہے ڈاکٹر مشکل ترین حالات میں بھی مریضوں کی جان بچانے کے لیے اپنی صلاحیتوں، علم اور تجربے کو بروئے کار لاتے ہیں ان کی شبانہ روز محنت قربانیاں اور خدمات قابل ستائش ہیں۔انہوں نے کہا کہ ملکی و بین الاقوامی سطح پر خصوصاً ہنگامی حالات، جنگوں، وباؤں اور قدرتی آفات کے دوران ڈاکٹروں نے جس بہادری ایثار اور فرض شناسی کا مظاہرہ کیا وہ پوری قوم کے لیے باعثِ فخر ہے ایسے معالجین معاشرے کے اصل ہیروز ہیں جو اپنی ذاتی آسائشوں کو پس پشت ڈال کر دوسروں کی زندگی بچانے میں مصروف رہتے ہیں ایک صحت مند معاشرہ تب ہی تشکیل پاتا ہے جب اس کے طبی ادارے مضبوط ہوں

قیام پاکستان سے لیکر آج تک قوم قرضوں کے بوجھ تلے دبی ہوئی ہے۔شیراز بٹ

افسوسناک امر یہ کہ حکومتوں کی عیاشیوں کیوجہ سے آج بھی ہم IMF کے مقروض ہیں



سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو عامر جاوید) سابق سیکرٹری جنرل سٹی ہاؤسنگ ڈیلرز ایسوسی ایشن سیالکوٹ شیراز بٹ معروف سیاسی و سماجی شخصیت نے حالات حاضرہ پر تبصرہ کرتے ہوئے میڈیا ٹاک میں کہا کہ افسوس کے ساتھ کہنا پڑتا ہے کہ قیام پاکستان سے لیکر آج تک وطن عزیز کی اشرافیہ معاشی مستحکم و طاقتور جبکہ عام عوام کمزور و مقروض ہے۔حکومت کی بجائے عام پاکستانی آئی ایم ایف کے قرضوں تلے دبے مہنگائی کی چکی میں پس رہے ہیں۔ پاکستان کی آدھی ابادی کی نمائندگی کرنے والی خواتین میں سے بزنس وورکنگ ویمن نکال کر عام خواتین بینظیر انکم سپورٹ ہو یا وزیر اعظم و وزیر اعلیٰ پنجاب ریلیف فنڈنگ یا پھر مخیر حضرات کیجانب سے زکوٰۃ خیرات و رمضان پیکیج وغیرہ باقی اپکو امداد لیتے یا مختلف بھیس میں بھیک مانگتے سڑکوں پر ملیں گی۔ہمارے ساتھ اور بعد میں آزاد ہونے والے ممالک ترقی کرتے و ویمن ایمپاورمنٹ میں کہاں سے کہاں پہنچ چکے اور افسوس کہ قیام پاکستان سے لیکر آج تک ہم غربت و افلاس بھوک و بھکاری و قرضوں سے ہی نکل نہ سکے اللہ تعالیٰ ہمیں اس سے نجات دے۔

منشیات ایک مہلک سماجی ناسور ہے۔جو نوجوان نسل کی صحت، کردار، صلاحیتوں اور روشن مستقبل کو تباہی کی جانب دھکیل رہا ہے

اگر اس لعنت کی بروقت اور مؤثر روک تھام نہ کی گئی تو اس کے سنگین اثرات پورے معاشرے کو اپنی لپیٹ میں لے سکتے ہیں: عظیم احمد طارق



کمالیہ (نمائندہ روزنامہ قوت علی رضا مسیح) سماجی و سیاسی شخصیت عظیم احمد طارق انصاری نے منشیات کے عالمی دن کے موقع پر اپنے خصوصی پیغام میں کہا ہے کہ منشیات ایک مہلک سماجی ناسور ہے جو نوجوان نسل کی صحت، کردار، صلاحیتوں اور روشن مستقبل کو تباہی کی جانب دھکیل رہا ہے۔اگر اس لعنت کی بروقت اور مؤثر روک تھام نہ کی گئی تو اس کے سنگین اثرات پورے معاشرے کو اپنی لپیٹ میں لے سکتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ منشیات کا استعمال صرف ایک فرد کی جسمانی، ذہنی اور اخلاقی صحت کو نقصان نہیں پہنچاتا بلکہ خاندانوں کے سکون، معاشرتی اقدار اور قومی ترقی کو بھی شدید متاثر کرتا ہے۔اس مسئلے سے نمٹنے کے لیے والدین، اساتذہ، سماجی و فلاحی تنظیموں، مذہبی رہنماؤں، میڈیا اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کو مشترکہ حکمتِ عملی کے تحت اپنا فعال کردار ادا کرنا ہوگا۔ عظیم احمد طارق انصاری نے کہا کہ نوجوانوں کو معیاری تعلیم، فنی تربیت، کھیلوں، مطالعے اور دیگر مثبت سرگرمیوں کی جانب راغب کرنا وقت کی اہم ضرورت ہے تاکہ ان کی صلاحیتوں کو درست سمت میں بروئے کار لایا جا سکے اور انہیں منشیات جیسی تباہ کن لعنت سے محفوظ رکھا جا سکے۔انہوں نے کہا کہ منشیات کے عالمی دن کا مقصد معاشرے کے ہر طبقے میں شعور و آگاہی پیدا کرنا، نوجوانوں کو منشیات کے تباہ کن اثرات سے آگاہ کرنا اور اس کے خلاف اجتماعی جدوجہد کو مضبوط بنانا ہے۔انہوں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ وہ مستقبل میں بھی نوجوان نسل کی فلاح، آگاہی اور منشیات سے پاک معاشرے کے قیام کے لیے اپنی سماجی اور صحافتی ذمہ داریاں بھرپور انداز میں ادا کرتے رہیں گے۔انہوں نے حکومت سے مطالبہ کیا کہ ہر شہر، قصبے اور دیہی علاقے میں کھیلوں کے میدان، سپورٹس کمپلیکس، لائبریریاں، فنی تربیتی مراکز اور نوجوانوں کے لیے مثبت تفریحی سہولیات فراہم کی جائیں تاکہ نوجوان صحت مند سرگرمیوں میں حصہ لے سکیں اور معاشرے کا مفید اور باکردار شہری بن سکیں۔آخر میں انہوں نے والدین، اساتذہ، سماجی کارکنوں اور عوام سے اپیل کی کہ وہ اپنے بچوں کی بہتر تربیت، مؤثر نگرانی اور اخلاقی رہنمائی کو یقینی بنائیں اور منشیات کے خلاف قومی مہم میں بھرپور کردار ادا کریں، کیونکہ منشیات سے پاک، صحت مند اور محفوظ معاشرہ ہی ایک روشن، ترقی یافتہ اور خوشحال پاکستان کی بنیاد ہے۔

ڈاکٹرز شہباز احمد ملک

ڈپٹی کمشنر ننکانہ نے ڈسٹرکٹ ہیڈکوارٹر ہسپتال کا اچانک دورہ کیا

ڈاکٹرز، نرسنگ سٹاف اور دیگر عملے کی حاضری چیک کی انہوں نے ایمرجنسی، مختلف وارڈز اور طبی سہولیات کا تفصیلی جائزہ لیا

ننکانہ صاحب (چوہدری محمد عرفان گجر) ڈپٹی کمشنر محمد تسلیم اختر راو نے ڈسٹرکٹ ہیڈکوارٹر ہسپتال کا اچانک دورہ کیا۔ڈپٹی کمشنر نے ڈاکٹرز، نرسنگ سٹاف اور دیگر عملے کی حاضری چیک کی انہوں نے ایمرجنسی، مختلف وارڈز اور طبی سہولیات کا تفصیلی جائزہ لیا۔ڈپٹی کمشنر نے مریضوں اور ان کے لواحقین سے ملاقات اور فراہم کی جانے والی سہولیات کے بارے میں دریافت کیا۔دوران وزٹ ڈپٹی کمشنر محمد سلیم اختر راو نے ہسپتال انتظامیہ کو ہدایت جاری کرتے ہوئے کہا کہ ہسپتال میں ادویات کی دستیابی، صفائی ستھرائی اور طبی آلات کی فعالیت یقینی بنائی جائے۔وزیر اعلیٰ پنجاب کے وژن کے مطابق عوام کو بہترین طبی سہولیات کی فراہمی ترجیح ہے۔ڈپٹی کمشنر نے کہا کہ طبی سہولیات کی فراہمی میں غفلت یا کوتاہی ہرگز برداشت نہیں کی جائے گی۔انہوں نے مزید کہا کہ بہترین علاج معالجے اور مفت ادویات کی فراہمی ہر شہری کا بنیادی حق ہے۔

نامعلوم لاش برآمد

نوشہرہ ورکاں (تحصیل رپورٹر) تھانہ تلے عالی کے نواحی گاؤں مجوچک میں یہ نامعلوم بندہ انتقال کر

گیا ہے اس کی شناخت نہیں ہو سکی معززین اہل دیہہ نے تھانہ تلے عالی میں اطلاع دی ایس ایچ او تھانہ تلے عالی صفدر عطاء بھٹی زیل آفیسر محمد بجوار اے ایس آئی موقع پر پہنچ گئے انہوں نے کہا کہ اگر یہ شخص کسی کی پہچان میں آئے وہ ان کے گھر والوں کو بتائے اہلیان مجوچک کیطرف سے بتایا جا رہا ہے کہ یہ بندہ تلے عالی کا ہے معلومات کے لیے تھانہ تلے عالی کے افسران ایس ایچ او صفدر عطاء بھٹی متعلقہ زیل افیر محمد بجوار منچ ASI تھانہ تلے عالی سے

فیملی کیس میں عدالت عظمیٰ کے ریمارکس تاریخ ساز ہیں۔خواجہ علی شیر Ahc

شوہر یا سسرال والے دلہن کے زیورات و کفنس پر حق نہیں رکھتے۔مومن علی Ahc

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو عامر جاوید) شوہر یا سسرال کوئی ملکیتی حق نہیں رکھتے شادی میں دلہن کو ملنے والے سونے کے زیورات اسی کی ذاتی ملکیت ہیں ان باتوں کا اظہار معروف لاء آفیسرز خواجہ علی شیر ایڈووکیٹ ہائی کورٹس و مومن علی ایڈووکیٹ ہائی کورٹس نے خواجہ لاء ایسوسی ایٹس چیمبر میں صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔انہوں نے کہا کہ سپریم کورٹ کے فیملی کیس کے دوران حالیہ ریمارکس کہ شادی میں دلہن کو ملنے والے سونے کے زیورات اسی کی ذاتی ملکیت ہیں تاریخی نوعیت کے ہیں۔چیف جسٹس کی سربراہی میں سپریم کورٹ کے 3 رکنی بینچ کا حوالہ دیتے ہوئے اپنے مشترکہ بیان میں انہوں نے کہا کہ عدالت عظمیٰ کے حکمنامہ کے مطابق شوہر یا سسرال دلہن کے زیورات پر کوئی ملکیتی حق نہیں رکھتے، دلہن کے زیورات روکنا اس کے ملکیتی حق سے غیر قانونی محرومی ہے۔بیوی اپنے زیورات کی واپسی کیلئے فیملی کورٹ سے رجوع کر سکتی ہے۔دلہن کو ملنے والے برائیڈل کفنس بھی اس کی ذاتی ملکیت تصور ہوں گے۔عدالت عظمیٰ کے حکمنامہ کے مطابق والدین کی جانب سے دلہن کو دیا گیا سونا اسکی ذاتی ملکیت قرار دیا گیا۔حکمنامہ کے مطابق فیملی کورٹ کو بیوی کے ذاتی سامان، زیورات کے کیسز سننے کا مکمل اختیار ہے، سپریم کورٹ نے سونے کے زیورات سے متعلق اپیل مسترد کرتے ہوئے درخواست خارج کر دی۔عدالت عظمیٰ کے حکمنامہ کے مطابق شوہر، ساس کے خلاف زیورات کی واپسی کا دعویٰ فیملی کورٹ میں قابل سماعت ہے۔

منڈی صادق گنج: سب ڈویژن میپکو میں بدانتظامی عروج پر

ایس ڈی او سب ڈویژن میپکو منڈی صادق گنج احسن میمن کی نااہلی سے عوامی مسائل حد سے بڑھ گئے دفتر پرائیویٹ افراد چلانے لگے

منڈی صادق گنج (نامہ نگار) میپکو سب ڈویژن منڈی صادق گنج میں مسائل کی بھرمار ہو چکی ہے سب ڈویژن میپکو منڈی صادق گنج میں اپنے چھوٹے چھوٹے مسائل کے حل کے لئے آنے والے سائلین کو بھی کئی کئی روز تک ذلیل و خوار ہونا پڑ رہا ہے سب ڈویژن میپکو منڈی صادق گنج میں تعینات ایس ڈی او احسن میمن کی انتظامی نااہلی کے باعث سائلین مسائل کے حل نہ ہونے سے شدید پریشان ہیں جبکہ ذرائع کے مطابق سب ڈویژن میپکو منڈی صادق گنج میں تعینات ایس ڈی او احسن میمن نے دیر سے دفتر آنا معمول بنا رکھا ہے ایس ڈی او احسن میمن دن بارہ بجے اس وقت دفتر پہنچتے ہیں جب سائلین انتظار کر کر کے گھروں کو چلے جاتے ہیں جبکہ ایس ڈی او نے دفتر سب ڈویژن پرائیویٹ افراد کے حوالے کر رکھا ہے ایس ڈی او کی موجودگی میں بھی پرائیویٹ افراد دفتر چلا رہے ہوتے اور وہ پرائیویٹ افراد سائیلین سے کھلے عام پیسے مانگتے ہیں شہریوں نے فوری طور پر چیف میپکو ملتان سے سب ڈویژن منڈی صادق گنج میں جاری بدانتظامی پر نوٹس لینے اور اصلاح احوال کا مطالبہ کیا ہے۔

ضلعی انتظامیہ ننکانہ صاحب کی جانب سے ڈرینز اور نالوں کی صفائی کا عمل تیزی سے جاری

متعلقہ ادارے روزانہ کی بنیاد پر ڈرینز اور نالوں کی صفائی کے عمل کو یقینی بنا رہے ہیں



ننکانہ صاحب (چوہدری محمد عرفان گجر) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی خصوصی ہدایت پر مون سون بارشوں کے پیش نظر ضلعی انتظامیہ ننکانہ صاحب کی جانب سے ڈرینز اور نالوں کی صفائی کا عمل تیزی سے جاری ہے۔ان خیالات کا اظہار ڈپٹی کمشنر ننکانہ صاحب محمد تسلیم اختر راو نے ممکنہ بارشوں کے پیش نظر ضلعی اداروں کی جانب سے کیے جانے والے پیشگی انتظامات بارے اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے کیا۔انہوں نے کہا کہ متعلقہ ادارے روزانہ کی بنیاد پر ڈرینز اور نالوں کی صفائی کے عمل کو یقینی بنا رہے ہیں، اربن فلڈنگ کے خطرے کے پیش نظر ڈرینز اور نالوں کی صفائی کو بروقت یقینی بنایا جا رہا ہے۔ڈپٹی کمشنر نے کہا کہ ممکنہ بارشوں کے پیش نظر پیشگی انتظامات کو بروقت مکمل کیا گیا ہے، ہنگامی صورتحال سے نبرد آزما ہونے کے لیے مشینری اور عملے کو بھی الرٹ رکھا گیا ہے جبکہ رپورٹنگ کے لیے ڈسٹرکٹ ایمرجنسی آپریشن سنٹر، ریسکیو 1122 میونسپل اداروں سمیت دیگر تمام ضلعی ادارے کسی بھی ہنگامی صورتحال سے نمٹنے کے لیے ہمہ وقت تیار ہیں۔اجلاس میں ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ریونیو ماہین فاطمہ، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل سفیان دلاور، اسسٹنٹ کمشنرز سمیت دیگر افسران بھی موجود تھے۔

ساہیوال اڈا 64 پل پر قبضہ مافیا کا راج، سڑکیں سکڑ کر رہ گئیں

ٹریفک کا نظام درہم برہم انتظامیہ کی کارکردگی فوٹو سیشن تک محدود، شہری پریشان

ساہیوال (بیورو رپورٹ) ساہیوال کے نواحی علاقہ اڈا 64 پل اور اس کے اطراف مبینہ طور پر بااثر قبضہ مافیا کی جانب سے قائم غیر قانونی تجاوزات کے باعث ٹریفک کی روانی شدید متاثر ہو رہی ہے۔دن بھر رہنے والے ٹریفک جام نے شہریوں، مسافروں، طلبہ، ملازمین اور تاجروں کی مشکلات میں کئی گنا اضافہ کر دیا ہے۔ مقامی شہریوں کے مطابق متعدد بار شکایات کے باوجود ضلعی انتظامیہ، متعلقہ اداروں اور پیرا فورس کی جانب سے مؤثر کارروائی عمل میں نہیں لائی جا سکی، جس کے باعث قبضہ مافیا کے حوصلے مزید بلند ہو رہے ہیں۔شہریوں کا کہنا ہے کہ پل اور مرکزی شاہراہ پر تجاوزات کے باعث نہ صرف آمدورفت متاثر ہو رہی ہے بلکہ کسی بھی ہنگامی صورتحال می

ادارتی صفحہ
EDITORIAL

علاقائی امن کا مستقبل؟

ایران اور امریکہ کے مابین نئی عسکری جھڑپوں نے ایک بار پھر مشرقِ وسطیٰ سمیت عالمی امن کو تشویشناک صورتحال سے دوچار کر دیا ہے۔ یہ ایک مسلمہ حقیقت ہے کہ جب بھی خطے میں امن کے چراغ روشن ہونے لگتے ہیں' امن مخالف اور عدم استحکام سے مفاد کشید کرنے والے عناصر متحرک ہو جاتے ہیں۔ حالیہ کشیدگی ایسے وقت میں سامنے آئی ہے جب ایران اور امریکہ کے مابین ورکنگ گروپ مذاکرات جاری ہیں اور دونوں ممالک دو ماہ کی قلیل مدت میں مسئلے کا پائیدار اور دوطرفہ قابلِ قبول حل نکالنے کیلئے کوشاں ہیں۔ تاہم اس بیچ ان نئی جھڑپوں نے یہ ثابت کر دیا ہے کہ دونوں ممالک کے مابین دہائیوں پہ محیط سرد مہری اور عدم اعتماد کی فضا ہنوز موجود ہے اور یہ چند ملاقاتوں اور مذاکراتی بیٹھکوں سے پُرجوش تعلقات میں نہیں بدل سکتی۔ طویل عرصے کی تلخیوں کو دور کرنے اور اعتماد سازی کی بحالی کیلئے مسلسل' صبر آزما اور مربوط سفارتی عمل کی ضرورت ہوتی ہے' جس میں خلوصِ نیت کے ساتھ وقت بھی درکار ہوتا ہے۔ گزشتہ ہفتے پاکستان اور قطر کی ثالثی میں سوئٹزرلینڈ میں ہونے والے لیک لوسرن مذاکرات کا بنیادی مقصد دونوں ممالک کے مابین براہِ راست تصادم کو روکنے کیلئے ایک مضبوط اور پائیدار فریم ورک تیار کرنا تھا۔ اس امن عمل کے تحت یہ طے پایا تھا کہ دونوں طاقتیں اپنے باہمی تنازعات اور کسی بھی قسم کی غلط فہمی کو دور کرنے کیلئے 'ہاٹ لائن' اور 'ڈی کنفلکشن سیل' کو بروئے کار لائیں گی' لہٰذا ان روابط کو فعال و مضبوط کیا جانا چاہیے۔ تاریخ شاہد ہے کہ سرد جنگ کے دور میں امریکہ اور سوویت یونین کے مابین قائم ہاٹ لائن نے کم از کم پانچ ایسے مواقع پر دنیا کو ایٹمی جنگ سے محفوظ رکھا جہاں محض تکنیکی خرابی یا غلط فہمی کی وجہ سے دوطرفہ حملے کا خطرہ پیدا ہو گیا تھا۔ اس حقیقت سے بھی انکار ممکن نہیں کہ دنیا میں ایسے بہت سے امن مخالف عناصر اور گروہ سرگرم ہیں جو ایران اور امریکہ کے مابین کسی بھی قسم کے مذاکراتی عمل کو سبوتاژ کرنا چاہتے ہیں۔ یہ عناصر خطے میں مستقل عدم استحکام کے خواہاں ہیں کیونکہ ان کے تزویراتی اور اقتصادی مفادات جنگی ماحول سے جڑے ہوئے ہیں۔ جب بھی تہران اور واشنگٹن کے مابین برف پگھلنے لگتی ہے' عسکری جارحیت' سائبر اور پراکسی حملوں میں اچانک تیزی آ جاتی ہے۔ خلیج عمان اور آبنائے ہرمز جیسی حساس تجارتی گزرگاہوں' جہاں سے دنیا کی کُل ضرورت کا تقریباً 20 فیصد خام تیل گزرتا ہے' میں معمولی سی اشتعال انگیزی بھی عالمی معیشت کو اربوں ڈالر کا نقصان پہنچاتی ہے۔ امن کے دشمنوں کی سازشوں کا ادراک کرتے ہوئے انہیں ناکام بنانے کیلئے دونوں ممالک کی قیادت کو گہری بصیرت اور تحمل کا مظاہرہ کرنا ہوگا۔ موجودہ نازک صورتحال میں امن کوششوں کو رائیگاں کرنے اور کشیدگی بڑھانے کیلئے فالس فلیگ کارروائی کا امکان بھی خارج از امکان نہیں ہے۔ تاریخ میں کئی جنگیں ایسے مبہم واقعات کے بعد شروع ہوئیں جن کی حقیقت بعد میں کچھ اور نکلی۔ لہٰذا جب تک ورکنگ گروپس کے مذاکرات کسی حتمی حل تک نہیں پہنچ جاتے' فریقین کو ازحد احتیاط کا مظاہرہ کرنا ہوگا اور ہر قدم پھونک پھونک کر اٹھانا ہوگا۔ دنیا ابھی تک تیل بحران کے اثرات سے نہیں نکلی اور سپلائی لائن پوری طرح بحال نہیں ہوئی' ایسے میں کسی بھی نئی کشیدگی سے عالمی سطح پر افراطِ زر میں تین سے پانچ فیصد تک فوری اضافہ ہو سکتا ہے۔ اگرچہ دہائیوں پرانی مخاصمت کو راتوں رات دوستی میں بدلنا ممکن نہیں لہٰذا گزشتہ ساڑھے چار دہائیوں سے زائد عرصے سے جاری سفارتی اور معاشی تناؤ کے بعد باہمی اعتماد کو بحال کرنے کیلئے بتدریج ٹھوس اقدامات کرنا ہوں گے۔ تہران اور واشنگٹن کو یہ سمجھنا ہوگا کہ جنگ کسی مسئلے کا حل نہیں بلکہ بذاتِ خود ایک بہت بڑا مسئلہ ہے اور خطے سمیت پوری دنیا کی بقا صرف مذاکرات' سفارتی پختگی اور باہمی روابط کو مضبوط بنانے ہی میں پنہاں ہے۔

کیا ایران مشرق وسطیٰ کی نئی 'سپر پاور' ہے؟

ایران جنگ کے خاتمہ کے بعد پاکستان اور دیگر ممالک میں امریکی جارحیت اور کسی بھی سپر پاور کے جبر و تسلط کے خلاف احتجاج کرنے والے جنگ میں ایران کی فتحیابی کا جشن منا رہے ہیں۔ دونوں ملکوں کے درمیان طے پانے والی مفاہمتی یادداشت کو اس حوالے سے دستاویز کے طور پر پیش کیا جا رہا ہے۔ یہ دعویٰ بھی سامنے آیا ہے کہ اب ایران ہی مشرق وسطیٰ میں فیصلہ کن قوت کی حیثیت رکھتا ہے۔ ایران اور امریکہ کے درمیان تنازعہ کا جائزہ لیا جائے تو تمام تر خواہش و امید کے باوجود یہ قیاس کرنا ممکن نہیں ہے کہ دونوں ملکوں کے درمیان امن کا کوئی پائیدار معاہدہ طے پا جائے گا۔ یوں لگتا ہے کہ فریقین ایک دوسرے کے خلاف کامیابی کے دعوے کرتے رہیں گے اور حالات میں کوئی خاص پیش رفت نہیں ہو سکے گی۔ یہ قیاس حقیقت میں تبدیل ہونے کی صورت میں بھی امریکہ شاید اب ایک بار پھر ایران پر بمباری کا آغاز نہ کرے۔ صدر ٹرمپ کو دنیا بھر میں ہی نہیں بلکہ اندرون ملک بھی اس جنگ کی شدید مخالفت کا سامنا ہے۔ کانگرس کے بعد اب سینیٹ بھی ایران کے خلاف جنگ بند کرنے کا مطالبہ کر چکی ہے۔ اس لیے اگر ایران نے یک طرفہ طور سے شدید جارحیت کا مظاہرہ نہ کیا تو شاید جنگ دوبارہ شروع نہ ہو سکے۔ اس کے باوجود یہ باور کرنا ممکن نہیں ہے کہ تنازعہ اب ختم ہو چکا ہے اور دونوں ملک بقائے باہمی کے متفقہ اصول پر چلنے پر راضی ہیں۔ اس شبہ کی سب سے بڑی وجہ تو مفاہمتی یادداشت ہو جانے کے باوجود دونوں جانب سے ایک دوسرے پر زبانی گولہ باری کا سلسلہ ہے۔ صدر ٹرمپ نے تو ایک تازہ بیان میں ایران پر جنگ بندی کی خلاف ورزی کا الزام بھی لگایا ہے۔ دوسری طرف ایران ایک طرف ہمسایہ ممالک کو دھمکا رہا ہے تو دوسری طرف لبنان سے اسرائیلی فوج کے انخلا کے سوال پر سخت موقف اختیار کیے ہوئے ہے۔ یہ مطالبہ اگرچہ مفاہمی یادداشت میں طے شدہ اصول کے مطابق ہے کہ جنگ بندی کا اطلاق لبنان پر بھی ہوگا۔ اسرائیل لبنان میں مکمل جنگ بندی پر راضی نہیں ہے۔ دوسری طرف حزب اللہ اعلان کر رہی ہے کہ جب تک اسرائیلی فوجیں جنوبی لبنان میں موجود رہیں گی، ان کو نشانہ بنانا قومی خودمختاری کا تقاضا ہے۔ اس موقف میں سب سے مضحکہ خیز نکتہ یہ ہے کہ حزب اللہ، اسرائیل سے تو لبنان کی خودمختاری کا مطالبہ کرتے ہوئے انخلا پر اصرار کر رہی ہے لیکن وہ خود لبنان میں حاکمیت کے اس بنیادی اصول کو تسلیم نہیں کرتی کہ جنگ کرنے یا ملک کی حفاظت کا کام کسی خود مختار مسلح گروہ کا کام نہیں ہوتا بلکہ کسی بھی ملک کی حکومت ہی اس بارے میں فیصلہ کر سکتی ہے۔ لبنانی حکومت تو اسرائیل کے ساتھ مذاکرات کر کے کسی بھی طرح ایک خودسر ہمسایہ ملک کو راضی کرنے کی کوشش کرتی ہے۔ لیکن حزب اللہ چند ڈرون یا میزائل پھینک کر ان کوششوں کو ناکام بنا دیتی ہے۔ اس معاملہ میں جہاں حزب اللہ پر لبنان کی خودمختاری کو تسلیم نہ کرنے کا شبہ کیا جا سکتا ہے تو دوسری طرف دیکھا جا سکتا ہے کہ اس کی وفاداریاں لبنان سے زیادہ ایران کے ساتھ ہیں۔ اسی لیے ایران بھی حزب اللہ کو اپنا حصہ سمجھتے ہوئے، کسی بھی قیمت پر اس کی حفاظت اپنا فرض سمجھتا ہے۔ لیکن حالات کی مکمل تصویر دیکھنے سے معلوم ہو سکتا ہے کہ ایران کچھ عرصہ پہلے تک غزہ کے فلسطینی گروہ حماس کے بارے میں بھی ایسے ہی جذبات و خیالات رکھتا تھا۔ اسرائیل و امریکہ تو یہی مانتے ہیں کہ 7 اکتوبر 2023 کو حماس کا اسرائیل پر حملہ ایران کی مدد و تعاون سے کیا گیا تھا۔ اس حملہ میں اسرائیل کے لگ بھگ 1200 لوگ ہلاک ہوئے تھے۔ البتہ اس کے بعد اسرائیل نے غزہ پر جو جنگ مسلط کی، اس میں 73 ہزار بے گناہ شہری مارے جا چکے ہیں۔ ان میں ایک تہائی معصوم بچے بھی شامل ہیں۔ صدر ٹرمپ نے گزشتہ سال کے آخر میں غزہ امن منصوبہ کا اعلان کیا تھا۔ اس کے تحت نہ صرف غزہ کی تعمیر نو کے لیے فنڈ فراہم ہونے تھے بلکہ عالمی امن فورس نے غزہ کا انتظام سنبھال کر وہاں نمائندہ انتظامیہ کو فعال بنانے کے لیے کام کرنا تھا۔ تاہم ان دونوں پہلوؤں پر کام نہیں ہو سکا کیوں کہ حماس نے معاہدے کے مطابق ہتھیار پھینکنے سے انکار کیا ہے۔

جموں موسم کا حال بتاتی ہے

تحریر: وجاہت مسعود

طبیعت کی ناسازی کے باعث گزشتہ چند ہفتے حاضری سے معذور رہا۔ جموں سے موسم کا حال سنتا رہا۔ جموں کون ہیں۔ یہ ایک بالشت بھر کی چہار پایہ مخلوق ہیں جو کووڈ کی وبا کے ہنگام ایک صبح دروازے پر ٹھٹھرتی پائی گئیں۔ کامنی مسعود کی ماما جاگی۔ انہیں اٹھا کر گھر میں لے آئیں۔ جہاں آرا بیگم کا نام دیا گیا جو علی عثمان قاسمی کی نگہ تحقیق کی روشنی میں مختصر ہو کر جموں رہ گیا۔ اب جس گھر میں کسی پالتو جانور کا کوئی نشان تھا اور نہ روایت، وہاں جموں کے ناز اٹھانے کی پکار پڑی۔

جموں کے لئے مرغ کے تخم نیم برشت کا بندوبست ہوا۔ جموں کے لئے کھلونے خریدے گئے۔ صفائی کا سامان آیا۔ میں انسان کے دل کی کشادگی کا امکان دیکھتا اور خوش ہوتا تھا۔ کامنی بی بی تو اپنی رخصت ختم ہونے پر واپس چلی گئیں۔ جموں بیگم کا راج سلامت رہا۔ پورے گھر میں سر اٹھا کر چلتی ہیں۔ صوفے پر اپنی اماں سے لگ کے اس شان سے براجمان ہوتی ہیں کہ کیا کسی شیر کو جنگل میں ایسا اطمینان نصیب ہوگا۔

lallofmonarchtheaml survey

عظمیٰ باجی رات کے پہلے پہر میں جموں کے خورونوش کا سامان مہیا کر کے سونے چلی جاتی ہیں۔ جموں خالی ڈھنڈار گھر میں بوکھلائی ہوئی پھرتی ہیں۔ رات کے آخری پہر میں ایک بوڑھا نیند سے بھری آنکھیں لیے بھاری قدم اٹھاتا سیڑھیاں اترتا ہے تو جموں کسی نیم تاریک کونے سے اچانک نمودار ہو کر پیروں سے لپٹ جاتی ہیں۔ پنجوں پر اپنی تھوتھنی ملتی ہیں اور ملتجی آنکھوں سے خوراک کا مطالبہ کرتی ہیں۔ مجھے خوف آ لیتا ہے کہ انجانے میں اگر پاؤں اس ننھی جان پر پڑ گیا تو کیا ہوگا۔ بہتیرا پچکارتا ہوں کہ جموں بی بی اگر مجھے راستہ دو تو میں تمہاری بھوک مٹانے کا سامان کرتا ہوں مگر جموں کو طواف پائے ملامت سے غرض ہے۔ نندا سی آواز میں بولے اردو انگریزی جملے نہیں سمجھتیں۔ وام بھی اپنی سرشت میں جموں سے کچھ مختلف نہیں۔ حکومتیں ہر برس ماہرین معیشت کی مدد سے آمدنی اور اخراجات کا تخمینہ پیش کرتی ہیں۔ ترقی کے اہداف متعین کیے جاتے ہیں۔ اخراجات کی ترجیحات طے ہوتی ہیں اور پھر سال کے آخر میں معلوم ہوتا ہے کہ اہداف پورے نہیں ہو پائے۔ نیز یہ کہ عوام کی حقیقی غربت میں اضافہ ہوا ہے۔ اس دوران اصحاب زہد و تقویٰ بجٹ میں موجود قرضوں کی ادائی نیز سود کی مذمت میں دفتر سیاہ کرتے ہیں اور عوام اپنی محرومیوں کا نوحہ بیان کرتے ہیں۔ کوئی یہ نہیں بتاتا کہ جس اخلاقی نمونے میں سود کی ممانعت کی گئی ہے، اسی نظام اخلاقیات میں معاہدوں کی پابندی کا تاکید بھی کی گئی ہے۔ یہ قرض کی نے ہمیں دروازے پر دستک دے کر پیش نہیں کیے۔ ہم نے ان قرضوں کی منظوری کے لئے درپوزہ گری کی ہے۔ جبہ سائی کی جملہ مہارتیں بروئے کار لائے ہیں۔ قرضوں کی منظوری پر قوم کو مبارکباد دی ہے۔ پشتینی خوشامدیوں نے ان قرضوں کی منظوری پر قوم کو شادیانے بجانے کی تلقین کر رکھی ہے۔ اسلامی ممالک کی تنظیم کے ستاون رکن ممالک میں پاکستان پہلا ملک ہے جس نے 1991ء میں سود سے پاک معیشت کا آوازہ لگایا۔ وفاقی شرعی عدالت نے فیصلہ دیا کہ تمام قومی اور بین الاقوامی قرضوں پر سود کی ادائیگی ختم کی جائے۔ اس پر حکومت اور قریب ستر مالی اداروں نے شرعی عدالت میں اپیل داخل کی۔ دسمبر 1999ء میں وفاقی شرعی عدالت نے تفصیلی فیصلہ دیا کہ قرض کی اصل رقم پر کوئی بھی منافع یا اضافہ غیر اسلامی ہے۔ اس فیصلے کے مطابق 31 مارچ 2000ء تک کچھ مالی قوانین غیر موثر ہونا تھے اور جون 2001ء میں تمام متعلقہ قوانین کی تنسیخ قرار پائی تھی۔ جون 2002ء میں اس فیصلے پر نظر ثانی کی درخواست دائر کی گئی جو ربع صدی گزرنے کے باوجود تشنہ سماعت ہے۔ یہ رہا ہمارے مذہبی قوانین اور معاشی حقائق میں تصادم کا مآل۔ اب ایک نظر اس بجٹ پر ڈال لیجیے جو 12 جون کو قومی اسمبلی میں پیش کیا گیا اور ہنوز پارلیمانی توثیق کا منتظر ہے۔ اس بجٹ کا کل حجم 18 کھرب روپے ہے۔ گزشتہ برس کے بجٹ میں معیشت کے لئے 2.4 فیصد شرح نمو کا ہدف رکھا گیا تھا لیکن معیشت کی شرح نمو 7.3 فیصد تاہم 7.3 فیصد کی یہ شرح نمو بھی حالیہ چار برس میں بہترین معاشی کارکردگی قرار پائی۔ آئندہ برس کے لئے چار فیصد معاشی نمو کا ہدف مقرر کیا گیا ہے۔ افراط زر کی شرح 2.8 فیصد رہنے کا امکان ہے۔ مجوزہ بجٹ میں دفاعی اخراجات 18 فیصد اضافے کے ساتھ تین کھرب روپے کو پہنچ گئے ہیں

صوفی روایت اور کربلا

تحریر: محمد مہدی

تاریخ انسانی کے دفتر میں بعض واقعات ایسے ہیں جو زمان و مکان کی قیود سے آزاد ہو کر ابدیت کے افق پر ثبت ہو جاتے ہیں۔ وہ محض ایک عہد کی داستان نہیں رہتے بلکہ تمام عہدوں کی آواز بن جاتے ہیں۔ واقعہ کربلا بھی انہی حقائقِ جاوداں میں سے سرنامہ کلام حقیقت ہے۔ اگر تاریخ کی آنکھ سے دیکھا جائے تو یہ چند ساعتوں پر مشتمل ایک معرکہ تھا، لیکن اگر روحِ تاریخ کے باطن میں جھانکا جائے تو یہ خیر و شر، حق و باطل، صداقت و جبر اور حریت و استبداد کے درمیان وہ فیصلہ کن کشمکش تھی جس کی گونج آج بھی انسانی ضمیر کے ایوانوں میں سنائی دیتی ہے۔ اسی لیے جب صوفی روایت نے اپنے دل کی آواز کو شعر کے قالب میں ڈھالا تو اس کے تارِ دل سے جو نغمے ابھرے ان میں کربلا کی یاد ایک مقدس روشنی کی طرح جلوہ گر ہوئی۔ شاہ عبداللطیف بھٹائی ہوں یا سچل سرمست، خواجہ محمد زمان لنواری ہوں یا بیدل فقیر اور روحل فقیر، سب کے کلام میں کربلا محض ایک تاریخی واقعہ نہیں بلکہ ایک زندہ روحانی حقیقت کے طور پر جلوہ گر ہے۔

شاہ عبداللطیف بھٹائی کی "سر کیڈارو" کو پڑھیے تو محسوس ہوتا ہے کہ شاعر کا قلم نہیں چل رہا بلکہ کربلا کی ریت پر شہادتوں کی ایک نئی تاریخ رقم ہو رہی ہے وہ فرماتے ہیں؟ "اڑلِ ؟اری رات، سرَ ؟یی سوجھرو؟ یوجی نالوحق ساہ؟، تن کی موت نہ مات" "شب تاریک تھی مگر انہوں نے اپنے سر قربان کر کے روشنی پیدا کر دی؛ جن کا نام حق کے ساتھ وابستہ ہو جائے، موت بھی انہیں شکست نہیں دے سکتی"۔ شاہ صاحب کے نزدیک حضرت امام حسینؑ کی عظیم قربانی محض ایک خانوادہ؟ نبوت کی آزمائش نہ تھی بلکہ انسانی عظمت کی معراج تھی۔ دنیا کی تمام فتوحات وقتی ہوتی ہیں لیکن حق کے لیے دی جانے والی قربانی ہمیشہ کے لیے امر ہو جاتی ہے۔ یہی وجہ ہے کہ ان کے یہاں کربلا صرف المیہ داستان نہیں بلکہ فتحِ مبین کا اعلان ہے۔ یزید کے لشکر نے جسموں کو پامال کیا، لیکن حضرت امام حسینؑ نے روحِ انسانیت کو زندہ کر دیا۔ سچل سرمست کی طرف آیئے تو وہاں عشق اپنی تمام تر سرشاریوں کے ساتھ جلوہ گر نظر آتا ہے۔ سچل کے نزدیک کربلا دراصل عشق کی آخری منزل ہے۔ وہ عشق جو اپنے محبوب کی رضا کے سامنے دنیا کی ہر متاع کو حقیر جانتا ہے۔ ان کے کلام میں حضرت امام حسینؑ اس عاشقِ کامل کی صورت میں ابھرتے ہیں جس نے حیاتِ فانی کو حق کی بقا پر قربان کر دیا۔ سچل کے نزدیک کربلا یہ اعلان ہے کہ روح کی آزادی کو نہ تلوار مغلوب کر سکتی ہے اور نہ سلطنتیں خرید سکتی ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ ان کے اشعار میں حضرت امام حسینؑ حریتِ فکر اور آزادیِ ضمیر کے سب سے روشن استعارے کے طور پر جلوہ گر ہوتے ہیں۔

سید ثابت علی شاہ کی شاعری میں اہلِ بیتؑ کی محبت ایک روحانی نسبت کی صورت اختیار کر لیتی ہے۔ ان کے نزدیک کربلا ایمان کی کسوٹی تھی جہاں انسانوں کے ظاہر نہیں بلکہ باطن تولے گئے۔ وہ شہدائے کربلا کو معرفت کے ان بلند میناروں کے طور پر دیکھتے ہیں جن کی روشنی رہتی دنیا تک سالکانِ راہِ حق کی رہنمائی کرتی رہے گی۔ ان کے اشعار میں امام حسینؑ کی قربانی دین کی بقا اور شریعت کی حفاظت کا وہ سرمایہ قرار پاتی ہے جس کے بغیر اسلامی تاریخ کا باب ادھورا رہ جاتا۔

بیدل فقیر کی شاعری میں جب کربلا کا ذکر آتا ہے تو عشق اور معرفت ایک دوسرے سے ہم آغوش ہو جاتے ہیں۔ ان کے نزدیک عشق کی صداقت کا پیمانہ قربانی ہے، اور قربانی کی معراج کربلا ہے۔ وہ امام حسینؑ کو اس مردِ کامل کے طور پر پیش کرتے ہیں جس نے باطل کے سامنے سرِ تسلیم خم کرنے کے بجائے سرِ نیاز ہی کٹوا دینا پسند کیا۔ ان کے اشعار میں کربلا انسانی روح کے اس باطنی جہاد کی علامت بن جاتی ہے جو ہر زمانے میں ظلم اور حق کے درمیان جاری رہتا ہے۔

اکثر صوفیا کی شاعری میں یہی پیغام اپنی پوری معنویت کے ساتھ جلوہ گر ہے۔ وہ کربلا کو محبت، وفاداری اور اخلاقی جرات کا ایسا سرچشمہ سمجھتے ہیں جس سے انسانیت ہمیشہ سیراب ہوتی رہے گی۔ ان کے نزدیک حضرت امام حسینؑ کی شہادت کسی ایک قوم، ملت یا مسلک کی میراث نہیں بلکہ پوری انسانیت کا مشترکہ سرمایہ ہے۔ کربلا کا درس یہ ہے کہ جب حق اور باطل آمنے سامنے آ جائیں تو اہلِ حق کو نتائج کی پروا کیے بغیر صداقت کا علم بلند رکھنا چاہیے۔ حقیقت یہ ہے کہ ان تمام صوفی شعرا نے واقعہ؟ کربلا کو محض ایک موضوع نہیں سمجھا بلکہ اسے حیاتِ انسانی کے ایک آفاقی اصول کے طور پر پیش کیا ہے۔ ان کے نزدیک حضرت امام حسینؑ تاریخ کا ایک کردار نہیں بلکہ ضمیرِ انسانیت کی ابدی آواز ہیں۔ وہ آواز جو ہر دور کے نمرود، فرعون اور یزید کو للکارتی اور ہر عہد کے مظلوموں کو حوصلہ عطا کرتی ہے۔

چنانچہ اگر شاہ لطیف کی سر کیڈارو، سچل کا نغمہ؟ عشق، سید ثابت علی شاہ کی روحانی بصیرت، بیدل کی معرفت اور انسان دوستی ایک نقطے پر جمع ہوتے ہیں تو وہ نقطہ کربلا ہے۔ وہی کربلا جس نے ثابت کر دیا کہ تلواریں جسموں کو زخمی کر سکتی ہیں مگر حق کی آواز کو خاموش نہیں کر سکتیں؛ سلطنتیں زمینوں پر حکومت کر سکتی ہیں مگر دلوں کی سلطنت ہمیشہ حضرت امام حسینؑ کے نام رہتی ہے۔

پاک بھارت تعلقات: الزامات اور دعوؤں سے آگے بڑھنے کی ضرورت

تحریر: سید مجاہد علی

وزیر اعظم شہباز شریف نے ایک بار پھر بھارت پر پاکستان میں دہشت گردی اور لاقانونیت پھیلانے کا الزام عائد کرتے ہوئے اسے مئی کے دوران جھڑپوں میں شکست خوردہ ملک قرار دیا ہے۔ اس بیان کے دونوں پہلو قابل توجہ ہیں۔ ایک تو یہ کہ اگر پاکستان بھارت پر پراکسی گروپوں کے ذریعے بدامنی پیدا کرنے کا الزام لگاتا ہے تو دوسری طرف بھارت بھی پاکستان کو دہشت گردوں کا سرپرست کہتا ہے۔ اور سرحد پار دہشت گردی کا ذمہ دار قرار دیتا ہے۔

پاکستان نیول اکیڈمی میں پاسنگ آو؟ٹ پریڈ سے خطاب کرتے ہوئے وزیر اعظم نے اس کے علاوہ مئی کے دوران بھارت کی شکست اور پاکستان کی فتح کی کہانی بڑھا چڑھا کر بیان کی۔ زیب داستان کے لیے یہ کہانی خوشگوار ہو سکتی ہے لیکن اسے بار بار دہرانے سے ملک کو درپیش مسائل حل نہیں ہو سکتے۔ دوسری طرف اگر بھارتی میڈیا یا سرکاری دعو؟ں کا مطالعہ کیا جائے تو ان میں بھی مئی کی جھڑپوں میں بھارت کی کامیابی کے شاندار دعوے نوٹ کیے جا سکتے ہیں۔ اس طرح یہ معاملہ بھی دوطرفہ دعو؟ں پر مشتمل ہے۔

اس نشاندہی کا ہرگز یہ مقصد نہیں ہے کہ پاکستان میں ہونے والی دہشت گردی یا تخریب کاری میں بھارتی و افغان ہاتھ ملوث نہیں ہیں لیکن سب سے بڑا سوال یہ ہے کہ ان کا ذکر کرنے سے تو مسائل حل نہیں ہوں گے۔ حکومت کو ان اقدامات کے بارے میں بتانا چاہیے جو ان مشکلات سے نکلنے کے لیے کیے گئے ہیں۔ یہ تو ہے کہ ملک کے تمام متاثرہ علاقوں کو جن میں خیبر پختون خوا اور بلوچستان خاص طور سے شامل ہیں، کو تقریباً فوج کی تحویل میں دے دیا گیا ہے۔ اس طرح امید کی جاتی ہے کہ دہشت گردوں کو ہلاک کر کے امن و امان بحال ہو جائے گا۔ تاہم تاریخ ہمیں یہی سبق سکھاتی ہے کہ دہشت گردی ختم کرنے کے لیے صرف فوجی طاقت کافی نہیں ہوتی بلکہ اگر صرف عسکری قوت پر انحصار کیا جائے تو عام طور سے مسائل کی شدت میں اضافہ ہوتا ہے۔ دہشت گردی کے حوالے سے یہ پہلو بھی نوٹ کرنا چاہیے کہ بلاشبہ کسی سانحہ میں ملوث لوگوں کو افغانستان میں تربیت ملتی ہوگی یا انہیں بھارت کی خفیہ ایجنسیاں فنڈز فراہم کرتی ہوں گی لیکن کوئی بھی ایجنسی اپنی پراکسیز کو فعال کرنے کے لیے مقامی لوگوں کی مدد و تعاون کی محتاج ہوتی ہے۔ کوئی بھی ملک یا اس کی ایجنسیاں باہر سے اپنے ایجنٹ بھیج کر مقامی لوگوں کی مدد و تعاون کے بغیر ہلاکت خیز کارروائیاں کرنے میں کامیاب نہیں ہو سکتیں۔ حکومت کو ہمسایہ ملک پر الزام تراشی کرتے ہوئے کم از کم یہ بھی سوچنا چاہیے کہ کیا وجہ ہے دشمن طاقتوں کو پاکستان کے اندر سے پاکستان کو کمزور کرنے والی کارروائیوں کے لیے مددگار مل جاتے ہیں۔ اس کی کیا وجہ ہو سکتی ہے؟ اس کی ایک وجہ بلاشبہ مالی فوائد ہوں گے۔ ہر ملک میں ایسے وطن فروش موجود ہوتے ہیں جو ذاتی مفاد کے لیے قومی سکیورٹی کا سودا کرنے پر آمادہ ہو جاتے ہیں۔ لیکن جس وسعت اور تسلسل سے پاکستان میں دہشت گردی کے واقعات ہوتے رہے ہیں، ان کی روشنی میں صرف یہ عذر کافی نہیں ہو سکتا۔ اس کی دوسری بڑی وجہ مقامی طور سے لوگوں میں پائی جانے والی بے چینی، ناپسندیدگی، حکومت سے ناراضی اور اپنے بنیادی حقوق سے محرومی کا احساس ہے۔ پاکستان کے چھوٹے علاقوں میں یہ احساس کئی دہائیوں سے پروان چڑھتا رہا ہے لیکن کسی بھی حکومت نے اس کا نوٹس لینے اور اس کی وجوہات پر غور کرنے کی ضرورت محسوس نہیں کی۔ بلکہ ایک طرف دشمن پر الزام تراشی سے کام چلایا جاتا ہے تو دوسری طرف ملک کے اندر حقوق کی بات کرنے والے گروہوں یا افراد کو ملک دشمن قرار دے کر ان کی آوازیں دبانے کی کوشش ہوتی ہے۔ ان ہتھکنڈوں سے یہ دل شکستہ لوگ یا تو خاموش ہو کر بیٹھ رہتے ہیں یا بعض اوقات قانون شکن قوتوں کا آلہ کار بننے پر آمادہ ہو جاتے ہیں۔ بلوچستان میں سال ہا سال سے یہ صورت حال موجود رہی ہے لیکن کوئی بھی حکومت یا ریاستی ادارہ لاپتہ افراد کے بنیادی مسئلہ کا شافی حل بھی تلاش کرنے میں کامیاب نہیں ہوا۔ بھارت کو مورد الزام ٹھہرانے سے پہلے وزیر اعظم کو اس صورت حال پر بھی غور کرنا چاہیے۔ اور جانچنا چاہیے کہ دشمن کی تخریب کاری روکنے کے لیے کون سے اقدامات ضروری ہو سکتے ہیں۔

ملک میں عسکری گروہوں کے دنگا فساد یا دہشت گردی کا مقابلہ کرنے کے لیے بلاشبہ فوجی طاقت کا استعمال ہی واحد فوری حل ہو سکتا ہے لیکن ملک کے وسیع علاقوں کو فوج کے حوالے کرنے کا یہ نتیجہ بھی نکلتا ہے کہ وہاں بنیادی حقوق نظر انداز ہوتے ہیں اور سول زندگی مشکل ہو جاتی ہے۔ قومی میڈیا میں تو حکومت کے بیانات یا فراہم کردہ معلومات کی وجہ سے لوگوں کو دشمن کے نازیبا اور افسوسناک ہتھکنڈوں کا علم ہوتا رہتا ہے لیکن جن علاقوں میں میڈیا عام نہیں ہے اور جدت کے اس دور میں بھی جو علاقے ماڈرن مواصلاتی سہولتوں سے محروم ہیں، وہاں کے عوام تک حکومت کا پیغام تو نہیں پہنچتا لیکن تخریبی عناصر کی پھیلائی ہوئی معلومات ضرور عام ہو جاتی ہیں۔ کیوں کہ قومیت پسندی یا علاقائی خودمختاری یا قبائلی تعلق کی بنیاد پر یہ عناصر کسی نہ کسی طرح دیہات ور دور دراز علاقوں میں لوگوں سے جڑے ہوتے ہیں۔ حکومت فوج کے مسلسل استعمال، طاقت پر بھروسا کرنے اور مواصلاتی سہولتیں عام نہ کرنے کے سبب ایسی رسائی حاصل نہیں کر پاتی۔ اس کمزوری کی ذمہ داری دشمنوں کی بجائے، اپنی نالائقی اور غلط ترجیحات پر عائد ہوتی ہے۔ وزیر اعظم کو ہمسایہ ملک پر الزام لگاتے ہوئے اس کا ادراک بھی ہونا چاہیے۔ بھارت ایک بڑا اور طاقت ور ملک ہے۔ اس نے آپریشن سندور کا آغاز کیا اور ڈھٹائی سے اب تک اسے جاری رکھنے کا دعویٰ کرتا ہے۔ اس کا مطلب ہے پاکستان کے سر پر ایک نئی جنگ کی تلوار مسلسل لٹک رہی ہے اور حکومت اپنے قلیل وسائل کے باوجود فوج کے اخراجات بڑھانے پر مجبور ہے۔

لوگوں کے ذہنوں پر ستاروں کے اثرات

تحریر: سمیرا چودھری

اس میں کوئی شک نہیں کہ بعض شخصیات امتیازات کے حقیقتاً بے حد اہل ہوتے ہیں بلکہ یہ ستارے یا امتیازات ان کی خدمات کے سامنے بہت کم حیثیت رکھتے ہیں۔ یہ ان امتیازات کی خوش نصیبی ہوتی ہے کہ ان کو ایسے چیمپئز میسر آ جائیں یا وہ ان امتیازات کو قبول کر لیں۔ پچھلے دنوں ستارہ امتیاز اس قدر ایوارڈ ہوئے کہ بہت سے لوگ سوچنے پہ مجبور ہو گئے کہ وہ بھی ان امتیازات کے اہل ہو سکتے تھے لیکن ان بے بیچاروں کو نہ مل سکے۔ وہ بہت سے لوگوں کو پوچھتے پھر رہے ہیں کہ وہ ان ستاروں کو کیسے حاصل کر سکتے ہیں۔ ایک دو نے مجھ سے بھی پوچھا کہ وہ ان ستاروں تک کیسے پہنچ سکتے ہیں میں نے انتہائی عاجزی کے ساتھ معذرت کی کہ ہم تو نہ تین میں ہیں نہ تیرا میں ہم بالکل بھی نہیں جانتے۔ لوگ حیران ہیں کہ اگر اس قدر زیادہ ستارے پائے جاتے تھے تو ان کو میسر کیوں نہیں آئے۔ یا جن کو میسر آئے وہ کن وجوہات کی بنا پر آئے۔ بعضوں نے تو باقاعدہ نام لے لے کر ستارے پانے والوں کی دھجیاں اڑائیں یہ جانتے ہوئے بھی کہ ان کے اپنے دامن میں کچھ بھی نہیں ہے۔ خیر کافی لوگوں کے ذہنوں پر ان ستاروں کے بہت گہرے اثرات مرتب ہوئے ہیں اب وہ دن رات اس کوشش میں ہیں کہ وہ اس کی کھوج کسی نہ کسی طرح لگائیں کہ یہ ستارے وہ کیسے حاصل کر سکتے ہیں۔ میں صبح کی نماز پڑھ کر دوبارہ سونے کی کوشش میں تھی کہ ہمارے ڈاکٹر صاحب کے فون پہ زوردار بیل بجی میں پریشان ہوئی کہ اللہ خیر کرے اتنی صبح کوئی ایمرجنسی نہ ہو۔ ڈاکٹر صاحب جو گھوڑے بیچ کے سو رہے تھے ان پر اس بیل کا کوئی اثر نہ ہوا لیکن مجھے تشویش ہوئی اتنے میں بیل دوبارہ چیخی میں نے جلدی سے موبائل چارجنگ سے اتار کر ڈاکٹر صاحب کے کان کے قریب رکھ دیا تا کہ وہ اٹھ کر اس ایمرجنسی سے نمٹ سکیں۔ کیوں کہ ان کو خواب غفلت سے جگانے کا یہی ایک طریقہ مجھے معلوم تھا اور خود سہمی ہوئی ایک طرف کھڑی ہو گئی۔ وہ ہڑبڑا کر اٹھے جلدی س

انٹرنیشنل

لبنان کے شہر بیروت کے جنوبی مضافات میں شیعہ مسلمان عقیدتمند ایک مذہبی ماتمی جلوس میں شریک ہیں

جرمن ائیرلائن لفتھانزا کی ایندھن کی کمی کی وجہ سے 40 طیارے گراؤنڈ کرنے کی رپورٹس کی تردید

برلن (این این آئی) جرمن ائیرلائن لفتھانزا نے سپیگل میگزین کی اس رپورٹ کی تردید کردی ہے جس میں دعویٰ کیا گیا ہے کہ کمپنی ایوی ایشن فیول کی کمی کی وجہ سے اپنے بیڑے کے 40 طیاروں تک کو گراؤنڈ کرنے کی تیاری کر رہی ہے۔ عرب ٹی وی کے مطابق لوفتھانزا کے ترجمان نے بتایا کہ کمپنی اس رپورٹ کی مکمل تردید کرتی ہے۔ یہ بظاہر کسی اندرونی تقریب کی پرانی ریکارڈنگ پر مبنی تھی۔ واضح رہے کہ سپیگل میگزین نے ایک نجی بیان جاری کیا جس میں اس نے رپورٹ واپس لینے کا اعلان کیا ہے۔ جرمن ائیرلائن لفتھانزا کی ایندھن کی کمی کی وجہ سے 40 طیارے گراؤنڈ کرنے کی رپورٹس کی تردید

جی یوان: پانی اور تلچھٹ کے ضابطے کے آپریشن کے ایک حصے کے طور پر دریائے زرد پر واقع ژیاؤلانگڈی آبی ذخائر سے طوفان نکل رہے ہیں

نئی قسم کی عسکریت پسندی کو پنپنے اور خطرہ بننے کی ہرگز اجازت نہیں دی جائے گی، چین

نئی قسم کی عسکریت پسندی کو پنپنے، پھیلنے یا قومی سلامتی کے لیے خطرہ بننے کی ہرگز اجازت نہیں دی جائے گی، فوچونگ

اقوام متحدہ (این این آئی) چین نے کہا ہے کہ نئی قسم کی عسکریت پسندی کو پنپنے اور خطرہ بننے کی ہرگز اجازت نہیں دی جائے گی۔ عرب ٹی وی کے مطابق اقوام متحدہ میں چین کے مستقل مندوب فو چونگ نے جنرل اسمبلی میں اقوام متحدہ کمیشنر کے عالمی دن کی یادگاری تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ اس دن کی یاد صرف ماضی کا جائزہ لینے کے لیے نہیں بلکہ مستقبل کی سمت متعین کرنے کے لیے بھی ہے۔ انہوں نے کہا کہ موجودہ دور میں دنیا بے یقینی اور متعدد بحرانوں سے دوچار ہے جبکہ اقوام متحدہ کو بھی مختلف چیلنجز کا سامنا ہے، اس لیے تمام ممالک کو عملی اقدامات کے ذریعے اقوام متحدہ کے منشور کا تحفظ کرنا اور ادارے کو مزید موثر اور مضبوط بنانا ہوگا۔ فوچونگ نے کہا کہ تمام ممالک کو مشترکہ طور پر دوسری عالمی جنگ کی فتح کے نتائج کا دفاع کرنا چاہیے، تاریخ کا درست تصور مضبوطی سے قائم کرنا چاہیے، اور تاریخ کو مسخ کرنے والے کسی بھی غلط قول اور عمل کی مخالفت کرنی چاہیے۔ تاریخ کے المناک واقعات کو دوبارہ رونما ہونے، اور "نئی قسم کی عسکریت پسندی کو فروغ پا کر خطرہ بننے کی اجازت ہرگز نہیں دی جانی چاہیے۔ فوچونگ نے مزید کہا کہ تمام ممالک کو حقیقی کثیر الجہتی نظام پر عمل کرتے ہوئے بین الاقوامی امور میں اقوام متحدہ کے مرکزی کردار کی حمایت کرنی چاہیے اور ایک زیادہ منصفانہ اور متوازن عالمی نظام حکمرانی کے قیام کے لیے مشترکہ کوششیں کرنی چاہئیں۔ ان کا کہنا تھا کہ بڑی طاقتوں پر خصوصی ذمہ داری عائد ہوتی ہے کہ وہ قانون کی پاسداری کریں، درست راستہ اختیار کریں اور دوسروں کے لیے عملی مثال قائم کریں۔

خلیجی ممالک بیرونی مداخلت کے بغیر سکیورٹی فریم ورک تشکیل دیں: ایران

آبنائے ہرمز آئندہ 30 روز تک مکمل طور پر ایران کی نگرانی میں رہے گی، عراقی وزیر خارجہ کے ہمراہ پریس کانفرنس

امریکی واسرائیلی جارحیت کی ہمیشہ مخالفت کی، مغربی ایشیا میں سکیورٹی بڑھانے کیلئے ایران سے تعاون کریں گے، عراقی وزیر خارجہ

بغداد (این این آئی) ایران کے وزیر خارجہ عباس عراقچی نے کہا ہے کہ لبنان سے اسرائیل کا انخلا اور حملے روکنا مفاہمتی یادداشت کے تحت امریکہ کی ذمہ داری ہے۔ ایران کے وزیر خارجہ عباس عراقچی نے امریکی حملوں کے جواب میں مشرق وسطی میں امریکی اڈوں پر ایرانی حملوں کے بعد خلیجی ممالک کے ساتھ ایک مشترکہ سکیورٹی فریم ورک قائم کرنے کی اپیل کی ہے۔ عراق میں عراقی وزیر خارجہ فواد حسین کے ساتھ مشترکہ پریس کانفرنس کرتے ہوئے ایرانی وزیر خارجہ عباس عراقچی نے کہا کہ ہمیں ایک نیا سکیورٹی فریم ورک تشکیل دینا چاہئے جس میں خطے کے تمام ممالک شامل ہوں، اور اس میں خطے سے باہر کسی بھی ملک کی موجودگی یا مداخلت نہ ہو۔ عباس عراقچی نے کہا کہ آبنائے ہرمز آئندہ 30 روز تک مکمل طور پر ایران کی نگرانی میں رہے گی، خلیج میں بحری آمدورفت کی بحالی میں کسی بھی دوسرے فریق کی مداخلت معاملات کو مزید پیچیدہ بنائے گی، یہ جنگ پورے خطے کیلئے نقصان دہ ہے، خطے کو محفوظ رکھنے کیلئے تمام ممالک کو کام کرنا ہوگا۔ ایرانی وزیر خارجہ نے کہا کہ تہران، بغداد کے درمیان سٹریٹجک تعلقات کو وسعت دینا چاہتے ہیں، عراق ہم منصب کے ساتھ خطے کے اہم امور پر بات چیت ہوئی، عراق پہنچنے پر شاندار استقبال پر عراقی ہم منصب کا شکریہ ادا کرتا ہوں، امریکی حملے آبنائے ہرمز کی مکمل بحالی میں رکاوٹ ہیں۔ عباس عراقچی نے کہا کہ موجودہ علاقائی صورتحال کے تناظر میں عراق کا دورہ غیر معمولی اہمیت کا حامل ہے، عراق کی نئی حکومت کو مبارکباد پیش کرتا ہوں، آبنائے ہرمز پر ہمارا کنٹرول ہے، اسرائیل کو لبنان کے قبضے والے علاقوں سے نکل جانا چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ عراق کے دوشہروں میں آیت اللہ خامنہ ای کی آخری رسومات کو ترتیب دیا جائے گا، امریکہ کی ذمہ داری ہے کہ اسرائیل کو لبنان پر حملوں سے روکے، ایم او یو کے مطابق لبنان پر اسرائیلی حملے روکنا امریکہ کی ذمہ داری ہے۔ عراقی وزیر خارجہ فواد حسین نے کہا کہ آبنائے ہرمز کے اطراف اب بھی جھڑپیں ہو رہی ہیں، آبنائے ہرمز بند ہونے سے عراقی تیل کی سپلائی رک گئی تھی، یہ جنگ پوری دنیا کیلئے نقصان دہ ہے، جنگ کو اب ختم ہونا چاہئے۔ فواد حسین نے کہا کہ خطے کو محفوظ رکھنے کیلئے تمام ممالک کو کام کرنا ہوگا، ایرانی ہم منصب سے باہمی دلچسپی کے متعدد امور پر گفتگو ہوئی، آبنائے ہرمز کو کھلا رکھنے کی اہمیت پر زور دیا گیا ہے، ایران سے تعلقات کی بنیاد سٹریٹجک تعاون ہے۔ عراقی وزیر خارجہ نے کہا کہ ایران پر امریکی واسرائیلی جارحیت کی ہمیشہ مخالفت کی، مغربی ایشیا میں سکیورٹی بڑھانے کیلئے ایران سے تعاون کریں گے، جنگ کا تسلسل پورے خطے کی تباہی کا سبب بنے گا۔

چین میں سونے کی درآمد و برآمد سے متعلق قواعد میں ترامیم کی تجویز

مقصد افراد کی جانب سے سرحد پار لے جائے جانے والے سونے کے انتظام کو بہتر بنانا ہے، حکام

بیجنگ (این این آئی) چین کے ریگولیٹری اداروں نے سونے اور سونے کی مصنوعات کی درآمد و برآمد سے متعلق موجودہ قواعد وضوابط میں ترامیم کی تجویز پیش کی ہے جس کا مقصد انتظامی نظام کو مزید موثر بنانا، تجارت میں سہولت فراہم کرنا اور افراد کی جانب سے سرحد پار لے جائے جانے والے سونے کے انتظام کو بہتر بنانا ہے۔ عرب ٹی وی کے مطابق چین کے مرکزی بینک، پیپلز بینک آف چائنا نے بتایا کہ مجوزہ ترامیم جنرل ایڈمنسٹریشن آف کسٹمز کے اشتراک سے تیار کی گئی ہیں تاکہ بدلتے ہوئے معاشی حالات، قانونی تقاضوں اور پالیسی تبدیلیوں کے مطابق موجودہ ضابطہ کار کو جدید بنایا جاسکے۔ مجوزہ قواعد کے تحت وہ شق ختم کرنے کی تجویز دی گئی ہے جس کے مطابق پیپلز بینک آف چائنا اور کسٹمز حکام مشترکہ طور پر ان افراد کے لیے قواعد وضع کرتے تھے جو سرحد پار سونا یا سونے کی مصنوعات اپنے ساتھ لے جاتے یا ڈاک کے ذریعے بھیجتے تھے تاہم مسودے میں واضح کیا گیا ہے کہ سرحد پار سونے اور سونے کی مصنوعات کی نقل و حرکت بدستور کسٹمز کی نگرانی کے تحت رہے گی تاکہ انتظامی نظام کو مزید موثر بنایا جاسکے۔ مجوزہ ترامیم کا مقصد کاروباری اداروں اور عوام کے لیے سہولت میں اضافہ بھی ہے جس کے لیے عملی طور پر مؤثر ثابت ہونے والے انتظامی اقدامات کو باضابطہ قواعد کا حصہ بنایا جارہا ہے۔ مرکزی بینک کے مطابق ان ترامیم کے ذریعے پیشگی نگرانی کے نظام کو بھی مضبوط بنایا جائے گا، جس کے تحت کسٹمز کی نگرانی کے دائرہ کار کو مزید واضح کیا جائے گا، بیرونی تجارت سے وابستہ ایجنٹ کمپنیوں کی نگرانی بہتر بنائی جائے گی اور قواعد کی خلاف ورزی پر سزاں کے نظام کو مزید موثر بنایا جائے گا۔

میکسیکو کی صدر کلاڈیا شین بام اور اسپین کے بادشاہ فیلیپ ششم کی میکسیکو سٹی کے نیشنل پیلس میں ملاقات

چین میں نامزد سائز سے بالا صنعتی اداروں کے منافع میں 18.8 فیصد اضافہ

بیجنگ (این این آئی) رواں سال کے ابتدائی پانچ ماہ میں چین میں نامزد سائز سے بالا صنعتی اداروں کے منافع میں 18.8 فیصد کا اضافہ ریکارڈ کیا گیا ہے۔ چین کے قومی ادارہ شماریات نے اپنی رپورٹ میں بتایا کہ رواں سال جنوری سے مئی تک چین میں نامزد سائز سے بالا صنعتی اداروں کا کل منافع 3.14396 ٹریلین یوآن تک پہنچ گیا جو سال بہ سال 18.8 فیصد کا اضافہ ہے۔ سرکاری ملکیتی اداروں کا کل منافع 1.04866 ٹریلین یوآن رہا، جو سال بہ سال 19.6 فیصد کا اضافہ ہے۔ شیئر ہولڈنگ کمپنیوں کا مجموعی منافع 2.43481 ٹریلین یوآن رہا، جو سال بہ سال 24.1 فیصد کا اضافہ ہے۔

نیویارک: فرانسیسی فٹ بال کے شائقین فرانسیسی ترنگے کے نیچے دوڑ رہے ہیں

SPORTS سپورٹس

ٹیم کے ساتھ ناانصافی، ایرانی فٹبال ٹیم کے کپتان مہدی طارمی کی فیفا پر تنقید

نیویارک (این این آئی) ایرانی فٹبال ٹیم کے کپتان مہدی طارمی نے فیفا پر تنقید کرتے ہوئے کہا ہے کہ فیفا اور میزبان امریکہ نے ایران کے ساتھ غیر منصفانہ سلوک کیا ہے۔ ایرانی فٹبال ٹیم کے کپتان نے ایک انٹرویو میں کہا کہ فیفا نے مسائل حل کرنے کا وعدہ کیا لیکن کچھ بھی نہیں بدلا، ایرانی لاجسٹک عملے اور میڈیا کو اب تک ویزے نہیں مل سکے، ہر میچ کے بعد واپس جانا پیشہ ورانہ ٹورنامنٹ کے شایان شان نہیں۔ مہدی طارمی نے کہا کہ ہم میکسیکو کے عوام سے محبت کرتے ہیں، مسئلہ سفری انتظامات کا ہے، اگر ہمیں ٹورنامنٹ سے باہر کرنا ہے تو کردیں، لیکن یہ انصاف نہیں۔ ایرانی لاجسٹک عملے اور میڈیا کو اب تک ویزے نہیں مل سکے، ہر میچ کے بعد واپس جانا پیشہ ورانہ ٹورنامنٹ کے شایان شان نہیں، گفتگو

لندن: برطانیہ کی ایمارید وکانو آل انگلینڈ لان ٹینس اینڈ کروکٹ کلب میں چیمپئن شپ ومبلڈن 2026 سے پہلے تربیتی سیشن کے دوران خدمات انجام دے رہی ہیں

آئیپس وِچ: برائٹن ہومز ایرینا میں وومیراس اور میڈلیز کے درمیان اے ایف ایل ڈائیورسٹی سیریز گرلز میچ کے دوران میڈلیز ہینڈ بالز کی مشق کر رہی ہیں

کانگو نے اُزبکستان کو 3-1 سے ہرایا، پُرتگال اور کولمبیا کا میچ بغیر کسی گول کے برابر

ناک آؤٹ راؤنڈ میں پُرتگال کا میچ کروشیا سے ہوگا، کولمبیا کی ٹیم گھانا سے کھیلے گی، کانگو اور انگلینڈ آمنے سامنے ہوں گے

نیویارک (این این آئی) فٹ بال ورلڈ کپ کے گروپ کے کے میچ میں کانگو نے اُزبکستان کو ایک کے مقابلے میں تین گول سے شکست دے دی، جبکہ پُرتگال اور کولمبیا کا میچ دلچسپ مقابلے کے بعد بغیر کسی گول کے برابر رہا، ناک آؤٹ راؤنڈ میں پُرتگال کا میچ کروشیا سے ہوگا، کولمبیا کی ٹیم گھانا سے کھیلے گی، کانگو اور انگلینڈ آمنے سامنے ہوں گے۔ میگا ایونٹ کے گروپ میچز کے آخری روز گروپ کے کے بھی دو مقابلے ہوئے جس میں کانگو نے اُزبکستان کو تین ایک سے مات دی، میچ میں پہلے اُزبکستان نیشومورودوف کے گول کی بدولت برتری حاصل کی۔ دوسرے ہاف میں کانگو کی ٹیم کا پلہ بھاری رہا جس نے حریف پر تین گول داغ دیئے، اُن کی جانب سے دو گول ویسا نے اسکور کئے، ایک گول میلیے نے بنایا، راؤنڈ آف تھرٹی ٹو میں اُس کا مقابلہ انگلینڈ سے ہوگا۔ اسی گروپ کے ایک اور میچ میں پرتگال اور کولمبیا بغیر کسی گول کے برابر کھیل گئے، دُنیائے فٹ بال کے اسٹار کھلاڑی رونالڈو میچ میں بجھے بجھے دکھائی دیئے اور کوشش کے باوجود اپنی ٹیم کیلئے گول نہ کرسکے۔ پرتگال کو گروپ میں پانچ پوائنٹس کے ساتھ دوسری پوزیشن پر رہنے کے سبب اب ناک آؤٹ راؤنڈ میں کروشیا کا سامنا کرنا ہوگا جبکہ کولمبیا کی ٹیم گھانا کے مدمقابل آئے گی۔

ہاکی فیڈریشن کا قومی ٹیم کی حالیہ مایوس کن کارکردگی کے بعد ملکی ہاکی کے پورے ڈھانچے کو بدلنے کا اعلان

فیڈریشن نے کھلاڑیوں، انتظامیہ اور سلیکٹرز کے لیے 'زیرو ٹالرینس' اور سخت احتساب کی پالیسی نافذ کردی

عارضی فیصلوں کا وقت ختم ہوچکا ہے، ہاکی کی کھوئی ہوئی ساکھ بحال کرنے کیلئے 3 سے 4 سالہ جامع اسٹریٹجک پلان نافذ کیا جارہا ہے، محی الدین وانی

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان ہاکی فیڈریشن کی جانب سے نے قومی ٹیم کی حالیہ مایوس کن کارکردگی کے بعد ملکی ہاکی کے پورے ڈھانچے کو بدلنے کا اعلان کرتے ہوئے کھلاڑیوں، انتظامیہ اور سلیکٹرز کے لیے 'زیرو ٹالرینس' اور سخت احتساب کی پالیسی نافذ کردی ہے۔ پی ایچ ایف کی جانب سے جاری کردہ ایک اہم ترین پالیسی بیان میں ایف آئی ایچ (FIH) پرو لیگ کے آخری مرحلے میں قومی مینس ہاکی ٹیم کی ناقص کارکردگی اور پوائنٹس ٹیبل پر سب سے آخری نمبر پر آنے پر شدید مایوسی کا اظہار کیا گیا ہے اور واضح کیا گیا کہ یہ نتائج ٹیم کی جسمانی فٹنس، جدید کھیل کی سمجھ بوجھ اور حکمت عملی کی شدید کمی کو ظاہر کرتے ہیں جس کے لیے اب ہنگامی اور سخت ترین اقدامات ناگزیر ہوچکے ہیں۔ صدر پی ایچ ایف محی الدین احمد وانی نے اپنے بیان میں کہا کہ موجودہ مینجمنٹ نے محض چند ماہ قبل ہی فیڈریشن کا چارج سنبھالا تھا جبکہ پرو لیگ کے پہلے دو مراحل گزشتہ برس کھیلے جاچکے تھے۔ نئی انتظامیہ نے آتے ہی تمام تر انتظامی اور لاجسٹک مسائل کو حل کرکے ٹیم کی پرو لیگ کے آخری مرحلے میں شرکت کو یقینی بنایا۔ انہوں نے کہا کہ چیلنجز کے باوجود اسی اسکواڈ نے حال ہی میں ایف آئی ایچ ورلڈ کپ کے لیے کوالیفائی کرکے اپنی بنیادی صلاحیتوں کو ثابت کیا ہے۔ اس کے علاوہ، پاکستان کے جونیئر سیٹ اپ کی کارکردگی بھی نمایاں رہی ہے، جہاں انڈر-18 قومی ہاکی ٹیم نے جاپان میں شاندار کھیل کا مظاہرہ کرتے ہوئے برانز میڈل (تیسری پوزیشن) اپنے نام کیا۔ صدر پی ایچ ایف نے واضح کیا کہ اب وقتی حل یا عارضی فیصلوں کا وقت ختم ہوچکا ہے، ہاکی کی کھوئی ہوئی ساکھ بحال کرنے کے لیے 3 سے 4 سالہ جامع اسٹریٹجک پلان نافذ کیا جارہا ہے۔ جس میں اب سے قومی ٹیم میں سلیکشن اور سینٹرل کونٹریکٹس کو خالصتاً کارکردگی، فٹنس اور ڈسپلن کے سخت ترین معیار سے جوڑ دیا گیا ہے۔ غیر معیاری فٹنس یا نظم وضبط کی خلاف ورزی پر کوئی سمجھوتہ نہیں ہوگا۔ آسٹریلیا، ہالینڈ (ڈچ) اور جرمنی جیسے ہاکی کے مضبوط گڑھ سے تعلق رکھنے والے عالمی معیار کے کوچز اور ہائی پرفارمنس فٹنس ٹرینرز پر مشتمل پینل کو طویل المدتی بنیادوں پر پاکستان لایا جارہا ہے تاکہ وہ ہمارے جونیئر اور سینئر سیٹ اپ کو جدید خطوط پر استوار کرسکیں۔ صدر محی الدین وانی نے اپنے عزم کا اعادہ کرتے ہوئے کہا کہ اس چار سالہ پلان کے تحت مردوں کے ساتھ ساتھ گرلز ہاکی کی ترقی پر بھی برابر سرمایہ کاری کی جائے گی۔ ملک بھر میں خواتین اتھلیٹس کے لیے مخصوص ٹریننگ کیمپس، لوکلائزڈ پاتھ ویز اور بین الاقوامی معیار کی کوچنگ کا انتظام کیا جائے گا تاکہ عالمی سطح کے لیے خواتین کا مضبوط ٹیلنٹ تیار کیا جاسکے۔ پاکستانی ہاکی شائقین کے لیے ایک بڑی خوشخبری کا اعلان کرتے ہوئے صدر پی ایچ ایف نے بتایا کہ رواں سال جولائی میں جنوبی کوریا کی قومی ہاکی ٹیم ایک تاریخی دوطرفہ سیریز کے لیے پاکستان کا دورہ کرے گی۔

ناک آؤٹ راؤنڈ میں نہ پہنچنے کی شرمندگی، اسکاٹ لینڈ کے ہیڈ کوچ مستعفی

پہلے میچ میں اُس نے ہیٹی کو ایک صفر سے ہرا کر اچھا آغاز کیا تھا، بقیہ دو ٹیموں مراکش سے ایک صفر، برازیل سے تین صفر سے شکست ہوئی

نیویارک (این این آئی) فٹ بال ورلڈ کپ میں ٹیم کے ناک آؤٹ راؤنڈ میں نہ پہنچنے کی شرمندگی نے اسکاٹ لینڈ کے ہیڈ کوچ اسٹیو کلارک کو استعفیٰ دینے پر مجبور کردیا، انہوں نے سات برس تک اسکاٹش ٹیم کی کوچنگ کی۔ اسکاٹ لینڈ کی ٹیم گروپ سی میں شامل تھی، اس میگا ایونٹ کے پہلے میچ میں اُس نے ہیٹی کو ایک صفر سے ہرا کر اچھا آغاز کیا تھا تاہم اپنے گروپ کی بقیہ دو ٹیموں مراکش سے اُسے ایک صفر اور پھر برازیل سے تین صفر سے شکست ہوئی۔ اسکاٹ لینڈ کے ناک آؤٹ راؤنڈ میں پہنچنے کا دارمدار گروپ ایل کے ہونے والے کروشیا اور گھانا کے میچ پر تھا جس میں گھانا کو ایک کے مقابلے میں دو گول سے شکست ہوئی۔ گھانا کی ناکامی کے سبب اسکاٹ لینڈ کا ایونٹ میں سفر ختم ہوگیا، اسکاٹش فٹ بال ایسوسی ایشن کی جانب سے جاری کئے گئے بیان میں اسٹیو کلارک کے مستعفی ہونے کے بارے میں بتایا گیا جس میں اسٹیو کلارک نے ایسوسی ایشن، کھلاڑیوں اور شائقین کا شکریہ ادا کیا اور نئے آنے والے کوچ کیلئے نیک خواہشات کا اظہار کیا۔ پہلے میچ میں اُس نے ہیٹی کو ایک صفر سے ہرا کر اچھا آغاز کیا تھا، بقیہ دو ٹیموں مراکش سے ایک صفر، برازیل سے تین صفر سے شکست ہوئی، پہلے میچ میں اُس نے ہیٹی کو ایک صفر سے ہرا کر اچھا آغاز کیا تھا، بقیہ دو ٹیموں مراکش سے ایک صفر، برازیل سے تین صفر سے شکست ہوئی

سوڈ یگورا: کیمیلیا ہلز کنٹری کلب میں ارتھ مونڈا مین کپ کے دوسرے راؤنڈ کے باقی میچوں کے دوران کا منظر

الجزائر اور آسٹریا راؤنڈ آف 32 میں ان، ایران فٹبال ورلڈ کپ سے باہر

نیویارک (این این آئی) فٹبال ورلڈ کپ میں الجزائر اور آسٹریا کا سنسنی خیز میچ تین تین گول سے برابر ہوگیا۔ دونوں ٹیمیں گروپ جے سے راؤنڈ آف 32 میں پہنچ گئی ہیں اور اس نتیجے کے بعد ایران فٹبال ورلڈ کپ سے باہر ہوگیا ہے۔ الجزائر اور آسٹریا کا میچ ابتدائی 60 منٹ تک مقابلہ دو دو گول سے برابر رہا، جس کے بعد الجزائر نے دوسرے ہاف کے انجری ٹائم میں تیسرا گول کرکے برتری حاصل کی۔ میچ کے بالکل اختتامی لمحات میں آسٹریا نے تیسرا گول کیا اور راؤنڈ آف 32 میں جگہ بنالی۔ ناک آؤٹ مرحلے تک رسائی کے لیے دونوں ٹیموں میں سے کسی ایک کا جیتنا ضروری تھا۔ الجزائر اور آسٹریا کا میچ ابتدائی 60 منٹ تک مقابلہ دو دو گول سے برابر رہا

KILDARE: ڈینئیل مڈ ہوپ نے ایسٹر بنچ (سرخ رنیلی ٹوپی) کی سواری کر راگ ریسکورس پر دی پیڈی پاور پریٹی پولی سیکس جیت لیا

روزنامہ قوت لاہور
چیف ایڈیٹر میاں محمد فیاض

صنعت وتجارت نیوز

معیشت نامہ

پنجاب کالج یونیورسٹی کیمپس کے زیر اہتمام پوسٹ بجٹ پینل ڈسکشن کا انعقاد کیا گیا

ایڈیشنل کمشنر پنجاب ریونیو اتھارٹی گجرانوالہ فیصل سلطان، صدر گجرانوالہ چیمبر اف کامرس اینڈ انڈسٹری علی ہمایوں بٹ، ایڈیشنل کمشنران لینڈ ریونیو ریجنل ٹیکس آفس گجرانوالہ، چارٹرڈ اکاؤنٹنٹ ظفر اللہ اینڈ کمپنی کے سی ای او ظفر اللہ پاشاہ نے شرکت کی

گوجرانوالہ (ظہیر عباس) پنجاب کالج یونیورسٹی کیمپس کے زیر اہتمام پوسٹ بجٹ پینل ڈسکشن کا انعقاد کیا گیا جس میں ایڈیشنل کمشنر پنجاب ریونیو اتھارٹی گجرانوالہ فیصل سلطان، صدر گجرانوالہ چیمبر اف کامرس اینڈ انڈسٹری علی ہمایوں بٹ، ایڈیشنل کمشنران لینڈ ریونیو ریجنل ٹیکس آفس گجرانوالہ، چارٹرڈ اکاؤنٹنٹ ظفر اللہ اینڈ کمپنی کے سی ای او ظفر اللہ پاشاہ نے شرکت کی جبکہ چیف اکانومسٹ منسٹری اف پلاننگ ڈویلپمنٹ اینڈ ریفارمز اینڈ چیئرمین پاکستان انسٹیٹیوٹ اف ڈویلپمنٹ اکنامکس (پائڈ) ڈاکٹر امتیاز احمد جوائنٹ ڈائریکٹر سیکیورٹی ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (ایس ای سی پی) مرتضیٰ عباس نے آن لائن شرکت کر کے طلبہ کو ملکی معیشت اور دیگر امور پر آگاہ کیا اور اہم معلومات فراہم کیں جسے طلبہ نے بے حد سراہا اس پینل ڈسکشن میں ڈین یونیورسٹی کیمپس شاہد سلیم خواجہ، ہیڈ بی ایس پروگرام نعیم اختر اساتذہ اور طلبہ کی کثیر تعداد بھی موجود تھی اس موقع پر شرکاء نے ڈائریکٹر ایڈمنسٹریشن پنجاب کالج محمد شہزاد رفیق کے وژن کی تعریف کی جنہوں نے پوسٹ بجٹ پینل ڈسکشن کے انعقاد کو ممکن بنانے میں اہم رہنمائی فراہم کی تمام معزز مہمانوں نے نہ صرف اپنے اپنے اداروں کے حوالے سے طلبہ کو آگاہ کیا بلکہ بجٹ کے ملکی معیشت میں پڑنے والے اثرات اور اس کی اہمیت کو بھی اجاگر کیا طلبہ کو بتایا گیا کہ بجٹ میں کن کن چیزوں کا خیال رکھا جاتا ہے خاص طور پر ٹیکس، آمدن اور اخراجات کے توازن کو برقرار رکھنے کے لیے حکومت اور حکومتی اداروں کو کیا کیا اقدامات کرنے پڑتے ہیں طلبہ نے اس پوسٹ بجٹ پینل ڈسکشن کو اپنے لیے بہت ہی سود مند قرار دیا اور ایسے پروگرام مستقبل میں بھی انعقاد پذیر کروانے کی ضرورت پر زور دیا ماہرین نے طلبہ کے مختلف سوالوں کے جوابات بھی دیے آخر میں تمام معزز مہمانوں کو کالج کی طرف سے شیلڈز اور سوینیر بھی دیے گئے۔

انفورسمنٹ انسپکٹر ذیشان بیگ کی نگرانی میں محرم الحرام کے دوران بہترین فرائض پر خراجِ تحسین

کامران بھٹی اور ذیشان بیگ کی نگرانی میں پیرافورس کے اہلکاروں نے نہایت ذمہ داری سے ڈیوٹی نبھائی

وزیر آباد (نامہ نگار) پیرافورس کے انفورسمنٹ آفیسر کامران بھٹی اور انفورسمنٹ انسپکٹر ذیشان بیگ کی نگرانی میں محرم الحرام کے دوران بہترین فرائض پر خراجِ تحسین۔ محرم الحرام کے دوران جلوسوں کے روٹس سے تجاوزات ہٹانے اور رستوں کو کلیئر کروانے کے انتظامات کو مؤثر بنانے اور عوام کی خدمت کے جذبے سے فرائض انجام دینے پر پیرافورس کے انچارج کامران بھٹی اور ذیشان بیگ کی خدمات کو بھرپور خراجِ تحسین پیش کیا گیا۔ شہریوں اور سماجی حلقوں نے کہا کہ کامران بھٹی اور ذیشان بیگ کی نگرانی میں پیرافورس کے اہلکاروں نے نہایت ذمہ داری، نظم وضبط اور مستعدی کا مظاہرہ کرتے ہوئے محرم الحرام کے دوران اپنے فرائض احسن انداز میں سرانجام دیے، جس سے پرامن ماحول کے قیام میں اہم کردار ادا ہوا۔ انہوں نے امید ظاہر کی کہ آئندہ بھی پیرافورس اسی جذبے اور لگن کے ساتھ عوام کی خدمت اور امن و امان کے قیام کے لیے اپنی ذمہ داریاں انجام دیتی رہے گی۔

کیبل نیٹ ورک کی تاروں سے سپارکنگ کے باعث آگ بھڑک اٹھی

حافظ آباد (بیورو رپورٹ) حافظ آباد میں علی پور روڈ پر واقع پرانے نیشنل بینک کے قریب راجپوت پلازہ میں گذشتہ رات کیبل نیٹ ورک کی تاروں سے سپارکنگ کے باعث آگ بھڑک اٹھی جس پر ریسکیو 1122 کے عملہ نے فوری پہنچ کر نہایت ہی تگ ودو کر کے آگ پر قابو پالیا۔ یہاں یہ امر قابل ذکر ہے کہ مقامی کیبل آپریٹرز نے جگہ جگہ پرائیویٹ بلڈنگز اور لوگوں کے مکانات پر کیبل کی تاریں بچھا رکھی ہیں اور اپنا کوئی پول نصب نہیں کر رکھا جس کی وجہ سے ان تاروں سے سپارکنگ کے باعث کسی بھی وقت کوئی بڑا حادثہ رونما ہو سکتا ہے۔

انتقال پر ملال

گوجرانوالہ (پرویز مغل) فوٹو جرنلسٹس ایسوسی ایشن گوجرانوالہ کے انفارمیشن سیکرٹری محمد علی سجن کے کزن اور محمد فریاد، محمد شہزاد اور محمد فیاض کے والدِ محترم کے انتقال پر فوٹو جرنلسٹس ایسوسی ایشن گوجرانوالہ کے نائب صدر عابد گوگا بٹ، محمد طارق بزمی، محمد ارشد اور عابد حسین نے مرحوم کے اہلِ خانہ سے تعزیت کا اظہار کیا۔ رہنماؤں نے مرحوم کی مغفرت، درجات کی بلندی اور جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام کے لیے دعا کی، جبکہ سوگوار خاندان کے لیے صبر جمیل کی بھی دعا کی۔ انہوں نے کہا کہ دکھ کی اس گھڑی میں وہ غمزدہ خاندان کے غم میں برابر کے شریک ہیں اور اللہ تعالیٰ سے دعا گو ہیں کہ مرحوم کو اپنی جوارِ رحمت میں جگہ عطا فرمائے اور اہلِ خانہ کو یہ صدمہ برداشت کرنے کی توفیق دے۔ آمین۔

وفاقی محتسب سیکرٹریٹ ریجنل آفس گوجرانوالہ شکایات سنیں گی

گوجرانوالہ (نویدہ بخاری) وفاقی محتسب سیکرٹریٹ ریجنل آفس گوجرانوالہ میں مورخہ 30-06-2026 کو 120 شکایات سنیں گی۔ زیادہ تر شکایات کنٹیکو، نادرا، سوئی گیس، پوسٹل لائف انشورنس، نیشنل سیونگ، این سی سی آئی اے، بینظیر انکم سپورٹ پروگرام، پاسپورٹ آفس وغیرہ کے بارے میں تھیں۔ شکایات کی سماعت جناب مشتاق احمد اعوان، ڈپٹی ایڈوائزر، (انچارج) اور جناب غلام سرور، ایسوسی ایٹ ایڈوائزر، نے کی۔ اس موقع پر لوگوں کو زیادہ سے زیادہ ریلیف فراہم کیا گیا اور کچھ شکایات کو اگلی تاریخ تک ملتوی کر دیا گیا۔ لوگوں نے اس موقع پر وفاقی محتسب کے ادارے کی کارکردگی کو سراہا اور کہا یہ واحد ادارہ ہے جہاں لوگوں کو مفت اور فوری ریلیف ملتا ہے۔

سول ڈیفنس ٹیموں کا غیر قانونی ایل پی جی شاپس کے خلاف بڑا کریک ڈاؤن

قواعد وضوابط کی خلاف ورزی کرنے پر 7 دکانوں کو موقع پر سیل کر دیا گیا

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) سول ڈیفنس ٹیموں کا غیر قانونی ایل پی جی شاپس کے خلاف بڑا کریک ڈاؤن، 7 دکانیں سیل، بھاری جرمانے، ڈپٹی کمشنر احمد عثمان جاوید کی خصوصی ہدایت پر سول ڈیفنس آفیسر جاوید اختر گھچی کی زیر نگرانی سول ڈیفنس کی ٹیموں نے ضلع بھر میں غیر قانونی اور بغیر حفاظتی انتظامات کے چلنے والی ایل پی جی شاپس کے خلاف بھرپور کاروائی کی ہے اور اس دوران قواعد وضوابط کی خلاف ورزی کرنے پر 7 دکانوں کو موقع پر سیل کر دیا گیا جبکہ مالکان پر بھاری جرمانے بھی عائد کیے گئے۔ کریک ڈاؤن میں غیر قانونی ری فلنگ میں ملوث، ناقص سلنڈرز استعمال کرنے والے اور فائر سیفٹی آلات کے بغیر کام کرنے والے دکان داروں کے خلاف سخت ایکشن لیا گیا۔ 7 دکانوں کو سیل کر کے ان کا سامان بحق سرکار ضبط کر لیا گیا۔ سول ڈیفنس آفیسر جاوید اختر گھچی نے کہا ہے کہ انسانی جانوں سے کھیلنے والے عناصر کسی رعایت کے مستحق نہیں ہیں۔ رہائشی علاقوں میں غیر قانونی ایل پی جی ڈی کیٹنگ خطرناک حادثات کا سبب بن سکتی ہے۔ انہوں نے دکان داروں کو سخت وارننگ دی کہ وہ فوری طور پر سول ڈیفنس کے طے شدہ حفاظتی قوانین پر عملدرآمد کو یقینی بنائیں بصورت دیگر دکانیں سیل کرنے کے ساتھ ساتھ سخت سزائیں اور جیل کا سامنا بھی کرنا پڑ سکتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہماری ٹیمیں فیلڈ میں متحرک ہیں۔ غیر قانونی ایل پی جی ری فلنگ اور ناقص سلنڈرز کا استعمال انسانی جانوں کے لیے ایک کھلا خطرہ ہے اور ضلع کو ایسے غیر قانونی دھندوں سے پاک کرنے تک ہماری مہم جاری رہے گی۔ کسی بھی بااثر شخصیت یا دکان دار کو قانون ہاتھ میں لینے کی اجازت نہیں دی جائے گی۔

کمشنر ڈاکٹر آصف طفیل کی زیر صدارت اجلاس منعقد ہوا

ساہیوال اور پاکپتن میں ریت کے سرکاری نرخوں پر عمل درآمد کو یقینی بنانے کی ہدایت کی گئی

ساہیوال (مہر اے ڈی لیسم سپرا سے) ساہیوال ڈویژن میں ریت کی قیمتوں کو کنٹرول کرنے کے لیے کمشنر ڈاکٹر آصف طفیل کی زیر صدارت اجلاس منعقد ہوا، جس میں ساہیوال اور پاکپتن میں ریت کے سرکاری نرخوں پر عمل درآمد کو یقینی بنانے کی ہدایت کی گئی۔ اجلاس میں ڈپٹی کمشنر ساہیوال کیپٹن (ر) سمیع اللہ اور ڈائریکٹر لوکل گورنمنٹ شاہد فاروق وڑائچ نے شرکت کی، جبکہ اوکاڑہ اور پاکپتن کے ڈپٹی کمشنرز نے ویڈیو لنک کے ذریعے اجلاس میں شرکت کی۔ اجلاس کو بتایا گیا کہ ساہیوال اور پاکپتن میں ریت کی قیمتیں پہلے ہی مقرر کی جا چکی ہیں اور اسی پر فروخت کو یقینی بنایا جا رہا ہے۔ کمشنر ڈاکٹر آصف طفیل نے ہدایت کی کہ اوکاڑہ میں بھی اسی ہفتے ریت کے سرکاری نرخ (Pit rates) مقرر کیے جائیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ عوام کو مہنگے داموں ریت خریدنے سے بچانے کے لیے اوکاڑہ میں فوری طور پر سرکاری ریٹ مقرر کیے جائیں۔ تمام امور کا جائزہ پنجاب کنٹرول آف ایکسٹنشل کموڈیٹیز ایکٹ، 2024 کے تحت لیا گیا۔

دہشت گردانہ حملے بزدلانہ اور قابل نفرت عمل ہے: سید آفتاب عظیم بخاری

افسوسناک حملے میں جامِ شہادت نوش کرنے والے رینجرز اہلکاروں کو خراجِ عقیدت پیش کرتے ہیں

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) پاکستان فلاح پارٹی کے سینئر وائس چیئرمین سید آفتاب عظیم بخاری نے گلشن جوہر میں رینجرز کی چیک پوسٹ پر ہونے والے دہشت گردانہ حملے کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے اسے ملک دشمن عناصر کی بزدلانہ اور قابل نفرت کارروائی قرار دیا ہے۔ انہوں نے اپنے بیان میں کہا کہ اس افسوسناک حملے میں جامِ شہادت نوش کرنے والے رینجرز اہلکاروں کو خراجِ عقیدت پیش کرتے ہیں اور زخمی ہونے والے اہلکاروں اور ان کے اہلِ خانہ سے دلی ہمدردی اور مکمل اظہارِ یکجہتی کرتے ہیں۔ وطن کے دفاع اور عوام کے جان و مال کے تحفظ کے لیے اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کرنے والے سیکیورٹی اہلکار پوری قوم کا فخر ہیں اور ان کی قربانیاں کبھی فراموش نہیں کی جا سکتیں۔ سید آفتاب عظیم بخاری نے کہا کہ یہ افسوسناک واقعہ حکومتِ سندھ کی سیکیورٹی حکمتِ عملی اور امن و امان کے نظام پر ایک بڑا سوالیہ نشان ہے۔ اگر حساس مقامات اور سیکیورٹی چیک پوسٹیں بھی محفوظ نہیں رہیں تو عام شہریوں کے تحفظ کے دعوے کس حد تک قابل اعتماد ہیں۔ حکومت کو امن و امان کی صورتحال بہتر بنانے کے لیے فوری اور مؤثر اقدامات کرنا ہوں گے۔ انہوں نے مطالبہ کیا کہ اس حملے کی شفاف، غیر جانبدار اور مکمل تحقیقات کرائی جائیں، منصوبہ بندی کرنے والے، سہولت کاروں اور حملے میں ملوث تمام عناصر کو قانون کے مطابق سخت ترین سزا دی جائے تاکہ آئندہ کوئی دہشت گرد ایسی مذموم کارروائی کی جرات نہ کر سکے۔

وزیر مملکت ارمغان سبحانی نے وزیر محنت وافرادی قوت منشاء اللہ بٹ کی سالگرہ کیک کاٹا

سینئر سیاستدان کی سیاست میں گرانقدر خدمات ہیں۔ چوہدری ارمغان سبحانی وریو

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو عامر جاوید) صوبائی وزیر محنت وافرادی قوت خواجہ منشاء اللہ بٹ کی سیاست میں گرانقدر خدمات ہیں اصول پسند و مشفق شخصیت نے ہمیشہ محبتوں سے نوازا ہے۔ ان باتوں کا اظہار وفاقی وزیر مملکت برائے منصوبہ بندی و خصوصی اقدامات حکومت پاکستان چوہدری ارمغان سبحانی وریو نے ممبر پنجاب بار کونسل چوہدری رضا سبحانی وریو سابقہ چیئرمین ضلع کونسل سیالکوٹ کے ہمراہ صوبائی وزیر محنت وافرادی قوت پنجاب کی سالگرہ کا کیک کاٹنے کے بعد کیا۔ اس موقع پر خواجہ منشاء اللہ بٹ کا کہنا تھا کہ وریو

قبیلہ خدمت قبیلہ ہی نہیں بلکہ وضعداری و مہمان نوازی میں اپنی مثال آپ ہے۔ ہمارے دوستانہ تعلقات وریو خاندان کیساتھ سابق صوبائی وزراء چوہدری اختر علی وریو، چوہدری عبدالستار وریو و چوہدری خوش اختر سبحانی وریو سے لیکر آج بھی ہیں اور ہمیں وریو خاندان کے ساتھ دیرینہ تعلقات پر فخر ہے۔

ضلع نارووال میں محرم الحرام کے دوران مثالی امن وامان، ضلعی انتظامیہ اور پولیس کے اقدامات قابل تحسین: عظمت علی غوری، عمران عارف مہدی

شکرگڑھ (نامہ نگار) چیئرمین پاکستان قومی امن کمیٹی برائے بین المذاہب عظمت علی غوری اور صوبائی چیف میڈیا ایڈوائزر عمران عارف مہدی نے یکم سے دس محرم الحرام تک ضلع نارووال میں امن و امان کی مثالی صورتحال پر ضلعی انتظامیہ اور پولیس کو خراجِ تحسین پیش کیا۔ انہوں نے کہا کہ ڈپٹی کمشنر نارووال، ڈی پی او نارووال اور بالخصوص ڈی ایس پی شکرگڑھ اسسٹنٹ کمشنر شکرگڑھ نے فول پروف سیکیورٹی انتظامات کو یقینی بنایا، جس کے باعث تمام مجالس اور جلوس پرامن ماحول میں اختتام پذیر ہوئے۔ انہوں نے کہا کہ ماتمیوں اور عزاداروں کے لیے ٹھنڈے مشروبات اور دیگر سہولیات فراہم کی گئیں، جبکہ صفائی ستھرائی، سیوریج، روشنی اور دیگر شہری سہولیات کے بھی بہترین انتظامات کیے گئے۔ انہوں نے کہا کہ تمام متعلقہ اداروں نے باہمی ہم آہنگی، مستعدی اور ذمہ داری کا مظاہرہ کرتے ہوئے عوام کے جان و مال کے تحفظ کو یقینی بنایا، جو قابل ستائش ہے

اوکاڑہ میں میرا مستقبل انسٹیٹیوٹ کے زیر اہتمام شاندار انٹری ٹیسٹ، سینکڑوں طلبہ کی بھرپور شرکت

میرا مستقبل انسٹیٹیوٹ کے زیر اہتمام نجی ہال میں تمام کورسز کے لیے داخلہ ٹیسٹ کا کامیاب انعقاد کیا گیا

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) اوکاڑہ میں میرا مستقبل انسٹیٹیوٹ کے زیر اہتمام شاندار انٹری ٹیسٹ، سینکڑوں طلبہ کی بھرپور شرکت۔ میرا مستقبل انسٹیٹیوٹ کے زیر اہتمام نجی ہال میں تمام کورسز کے لیے داخلہ ٹیسٹ کا کامیاب انعقاد کیا گیا، جس میں اوکاڑہ اور گردونواح سے سینکڑوں طلباء نے پرجوش اور خروش کے ساتھ شرکت کی۔ تقریب انتہائی منظم انداز میں منعقد کی گئی جہاں امیدواروں کے لیے بہترین انتظامات کیے گئے۔ اس موقع پر شہر کے معروف صحافیوں اور میڈیا نمائندگان نے بھی شرکت کی۔ تقریب کے دوران سی ای او میرا مستقبل انسٹیٹیوٹ چوہدری ظفر نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ میرا مستقبل انسٹیٹیوٹ کا قیام ایک خواب کی تعبیر ہے۔ ہماری خواہش ہے کہ اوکاڑہ کے نوجوان جدید دور کے تقاضوں کے مطابق مہارتیں حاصل کریں، خودمختار بنیں اور پاکستان کی ترقی میں اپنا کردار ادا کریں۔ ہم مستقبل میں مصنوعی ذہانت (AI) سمیت جدید ترین ٹیکنالوجی پر مبنی نئے کورسز متعارف کروائیں گے، جبکہ بہت جلد ایک جدید سافٹ ویئر ہاؤس بھی قائم کیا جائے گا تاکہ نوجوانوں کو عملی تربیت اور روزگار کے مزید مواقع فراہم کیے جا سکیں۔" اس موقع پر پرنسپل جنید اقبال نے اظہار خیال کرتے ہوئے کہا کہ ادارے کی کامیابی پوری ٹیم کی مسلسل محنت، لگن اور اخلاص کا نتیجہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ ادارے کا ہر قدم نوجوانوں کے بہتر مستقبل کی تعمیر کے لیے وقف ہے، اور ان شاء اللہ مزید محنت اور بہتر منصوبہ بندی کے ذریعے ہزاروں نوجوانوں تک معیاری اور مفت آئی ٹی تعلیم پہنچائی جائے گی۔ تقریب کی کامیابی میں ادارے کے اساتذہ، انتظامی عملے، رضاکار طلبہ اور تمام ٹیم ممبران نے مثالی کردار ادا کیا۔ ان کی بہترین منصوبہ بندی، نظم وضبط اور انتھک محنت کے باعث پورا پروگرام خوش اسلوبی سے پایۂ تکمیل تک پہنچا، جسے شرکاء اور معززین مہمانوں نے بے حد سراہا۔ واضح رہے کہ میرا مستقبل انسٹیٹیوٹ اوکاڑہ میں نوجوانوں کو جدید اور معیاری آئی ٹی تعلیم فراہم کرنے کے مشن پر گامزن ہے، جہاں تجربہ کار فری لانسر کے ذریعے نوجوانوں کو جدید ٹیکنالوجی، فری لانسنگ اور عملی مہارتوں سے آراستہ کیا جا رہا ہے تاکہ وہ قومی ترقی کے ساتھ ساتھ عالمی سطح پر بھی اپنی صلاحیتوں کا لوہا منوا سکیں۔

غیر اعلانیہ لوڈ شیڈنگ صارفین کیلئے وبال جان بن گئی

جہلم (بیورو رپورٹ) جہلم شہر سمیت گردونواح میں سخت گرمی اور حبس کے دنوں میں ایکسکو سرکل جہلم میں بار بار ٹرپنگ، غیر اعلانیہ لوڈ شیڈنگ صارفین کیلئے وبال جان بن گئی، بزرگ، بچے اور خواتین، پلازوں گھروں میں ذہنی اذیت کا شکار، ارباب اختیار سے نوٹس لینے بلا تعطل بجلی کی فراہمی کا مطالبہ تفصیلات کے مطابق جہلم شہر سمیت گردونواح۔ میں غیر اعلانیہ لوڈ شیڈنگ، ٹیکنیکل بنیادوں پر لوڈ شیڈنگ بھی اپ گریڈیشن کے نام پر لوڈ شیڈنگ، صارفین بجلی ماہانہ ہزاروں لاکھوں روپوں کے بلوں کی ادائیگی سے بھی تنگ بجلی کی عدم فراہمی صارفین کے لیے وبال جان بن گئی شہر سمیت گردونواح میں پچھلے چند روز سے غیر اعلانیہ لوڈ شیڈنگ کا سلسلہ شروع کر دیا گیا اس طرح دن اور رات کے اوقات میں بجلی کی غیر اعلانیہ لوڈ شیڈنگ کی وجہ سے صارفین سخت مشکلات میں مبتلا ہیں صارفین کا کہنا ہے کہ ماہانہ ہزاروں لاکھوں روپے بجلی کے بلوں کی ادائیگی کے باوجود ایسکو انتظامیہ نے صارفین کا سکون غارت کر دیا ہے

گورنمنٹ گریجوایٹ کالج برائے خواتین شرقپور شریف میں فرسٹ ایئر کے داخلے جاری ہیں

حکومتِ پنجاب کی پالیسی کے مطابق طالبات کے لیے مختلف مالی معاونت اور مراعات بھی فراہم کی جا رہی ہیں

شرقپور شریف (نامہ نگار عامر مجید نوشاہی سے) اگر آپ اپنی بیٹیوں کے روشن مستقبل، معیاری تعلیم اور حکومتی سہولیات سے بھرپور استفادے کے خواہاں ہیں، تو آج ہی گورنمنٹ گریجوایٹ کالج برائے خواتین شرقپور شریف میں داخلہ کروائیں۔ کالج میں طالبات کے لیے پرسکون اور تعلیمی ماحول، جدید کمپیوٹر لیب، سائنس لیبارٹریاں، کشادہ کلاس رومز، وسیع ہال اور دیگر بہترین تعلیمی سہولیات موجود ہیں۔ کالج میں پی ایچ ڈی، ایم فل اور میرٹ پر منتخب ہونے والے تجربہ کار اور اعلیٰ تعلیم یافتہ اساتذہ اپنی پیشہ ورانہ صلاحیتوں کے ساتھ طالبات کی بہترین رہنمائی کر رہے ہیں۔ حکومتِ پنجاب کی پالیسی کے مطابق طالبات کے لیے مختلف مالی معاونت اور مراعات بھی فراہم کی جا رہی ہیں، جن میں شامل ہیں (1۔ مورا اسکالرشپ 2۔ ہونہار اسکالرشپ 3۔ رحمت للعالمین ﷺ اسکالرشپ 4۔ میرٹ اسکالرشپ 5۔ پیٹ اسکالرشپ 6۔ لیپ ٹاپ اسکیم) یہ تمام سہولیات طالبات کی تعلیمی ترقی اور روشن مستقبل کے لیے فراہم کی جا رہی ہیں۔ والدین سے مؤدبانہ گزارش ہے کہ اپنی بیٹیوں کو سرکاری تعلیمی اداروں میں داخل کروائیں تاکہ وہ معیاری تعلیم، بہترین اساتذہ، جدید تعلیمی سہولیات اور حکومتی اسکالرشپس سے بھرپور فائدہ اٹھا سکیں۔ داخلے جاری ہیں، آج ہی تشریف لائیں اور اپنی بیٹی کے روشن مستقبل کی بنیاد رکھیں۔

جلوسوں کو پرامن بنانے کے لیے تھانہ سٹی شکرگڑھ کی پولیس نے مثالی کردار ادا کیا

خصوصی طور پر چیئرمین امن کمیٹی چوہدری الغام الحق اور انکی پوری ٹیم نے اپنی ذمہ داریاں نہایت دیانت داری، مستعدی اور پیشہ ورانہ انداز میں انجام دیں

شکرگڑھ (عمران عارف سے) محرم الحرام کے مقدس ایام میں امن و امان کے قیام اور عزاداری کے جلوسوں کو پرامن بنانے کے لیے تھانہ سٹی شکرگڑھ کی پولیس نے مثالی کردار ادا کیا۔ ایس ایچ او نوید ورک کی قیادت میں پوری ٹیم نے دن رات محنت کرتے ہوئے سیکیورٹی کے بہترین انتظامات کیے، جس کے باعث جلوس انتہائی نظم وضبط اور پرامن ماحول میں اختتام پذیر ہوئے۔ خصوصی طور پر چیئرمین امن کمیٹی چوہدری الغام الحق اور انکی پوری ٹیم نے اپنی ذمہ داریاں نہایت دیانت داری، مستعدی اور پیشہ ورانہ انداز میں انجام دیں۔ انہوں نے پولیس ٹیم کے ساتھ مل کر جلوسوں کے راستوں، ٹریفک کی روانی، عزاداروں کی سہولت اور سیکیورٹی انتظامات پر بھرپور توجہ دی، جسے اہل علاقہ نے بے حد سراہا۔ علاقہ مکینوں اور جلوسوں کے منتظمین نے ایس ایچ او نوید ورک تھانہ سٹی کے تمام افسران و اہلکاروں کی خدمات کو خراجِ تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ ان کی محنت، خوش اخلاقی اور عوام دوست رویے نے لوگوں کے دل جیت لیے ہیں۔ اہل علاقہ نے امید ظاہر کی کہ تھانہ سٹی شکرگڑھ کی پولیس آئندہ بھی اسی جذبے، فرض شناسی اور عوامی خدمت کے جذبے کے ساتھ اپنے فرائض سرانجام دیتی رہے گی تاکہ معاشرے میں امن، بھائی چارے اور قانون کی بالادستی کو مزید فروغ حاصل ہو۔

جرم وسزا



ساہیوال بہن بھائی سمیت تین کمسن بچوں کا جبراً اغوا مقدمات درج

بچوں کے اغوا کی بڑھتی ہوئی وارداتوں پر شہریوں کا اظہار تشویش مقدمات درج

ساہیوال (بیورو رپورٹ) ساہیوال بہن بھائی سمیت تین کمسن بچوں کا جبراً اغوا مقدمات درج، بچوں کے اغوا کی بڑھتی ہوئی وارداتوں پر شہریوں کا اظہار تشویش مقدمات درج تفصیلات کے مطابق ساہیوال صدر سرکل کے مختلف تھانہ جات کے علاقوں سے بہن بھائی سمیت تین کمسن بچوں کا جبراً اغوا ہر پہ شہر میں محلہ بھٹھیاں پل بارشن کے محمد یار کا 10 سالہ بیٹا محمد ابوبکر دینی مدرسہ تعلیم کے لیے چاہ لکانوالہ ہر پہ شہر جانے کے لیے گھر سے نکلا جب شام کو بچہ واپس گھر نہ آیا تو درس کے قاری محمد ایوب نے بتایا کہ بچہ آج درس نہیں آیا جسے راستے میں ہی نامعلوم ملزموں نے اغوا کر لیا۔ چک 113 نوامل میں رانی بی بی خاتون کا بیٹا علی رضا 12 سالہ اور اسکی بہن مریم 9 سالہ گھر سے اکھٹے دودھ لینے کے لیے بازار گئے تو راستہ سے دونوں بچوں کو نامعلوم ملزموں نے اغوا کر لیا گیا۔ پولیس ہڑپہ اور ڈیرہ رحیم نے دو مقدمات محمد یار اور رانی بی بی کی مدعیت میں 363 ت پ درج کر کے تفتیش شروع کر دی ہے ابھی تک ملزم گرفتار نہیں ہو سکے اور نہ ہی تینوں بچے ابھی تک بازیاب ہو سکے ہیں۔ شہریوں نے دن بدن بچوں کے اغوا کی بڑھتی ہوئی وارداتوں پر تشویش کا اظہار کیا ہے۔ اور پولیس سے فوری اور موثر اقدامات کا مطالبہ کیا ہے۔

دریائے جہلم میں نہاتے نوجوان کی جان چلی گئی

انتظامیہ کی پابندی بے اثر، کولپور کے قریب دریائے جہلم ایک اور نوجوان کو نگل گیا

جہلم (بیورو رپورٹ) دفعہ 144 صرف کاغذوں تک محدود، دریائے جہلم میں نہاتے نوجوان کی جان چلی گئی انتظامیہ کی پابندی بے اثر، کولپور کے قریب دریائے جہلم ایک اور نوجوان کو نگل گیا، جہلم میں نہانے پر پابندی کے باوجود خلاف ورزیاں جاری، 21 سالہ مہر رحیم ڈوب کر جاں بحق دفعہ 144 نافذ، مگر دریائے جہلم میں نہانے والوں کو کوئی روکنے والا نہیں کولپور کے قریب دوستوں کے ساتھ نہاتے ہوئے 21 سالہ مہر رحیم گہرے پانی کی نذر ضلعی انتظامیہ کی جانب سے دریائے جہلم میں نہانے پر ** دفعہ 144 نافذ ہونے کے باوجود شہری، خصوصاً نوجوان، کھلے عام اس پابندی کی خلاف ورزی کرتے ہوئے سارا دن دریائے جہلم میں نہاتے دکھائی دیتے ہیں۔ انتظامیہ کی جانب سے مؤثر نگرانی اور عملدرآمد نہ ہونے کے باعث قیمتی انسانی جانیں ضائع ہونے کا سلسلہ رک نہ سکا۔ تازہ افسوسناک واقعہ تھانہ صدر کے علاقے کولپور کے قریب پیش آیا، جہاں 21 سالہ نوجوان میر رحیم دوستوں کے ہمراہ دریائے جہلم میں نہاتے ہوئے گہرے پانی میں چلا گیا اور ڈوب کر جاں بحق ہو گیا واقعے کی اطلاع ملتے ہی ریسکیو 1122 کی غوطہ خور ٹیم موقع پر پہنچی اور بھرپور تلاش کے بعد نوجوان کی لاش نکال کر ضروری قانونی کارروائی مکمل کرنے کے بعد معیت ورثا کے حوالے کر دی شہریوں نے افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ دریائے جہلم میں نہانے پر پابندی صرف کاغذوں تک محدود دکھائی دیتی ہے، جبکہ روزانہ درجنوں نوجوان مختلف مقامات پر نہاتے نظر آتے ہیں۔ عوامی حلقوں نے ڈپٹی کمشنر، ضلعی انتظامیہ اور متعلقہ اداروں سے مطالبہ کیا ہے کہ دفعہ 144 پر سختی سے عملدرآمد یقینی بنایا جائے، خطرناک مقامات پر پولیس اور ریسکیو کی نگرانی بڑھائی جائے اور حفاظتی اقدامات کیے جائیں تاکہ آئندہ کسی گھر کا چراغ اس طرح گل نہ ہو۔

اچانک ریل گاڑی آنے سے ٹریکٹر ٹرالی سے ٹکراؤ کے نتیجہ میں تیس سالہ نوجوان شدید زخمی

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) ریلوے ٹریک کے قریب اچانک ریل گاڑی آنے سے ٹریکٹر ٹرالی سے ٹکراؤ کے نتیجہ میں تیس سالہ نوجوان شدید زخمی تفصیلات کے مطابق چنیوٹ کے نواحی علاقہ چک نمبر 58 کے قریب ریلوے پھاٹک سے گزرتی ہوئی ٹریکٹر ٹرالی ٹرین کی زد میں آ گئی تصادم کے نتیجہ میں ڈرائیور شاہد خان شدید زخمی ہو گیا جس کو تشویشناک حالت میں ٹی ایچ کیو منتقل کر دیا گیا۔

جہلم سمیت پنجاب بھر میں دفعہ 144 کے نفاذ میں توسیع کر دی گئی

جہلم (بیورو رپورٹ) جہلم سمیت پنجاب بھر میں دفعہ 144 کے نفاذ میں توسیع کر دی گئی، پنجاب بھر میں کھلی فضا میں ڈرون اڑانے پر مکمل پابندی برقرار رہے گی۔ محکمہ داخلہ پنجاب نے دفعہ 144 کے تحت آؤٹ ڈور ڈرون اڑانے پر عائد پابندی میں 30 روز کی توسیع کر دی۔ حکومت پنجاب نے سیکورٹی خدشات کے پیش نظر ڈرون کے استعمال پر پابندی عائد کی تھی، ہالز اور مارکیز کے اندر تقریبات کے دوران چھوٹے ڈرون کے محدود استعمال کی اجازت ہوگی، اندرونی تقریبات میں ڈرون کے محفوظ استعمال کی ذمہ داری منتظمین پر عائد ہوگی قانون نافذ کرنے والے ادارے پابندی سے مستثنیٰ قرار دیئے گئے۔ سیکرٹری داخلہ پنجاب نے پابندی ضابطہ فوجداری 1808 کے سیکشن (6)144 کے تحت لگائی۔ عوامی تحفظ، امن و امان کا قیام اور املاک کی حفاظت حکومت کی اولین ترجیح ہے، پنجاب بھر میں انتظامیہ اور پولیس کو احکامات پر من و عن عملدرآمد کی ہدایت کی گئی ہے۔

ایل پی جی گیس کی قیمتیں آسما

"قوت" کلاسیفائیڈ

تمام اشتہارات نیک نیتی کے جذبہ سے شائع کئے جاتے ہیں کسی اشتہار کے غیر حقیقی ہونے کے بارے میں ادارہ کوئی ذمہ داری قبول نہیں کرتا ۔اشتہارات صاف اور بے صفحہ پر ایک طرف لکھے ہوئے چائیں کٹے پھٹے اور مشکوک الفاظ والے اشتہارات غلط شائع ہونے کی شکایت قابل قبول نہ ہوگی۔

042-3636003

بقیہ | بقیہ صفحہ 1

اور تھرڈ کاٹیگری کا خاتمہ ۔ خیبرپختونخوا کے 6 ہزار زائد اور جھارکنی کا خاتمہ ۔ جناب لیڈر ریکارڈ اتھارٹی کے ترجمان کے مطابق 486 ملین روپے کی لاگت سے ایک جامع نظام میں تمام اضلاع کے شہریوں کے ریکارڈ کو ڈیجیٹل کیا گیا ہے۔ ڈیٹا بیس کو مزید مضبوط بنانے کے لئے ایک جامع سائبر سکیورٹی فریم ورک تیار کیا گیا ہے۔ ڈیٹا بیس کو سائبر حملوں سے محفوظ بنانے کے لئے ملٹی فیکٹر اتھنٹیکیشن اور انکرپشن کے جدید طریقے اپنائے گئے ہیں۔ ڈیٹا بیس کو ایک محفوظ سرور پر منتقل کیا گیا ہے جو کہ ڈیٹا کی مکمل نگرانی اور حفاظت کو یقینی بناتا ہے۔ جناب چیف سیکرٹری کے پرنسپل سیکرٹری ڈاکٹر عمر سیف کی سربراہی میں ایک اعلیٰ سطحی کمیٹی تشکیل دی گئی ہے جو ڈیٹا بیس کی تصدیق کا عمل مکمل کرے گی۔ ڈیٹا بیس کو مزید بہتر بنانے کے لئے ڈیٹا کلینزنگ اور ڈیٹا ایکسٹریکشن کے جدید طریقے اپنائے جا رہے ہیں۔ ڈیٹا بیس کو مزید مضبوط بنانے کے لئے ایک جامع سائبر سکیورٹی فریم ورک تیار کیا گیا ہے۔ ڈیٹا بیس کو

میں پنجاب آج سے گرین سرٹیفکیٹ کے بغیر پراپرٹی لین دین پر پابندی

فرد برائے بیع ودیگر تمام روایتی دستاویزات کا مکمل طور پر خاتمہ کر دیا جائے گا

پنجاب لینڈ ریکارڈ اتھارٹی کے ترجمان کے مطابق 486 سالہ اراضی نظام میں پہلی بار تاریخ ساز اقدام کے تحت شفافیت کو فروغ مل رہا ہے

لاہور (این این آئی) اصلاح اراضی نظام منصوبہ کے تحت پنجاب لینڈ ریکارڈز اتھارٹی، بورڈ آف ریونیو حکومت پنجاب کی جانب سے سوبھ پمبر میں آج (بدھ) یکم جولائی سے گرین پراپرٹی ٹریکنگ کے بغیر زمین و خاتمہ کر دیا جائے گا۔ گرین پراپرٹی ٹریکنگ کے نفاذ کا فرد برائے بیع ودیگر تمام روایتی دستاویزات کا مکمل طور پر مقصد عوام کی جائیداد کی ملکیت (بقیہ نمبر 3)

حکومت پنجاب جنوبی پنجاب میں صحت کے نظام کو جدید خطوط پر استوار کر رہی ہے، خواجہ سلمان رفیق

طبی عملے کی تربیت اور جدید آلات کی بروقت تنصیب کو بھی ترجیح دینے کی ہدایت کی گئی۔ پائلٹ پروگرام کی کامیابی کی بنیاد پر اسے پنجاب کے دیگر اضلاع تک توسیع دی جائے گی

اجلاس کے اختتام پر منصوبوں کی کارکردگی رپورٹ مقررہ مدت میں پیش کرنے کی ہدایت، تینوں منصوبوں پر جاری پیش رفت کو مسلسل مانیٹر کیا جا رہا ہے، سیکرٹری صحت کی گفتگو

لاہور (خبر نگار) صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق کی زیر صدارت محکمہ سٹیٹ لائز ڈیلیٹڈ سپیک ماڈل پائلٹ پروگرام، نشتر ہسپتال ملتان میں کیئر اینڈ میڈیکل ایجوکیشن میں اہم اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں خاہر پیر رحیم یار خان میں ہب اینڈ کیئر سنٹر کے قیام اور کلثوم نواز کیئر ہسپتال ڈی جی خان کا جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں سیکرٹری صحت جناب عظمت محمود خان نے (بقیہ نمبر 3)

صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق محکمہ سٹیٹ لائز ڈ ہیلتھ کیئر اینڈ میڈیکل ایجوکیشن میں اہم اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

نواب شاہ، کار کی ٹکر سے موٹر سائیکل سوار شخص جاں بحق، بھائی اور بیٹی شدید زخمی

پولیس موقع پر پہنچ گئی، کرشماً بچے کھچے ہیں، حادثے کی وجوہات جاننے کے لئے تحقیقات شروع کر دی

نواب شاہ (این این آئی) نواب شاہ ایئرپورٹ کے قریب کار اور موٹر سائیکل کے درمیان ہونے والے خوفناک تصادم کے نتیجے میں ایک شخص جاں بحق ہاس کا بھائی اور بیٹی شدید زخمی ہو گئے۔ ریسکیو ذرائع کے مطابق حادثہ اس وقت پیش آیا جب تیز رفتار کار اور موٹر سائیکل آپس میں ٹکرا گئے۔

کراچی، وفاقی اردو یونیورسٹی کے اساتذہ کا پریس کلب کے باہر احتجاج

تنخواہوں، ہاؤس سیلنگ، پنشن اور دیگر واجبات کی عدم ادائیگی کے خلاف کلاسز کے بائیکاٹ کا اعلان

کراچی (این این آئی) وفاقی اردو یونیورسٹی کے اساتذہ نے تنخواہوں، ہاؤس سیلنگ، پنشن اور دیگر واجبات کی عدم ادائیگی کے خلاف کلاسز کے بائیکاٹ کا اعلان کرتے ہوئے احتجاجی تحریک شروع کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ اساتذہ کے مطابق مطالبات کی منظوری تک احتجاج جاری رکھا جائے گا۔

اسلامی جمعیت طلبہ پنجاب یونیورسٹی کے ناظم احسن فرید دیگر کے ہمراہ لاہور پریس کلب میں پریس کانفرنس کر رہے ہیں

اسکولوں میں سمر کیمپ کے انعقاد پر پابندی

یکم جولائی سے نئے احکامات نافذ، خلاف ورزی پر کارروائی ہوگی

لاہور (زیڈ این این) گرمی کی شدت میں اضافے کے پیش نظر محکمہ تعلیم نے اسکولوں میں سمر کیمپ کے انعقاد پر پابندی عائد کرنے کا فیصلہ کر لیا ہے۔ محکمہ تعلیم کے جاری کردہ اعلامیے کے مطابق کیم جولائی سے تمام تعلیمی اداروں میں سمر کیمپ لگانے کی اجازت نہیں ہوگی، جبکہ 30 جون تک صرف مدد دمت کے لیے اجازت دی گئی تھی۔ اعلامیے میں واضح کیا گیا ہے کہ پابندی کی خلاف ورزی کرنے والے اسکولوں کے خلاف سخت کارروائی عمل میں لائی جائے گی، جس میں بھاری جرمانہ اور لائسنس کی منسوخی بھی شامل ہو سکتی ہے۔ محکمہ تعلیم نے ایجوکیشن اتھارٹیز کو ہدایات جاری کی ہیں کہ وہ تمام اسکولوں کو اس احکامات سے آگاہ کریں اور ان پر عملدرآمد یقینی بنائیں۔ اس فیصلے میں نجی تعلیمی کیم جولائی کو مختلف تعلیمی اداروں کے دورے بھی کریں گی

گلگت میں گلیشیئرز کے پگھلاؤ سے جھیل گوٹ نالے میں طغیانی کا منظر

ڈیرہ غازی خان میں 14 حوالاتیوں کے فرار کا معاملہ، پولیس اہلکاروں کے ریکارڈ کی جانچ شروع

راولپنڈی (این این آئی) اڈیالہ جیل کے 14 حوالاتیوں کے عدالت میں پیشی کے بعد فرار ہونے کے واقعے کی تحقیقات کا دائرہ وسیع کر دیا گیا، جبکہ زیر حراست پولیس اہلکاروں کے موبائل فونز کا ڈیٹا اور کال ریکارڈ بھی چھان بین شروع ہو گئی۔ پولیس ذرائع کے مطابق تفتیش میں یہ بھی جائزہ لیا جا رہا ہے کہ بوٹ کیچری میں پیشی کے دوران فرار ہونے والے حوالاتیوں کو ملاقاتوں کے بعد دوبارہ حفاظتی گاڑی میں کیوں بٹھایا نہیں۔

کراچی، ڈکیتی مزاحمت پر ڈاکوؤں کی فائرنگ، پنجاب کے 5 زائرین زخمی، اسپتال منتقل

کراچی (این این آئی) شہر قائد کے علاقے گلشن میں لائسنس ٹرش کے قریب ڈکیتی مزاحمت پر ڈاکوؤں کی فائرنگ سے پانچ افراد زخمی ہو گئے جنہیں فوری طور پر جناح ہسپتال منتقل کر دیا گیا۔ ریسکیو ذرائع کے مطابق زخمیوں کی شناخت 21 سالہ حافظ عابد حسین ولد محمد شمیم، 20 سالہ محمد ادریس، 19 سالہ منیر ولد نامعلوم اور 22 سالہ حافظ محمد طارق ولد غلام مصطفیٰ اور حافظ محسن رضا کے نام سے ہوئی ہے۔

ڈیرہ غازی خان میں سیوریج کی بدبو پر مری میں ماحول دوست 10 گرین الیکٹرک بسوں کی آمد

مری (این این آئی) مری میں صاف ماحول کے تحفظ کے لیے 10 گرین الیکٹرک بسیں پہنچ گئیں۔ وزیر اعلیٰ پنجاب کی ہدایت پر مری میں ماحول دوست ٹرانسپورٹ متعارف کا آغاز کیا گیا ہے اس حوالے سے ضلعی انتظامیہ کے مطابق وزیر اعلیٰ پنجاب کی ہدایت پر اہم رٹس پر جدید گرین بسیں چلائی جائیں گی ضلعی انتظامیہ کے مطابق راولپنڈی سے مری تک سفری سہولتوں میں

رجسٹرڈ محنت کشوں کیلئے حج 2027 درخواستوں کا آغاز

پنجاب سوشل سکیورٹی نے درخواستیں جمع کرانے کی تاریخ مقرر کر دی

لاہور (زیڈ این این) پنجاب سوشل سکیورٹی نے رجسٹرڈ محنت کشوں کے لئے حج 2027 کی درخواستوں کی وصولی کا باضابطہ آغاز کر دیا ہے۔ کمشنر پنجاب سوشل سکیورٹی ذوالفقار علی کھرل نے بتایا کہ رجسٹرڈ محنت کش حج درخواست فارم ادارے کی ویب سائٹ سے ڈاؤن لوڈ کر سکتے ہیں، جبکہ یہ فارم پنجاب بھر میں قائم سوشل سکیورٹی ڈائریکٹوریٹ میں درخواستیں جمع کرا سکتے ہیں۔ ڈائریکٹوریٹس سے بھی باضابطہ حاصل کیے جا سکتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ درخواستیں جمع کرانے کی آخری تاریخ 15 جولائی 2026 مقرر کی گئی ہے اور مقررہ تاریخ کے بعد کوئی درخواست وصول نہیں کی جائے گی۔ کمشنر سوشل سکیورٹی کے مطابق محنت کش مطلوبہ دستاویزات کے ہمراہ اپنے متعلقہ سوشل سکیورٹی ڈائریکٹوریٹ میں درخواستیں جمع کرا سکتے ہیں۔

لاہور: خاتون رکن پنجاب اسمبلی اجلاس میں شرکت کے بعد واپس جا رہی ہیں

کھرتھرنیشنل پارک میں درختوں کی غیر قانونی کٹائی، 8 افراد گرفتار، مقدمہ درج

جامشورو (این این آئی) ضلع جامشورو میں سرکاری اراضی اور کھرتھر نیشنل پارک سے مقامی درختوں کی غیر قانونی کٹائی کرنے والے 8 افراد کو گرفتار کر کے بڑی تعداد میں کٹے درخت برآمد کر لیے گئے۔ محکمہ جنگلی حیات سندھ کے مطابق کوہستان ضلع جامشورو اٹھارہ لینڈ اور کھرتھر نیشنل پارک سے مقامی درختوں کی غیر قانونی کٹائی رپورٹ ہوئی ہے۔ اطلاع پر فوری آپریشن کے ذریعے کارروائی کرتے ہوئے 8 ملزمان کو گرفتار کر لیا گیا۔

اپوزیشن تنقید کرتی رہے میں کام کرتا رہوں گا: میئر کراچی مرتضیٰ وہاب

کوئی جماعت بائیکاٹ کرتی ہے تو اس کا فائدہ جماعت اسلامی اٹھائے گی، جماعت اسلامی بھی کام کرے، میڈیا سے گفتگو

کراچی (این این آئی) میئر کراچی مرتضیٰ وہاب نے کہا ہے کہ اپوزیشن تنقید کرتی رہے میں کام کرتا رہوں گا، جماعت اسلامی کو بھی چاہیے وہ کام کرے۔ میئر کراچی مرتضیٰ وہاب نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ کوئی جماعت بائیکاٹ کرتی ہے تو اس کا فائدہ جماعت اسلامی اٹھائے گی۔

جامشورو، حاملہ خاتون مبینہ طور پر کاروکاری کے الزام میں قتل

آٹھ ماہ کی حاملہ خوشبو اچھی سسرالیوں کی مبینہ فائرنگ سے موقع پر جاں بحق ہوگئی، تحقیقات شروع

جامشورو (این این آئی) ضلع جامشورو مانجھند میں حاملہ خاتون کو مبینہ طور پر کاروکاری کے الزام میں قتل کر دیا گیا۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق آٹھ ماہ کی حاملہ خوشبو ماچھی سسرالیوں کی مبینہ فائرنگ سے موقع پر جاں بحق ہوگئی، واقعہ کی اطلاع پر پولیس کی بھاری نفری موقع پر پہنچی

لاہور ہائیکورٹ میں بجلی بند، عدالتی امور متاثر

جنریٹرز کے ذریعے محدود کارروائی جاری، وکلا کو مشکلات کا سامنا

لاہور (زیڈ این این) لاہور ہائیکورٹ میں صبح 7 بجے سے بجلی کی بندش کے باعث عدالتی امور شدید متاثر ہو گئے، جبکہ معمول کی عدالتی کارروائی کا نظام بھی بنا لیا گیا ہے۔ ترجمان کے مطابق جنریٹرز کے ذریعے بجلی کی سپلائی جاری ہے۔ ذرائع کے مطابق بجلی کی سپلائی معطل ہونے کے بعد عدالتوں میں متبادل انتظام کے طور پر جنریٹرز چلائے جا رہے ہیں، تاہم صرف مخصوص عدالتیں کام کر رہی ہیں، جبکہ اکثر عدالتوں کو بجلی کی فراہمی معطل ہونے سے سرکاری امور متاثر ہو رہے ہیں۔

لاہور: ٹریڈ ڈویلپمنٹ اتھارٹی کیمٹر جنرل رافعہ سید و مہمانوں کا چیمبر صدر فہیم الرحمٰن، سہگل کے ساتھ گروپ فوٹو

رکن کے پی اسمبلی ملک راحت ہنوں میں گرڈ اسٹیشن میں جا گھسے

زبردستی فیڈرز آن کرانے سے سسٹم اوورلوڈ ہو گیا، ہنوں گرڈ اسٹیشن سے بجلی کی سپلائی معطل ہو گئی

پشاور (این این آئی) رکن خیبر پختونخوا اسمبلی ملک راحت ہسکا کے 132 کے وی ہنوں گرڈ اسٹیشن میں گھس گئے، زبردستی ہنوں گرڈ اسٹیشن کا کنٹرول لاہور ہسکا کے حوالے کرا دیا۔ ترجمان ہسکا کے مطابق زبردستی فیڈرز آن کرانے سے سسٹم اوورلوڈ ہو گیا، ہنوں گرڈ اسٹیشن سے بجلی کی سپلائی معطل ہو گئی۔ ہسکا کے ترجمان کا کہنا ہے کہ ملک راحت کے خلاف قانونی کارروائی کی جائے گی۔

چیف جسٹس لاہور ہائیکورٹ نے 5 نئے ڈیجیٹل مزکز کا افتتاح کر دیا

سٹرٹی ہیکسٹر ڈیجیٹل کورٹ مینجمنٹ سسٹم"، "ای پروکیوریمنٹ سسٹم"، "ای ٹیلی بار مینجمنٹ اینڈ انٹیگریٹ سسٹم" اور "ڈیجیٹل مینجمنٹ سسٹم" شامل ہیں

ان جدید ڈیجیٹل نظاموں کے ذریعے عدالتی اور انتظامی امور میں شفافیت، رفتار اور مؤثر نگرانی کو فروغ ملے گا

لاہور (کورٹ رپورٹر) پنجاب کی عدلیہ میں ڈیجیٹل کورٹس کے فروغ اور عدالتی نظام کو جدید خطوط پر استوار کرنے کے لیے اہم پیش رفت سامنے آئی ہے، چیف جسٹس لاہور ہائیکورٹ جسٹس عالیہ نیلم نے عدالتی کارکردگی، شفافیت اور انتظامی امور کو مزید مؤثر بنانے کے لیے پانچ نئے ڈیجیٹل سسٹمز کا افتتاح کر دیا۔ چیف جسٹس لاہور ہائیکورٹ جسٹس عالیہ نیلم سائین کو اضافے کی بروقت فراہمی یقینی بنانے (بقیہ نمبر 2)

مون سون سے قبل ترقیاتی منصوبے مکمل کیے جائیں، ڈی سی باغبانپورہ کا دورہ، نکاسی آب اسکیموں اور اسٹرم ڈرینگی اقدامات کا جائزہ

ڈینگی سرویلنس تیز، تجاوزات کے خاتمے اور صفائی بہتر بنانے کی ہدایت

لاہور (زیڈ این این) ڈپٹی کمشنر لاہور کیپٹن (ر) محمد علی اعجاز نے کہا ہے کہ مون سون سے قبل نکاسی آب کے تمام زیر تکمیل منصوبے ہر صورت مکمل کیے جائیں جبکہ عوامی سہولت کے تحفظ اور ترقیاتی کاموں کے معیار پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا۔ انہوں نے چیف آفیسر ایم سی ایل شاہد عباس کا لجپا اور اسسٹنٹ کمشنر شالیمار محمد عامر بٹ کے ہمراہ شالیمار ٹاؤن کے علاقے باغبانپورہ کا دورہ کیا، جہاں جاری ترقیاتی اسکیموں، سیوریج سرمور اور اسٹرم ڈرینگی کام کی پیش رفت کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اس موقع پر اسسٹنٹ کمشنر شالیمار نے بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ فیلڈ ٹیمیں ڈینگی سرویلنس اور صفائی ستھرائی کے لیے چوبیس گھنٹے متحرک ہیں۔ لاروا کی موجودگی کی نشاندہی پر اطراف کے 10 گھروں میں ان ڈور اسپرے بھی مکمل کیا جا چکا ہے۔ ڈپٹی کمشنر لاہور نے ہدایت کی کہ انٹرسٹریٹری اپ گریڈیشن کے لیے اعلیٰ معیار کا میٹریل استعمال کیا جائے۔

گراں فروشوں کے خلاف کریک ڈاؤن، متعدد دکانداروں کو جرمانے

اے سی صدر کا مارکیٹوں کا دورہ، سرکاری ریٹ لسٹ کی خلاف ورزی پر کارروائی کی گئی

لیاقت چیمبرز کے مطابق اسسٹنٹ کمشنر صدر نے مختلف دکانوں اور تجارتی مراکز پر فہرست کی فروخت، سرکاری نرخ ناموں کی دستیابی اور مقررہ نرخوں پر خلاف ورزی کی شکایات کا جائزہ لیا۔ اس موقع پر اسسٹنٹ کمشنر شالیمار نے بتایا کہ مارکیٹ کمیٹی کے ذریعے مختلف دکانوں کا دورہ کیا گیا ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ شہریوں کو معیاری اور مقررہ نرخوں پر خریداری کا حق دینا ہمارا اولین مقصد ہے اور اس میں کسی قسم کی رعایت نہیں برتی جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ مارکیٹ کمیٹی کے ذریعے شہریوں کو ریلیف فراہم کرن